اللہ نور السموات والارض

الحمد للہ والمنۃ کہ درین ایام فرخندگی فرجام کتاب نایاب المسمےٰ بہ

# کلیات میران شاہ

## حصہ اول و دوم

تصنیف

از افضل عمدۃ العرفا زبدۃ الکملا حضرت سید میران شاہ صاحب جالندھری

در مطبع مصطفائی واقع لاہور مطبوع گردید

# بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاالٰہی کھولدے عقدہ میرا
توسمیع اور بصیر ہے علیم
ذات ہے مطلق تیری پروردگار
اے مرے معبود عالم بے نیاز
خاتمہ بالخیر ہوا اے ذوالمنن
ہے تیری درگاہ مین یہ التجا
ازطفیل حضرت احمد نبی
اے کریم ذات پاک ذوالجلال
اے علیم ذات اللہ الصمد
آرزو کر اپنی رحمت سے قبول

ازبرائے حضرت شاہ ہدا
بس سوا تیرے نہین ہے دوسرا
شاد رکھ مجھکو طفیل مصطفےٰ...
کرعنایت اب مجھے صبر و رضا
تب کرون [illegible] شکر کا سجدہ ادا
کرمیر [illegible] لو محبت سے صفا
د [illegible] ت مجھے کردے رہا
[illegible] ل جنت ہو ہے میرا پیشوا
ہو مرے سر پر تیرا سایہ سدا
عشق مین تیرے میری جان [illegible] فدا

میران شاہ کو کر عطائے بے خودی
دین و دنیا مین رہے سودا تیرا

اے شہ لولاک نور کبریا
اشفع [illegible]
[illegible] سر الورا
[illegible] رب عرش نشین
[illegible] اسرار سب تم پر عیان
[illegible] دنیا کی ہو حاصل آبرو
روضۂ انور کی ہو زیارت نصیب
فخر انسان مالک جن و ملک
پیشوائے مرسلان مختار دین

اے شفیق یا محمد مصطفےٰ
اے رفیق بادشاہ انبیا
حق نے اپنے نور سے پیدا کیا
مخبر صادق ہو ختم الانبیا
کرعطائے شافع روز جزا
ہے یہی خواہش میرے دل کی سدا
سرور پیغمبران حق نے کیا
دوجہان کے ہادی راہ ہدا

میران شاہ جنکو کہے محبوب حق
اس سے آگے کیا کرون صفت و ثنا

یا پیر غوث اعظم سر تاج اولیا ہو
محبوب ہو الٰہی الفت کرو ہمارا

جو آپ کا ہو طالب کیا خوف روز محشر
و مریدی لاتخاف ہے آپ سے اشارا

تم ہو غریب پرور مین ہون غریب تیرا
دونو جہان مین تم بن کوئی نہین سہارا

دوئی کا وہم دل سے بہر خدا اٹھا دو
دیکھون جمال تیرا پنہان و آشکارا

تم آل مصطفے ہو اولاد مرتضے ہو
دلبند ہو حسن کے زہرا کے جگر پارا

دریائے فکر و غم مین لاچار ہو رہا ہون
دکھلاؤ **میران شاہ** کو دیدار کا نظارہ

ہر زمان فیض عام ہے خواجگان چشت کا
ہو سکے اوصاف کیا امکان شان چشت کا

روضۂ ہند الولی ہے ثانی عرش علا
سجدہ گاہ انس و جان ہے آستان چشت کا

کچھ نہین نسبت قدم سے کرسی محفوظ کو
بے نشان ہے فی الحقیقت خود نشان چشت کا

کثرت و وحدت بھی احدیت ہی اک ادنے مقام
ساکنان آسما ہے لامکان چشت کا

راز پنہانی سے محرم کیون نہ ہو شایق حضور
سب پہ ہے غالب سارا خاندان چشت کا

جسکو ہو جائے حضوری وہ ہوا فوراً اعظم
کس طرح رہجائے خالی عاشقان چشت کا

دیکھئے سر سر خفی ملتا ہے اس دربار سے
کیا ہوا سودا عجب یارو دکان چشت کا

ہستی مستی کا مطلق کچھ نہین فکر و الم
ماسوائے حق نہین ذکر و بیان چشت کا

**میران شاہ** ہو جائے ہر فی الفور وہان نظر عطا
جو ہوا مشتاق از دل و جان جان چشت کا

صحیح عاشق سدا ہون مین معین الدین چشتی کا
دل و جان سے فدا ہون مین معین الدین چشتی کا

مریض عشق ہون مطلق نہین پرسان کوئی میرا
با امید وا ہون مین معین الدین چشتی کا

بہر مظہر بہر صورت عیان ہے آپ کا جلوہ
جو مشتاق لقا ہون مین معین الدین چشتی کا

کرون مین کیا ثنا انکے کرے جو وصف حق انکا
گداؤن کا گدا ہون مین معین الدین چشتی کا

مجھے کیا خوف ہے یارو لگا ہون آپکے دامن
بری روز جزا ہون مین معین الدین چشتی کا

ہمہ جنت ہمہ فردوس رضوان آب کوثر مین
تجلی دیکھتا ہون مین معین الدین چشتی کا

رہے ورد زبان نام معظم **میران شاہ** اپنے
جو مرشد سے پڑھا ہون مین معین الدین چشتی کا

ساقیا مئے آتش سے وہم ہستی کا جلا
ایک قطرہ سے مجھکو مست اور بیخود بنا

شہر ابجی شعلم کی رہی جز ذات حق
وصل ہے اور ہمہ صنم کا شرب مطلق پناہ

عشق ہو جب چشم و زبان اور عشق ہو باطن عیان
کچھ رہی ہین تو نہ باقی ماسوائے ذات ہو
ایک دیکھون ایک بولون ایک جانون ایک ہون
کر عطا نظر عطا سے صبر و تسلیم و رضا

مستی ہستی کا نالون فکر کیا اور خوف کیا
نیز جمال جان جانان مین کھون مین کیا ہوا
کفر اور اسلام سے فارغ تو کر دیکھون بھلا
بے خطر ہون موت سے اور زندگی سے بے جزا

میران شاہ کر خاکساری کوچہ صابر علی
واصلان حق ہے وہان طور خود دربار کا

اے حبیب ذات اکرم یا محمد مصطفے
محرم راز الٰہی پیشوائے مرسلان
مین تمہارے نور سے روشن ہوئے شمس و قمر
جز تمہارے زیر دامن بس نہین مجکو پناہ
عاجزون کی مونس و غمخوار ہو ہر آن مین
صاحب لولاک ہو فخر ملائک انس و جان
گر ملے ایک قطرۂ دریائے وحدت سے مجھے
آستان مین آپکے روح الامین دربان ہے
اول و آخر وصی اور ظاہر و باطن وہی

اے شہنشاہ دو عالم رہ نمائے ہر گدا
شافع روز جزا ہو مظہر نور خدا
بخشئے دل کو ضیا اے مرشد صدق و صفا
ہو جمال روئے اطہر یا نبی بہر خدا
کیجئے مجکو بری عصیان سے با نظر عطا
اے قسیم جام وحدت مالک جود و سخا
صاف محویت مین ہو مجھکو تصور آپ کا
سجدہ گاہ ہر نبی و ہر ولی و اولیا
خوب سمجھا ہے تمہارے ذات ہو ذات خدا

میران شاہ مسکین عاجز پر خطا اور پر گناہ
ہو زیارت یا محمد یا طفیل مرتضےٰ

سدا دل مین تصور ہے علاؤ الدین صابر کا
کمال حسن نورانی جمال جلوہ رحمانی
شفیق اول و آخر رفیق باطن و ظاہر
کوئی پوچھے کہان کعبہ تو اسکو بھر بتا دو مین
جسے خواہش ہو قرب وصل حق ذات معلی کے
مریض ناتوان ہون مونس و ہمدم نہین کوئی

وظائف نام بہتر ہے علاؤ الدین صابر کا
مثال ماہ انور ہے علاؤ الدین صابر کا
سہارا روز محشر ہے علاؤ الدین صابر کا
شہر پیران کلیر ہے علاؤ الدین صابر کا
چلا جاوے کھلا دربار ہے علاؤ الدین صابر کا
دو عالم مین وہی گھر ہے علاؤ الدین صابر کا

سگ دربار عاجز بیکس و رنجور میران شاہ
سدا ساکن جلندھر ہے علاؤ الدین صابر کا

خیال خام ہے اے دل تجھے پیری جوانی کا
نہ خواہش حور و جنت کی نہ کچھ خوف دوزخ کا

بجز دیدار جانان کے مزا کیا زندگانی کا
بجز و سا جاہیے ... [illegible]

لنذ تو اپنی ہستی سے بری ہو وہم دوری سے — کہا ہے لامکان جسکو مکان ہے لامکانی کا
وہی احد وہی احمد وہی مولے وہی حامد — بتاؤ مجھکو اے یارو جہان مین اسکی ثانی کا
سمجھایا جسکو مرشد نے ہے الآن کما کان — اٹھایا بھرم دوئی کا وہم باطل ہے فانی کا
نہو نازان محبت مین بجز عجز و نیاز اے دل — محمدؐ کے نواسہ کو ملا قطرہ نا پانی کا

**رضاے جان جانان پر تو کر تسلیم میران شاہ**
**ازل سے تا ابد چرچا ہے شیرین زبانی کا**

وقت رحلت کے کسی کو جو خدا یاد آیا — عمر غفلت مین گئی آیا تو کیا یاد آیا
وصل مین ناز جو معشوق کسی نے دیکھا — ہاے فرقت مین اوسے نظر عطا یاد آیا
روز محشر کو عدالت مین جو نکلی تو پہ — ہاے کس وقت کیا اپنا خطا یاد آیا
عیش و عشرت مین عمر اپنی بسر ضایع کی — شکر اللہ کسی دم نہ ذرا یاد آیا
ہوے خاموش لحد مین جو ملائک پہنچے — کہا مردے نے مجھے راہ نما یاد آیا

**کیون نہو عقدہ کشائی جو تیری میران شاہ**
**جب تیرے دل مین علی شبر خدا یاد آیا**

عشق مین یار کے ہمنے نہین کیا کیا دیکھا — حسن دلدار کو دیدار خدا کا دیکھا
وہم دوری کا اٹھا راز حقیقت سمجھا — صاف الطاف و کرم راہنما کا دیکھا
جب کھلی آنکھ کھلی دل کی تو مین تو نہ ہا — ہمنے اس دل کو میان خانہ خدا کا دیکھا
جام مے صاف سے بیخود کیا ساقی نے مجھ — یہ طلسمات عجب نظر عطا کا دیکھا
مثل معراج ہے دلبر کے قدم کا سایہ — ہمنے سایہ کو میان عرش علا کا دیکھا
خوش نصیب اپنا ہوا دامن چشتی حاصل — واہ کیا سلسلہ تسلیم و رضا کا دیکھا

**اپنے ہونے سے فنا پہلے ہوا میران شاہ**
**خود فنا ہو کے مزا ذات بقا کا دیکھا**

ساقی پلاوے جام وصال شراب کا — مطلق رہے نہ نام و نشان تک حجاب کا
میخانہ ایک جام سے ہوتا نہین ہی کم — دیگا صلہ خدا تجھے کار ثواب کا
عاشق ازل سے یار کے حسن ازل کا ہو — محتاج ہو رہا ہون سوال و جواب کا
غالب ہے تشنگی مجھے فرقت مین یار کی — ہے گرد گان دل میرا جگر کباب کا
پایا نہین کسی نے ہی مطلب سحاب کا — دریا روان ہے بس میرے چشم پر آب کا

چل اب معین الدین سے کہدے تو میران شاہ
دربار ہے سخی شہ عالی جناب کا

اے صنم تو نے ستایا کیا ہوی میری خطا
کس لئے مکھڑا چھپایا کیا ہوئی میری خطا

عشق کے آتش نے پہوکا ہے میرا تن من ہجر
اسپہ بھی دل سے بھلایا کیا ہوئی میری خطا

رب ارنی کا وظیفہ ہو رہا ہے دمبدم
تا کبھے جلوہ دکھایا کیا ہوئی میری خطا

کر دیا مجنون و شیدا ہائے آوارہ وطن
دربدر تو نے رلایا کیا ہوئی میری خطا

اے بجن پھر خدا اب تو اٹھا مکھہ سے نقاب
اے مسیحا [illegible] اٹھایا کیا ہوئی میری خطا

سینہ بریان چشم گریان جان بلب فرقت کا غم
ہے یہی دل مین سمایا کیا ہوئی میری خطا

یا علاؤ الدین صابر میران شاہ فریاد کو
اپکے دربار آیا کیا ہوئی میری خطا

سجن مجھکو جمال اپنا دکھا دوگے تو کیا ہوگا
ذرا بہر خدا پردہ اٹھا دوگے تو کیا ہوگا

تڑپتا ہون میرے ہمدم مسیحا لے خبر میری
بالطاف سخن شیرین سنا دوگے تو کیا ہوگا

شراب شوق سے اک جام اے ساقی عطا کر دی
رہی مین تو نہ کچھہ باقی پلا دوگے تو کیا ہوگا

علی شیر خدا مشکل کشا للہ مدد کیجو
میرا مقصود یا مولا دلا دوگے تو کیا ہوگا

بہرو سا کچھہ نہین مجھکو سوا ذات مقدس کے
قیامت مین مجھے تم آسرا دوگے تو کیا ہوگا

جناب خواجۂ ہند والی چشتی شہ عرفان
بس اب وہم دوئی دل سے مٹا دوگے تو کیا ہوگا

یہی ہے دل مین حسرت میران شاہ مسکین جزکی
مجھے تم قید ہستی سے چھڑا دوگے تو کیا ہوگا

تیرے کوچے مین صنم طالب دیدار آیا
لیکے ہاتھون پہ نذر سر سربازار آیا

دل مین تھا شوق لقا کا جو ہلا بازنجیر
تو تو نہ آیا نہ نظر مین بدل زار آیا

پئے تسلیم جھکا مین تیرے قدمونکیطرف
تو تو بیرحم پکڑ ہاتھون مین تلوار آیا

بے خبر در پہ تڑپتا ہون مسیحا میرے
سر کے بل وصل کی خاطر تیرا بیمار آیا

غمزدہ کشتۂ دل ٹھوکرین کھاتے کھاتے
دیدہ بازی کے لئے اے میری دلدار آیا

ہوگیا ہائے فنا عشق مین تیری ساجن
اتنا افسوس ہے مجھہ پر نہ تیرا پیار آیا

ایدلی احمد مخدوم علی میران شاہ
عقدۂ دل کے لئے آپ کے دربار آیا

دل بھی دیا اور جان بھی دی تیرے لئے بدنام ہوا　　کہہ رے صنم اب کیا ہی کروں کون خطا ہے تو نملا
بے سرو سامان ہوکی تجھے ڈھونڈتا ہوں آوارہ وطن　　اب تو سجن نے میری خبر عشق مین تیری مرہی گیا
آنکھ لگی ہے تیر طرف چین نہین مجھے دن اور رات　　دیر ہوئی اب جانے دی آرے سجن تون تیری بلا
عشق کیا بیمار مجھے اب تو دکھا دیدار مجھے　　گلے لگانے یار مجھے وصل تیرا ہے میری دوا
کشتہ دل کیلئے اے یار تیغ و تبر ہے تیری نگاہ　　ایک نظر سے کیا فنا ہ واہ رے ساجن صلِّ علے

آہ و فغان سے میران شاہ دل سے ذکر کر صابر کا
شاہ شہان مین کلیر کے لینگے تجھے دامن مین لگا

ساقیا نام خدا جام محبت کا پلا ،　　جان بلب ہون تشنگی سے اور پریشان ہوگیا
جسکے پینے سے مستے سب کثرت دوہم دوئی　　کشتۂ خنجر کا صدقہ کر عطا صبر و رضا
ایسا ہون بیخود ولیکن ماسوائے ذات حق　　کچھہ رہی ہین تو نہ باقی جز لقائے مہ لقا
کر عیان وحدت کے ساری جو ہین اسرار نہان　　وصل مین غالب ہون ایسا نہ رہی اپنا پتا
محو ہو جاؤن مین ایسا ہی جمال یار مین　　نہ رہے مطلق خبر اپنے جو کیا تھا کیا ہوا
ہو ہوا ہستی کی ہستی پر خزان جبتک ہو　　جب نہ دیکھا جان جانان کیا ہوا اور کیا جیا
لامکان کی آرزو مین کیا مکان سے ہے غرض　　ہوکے ویرانے کا مجھکو سیر ہو نظر عطا
پس عقل جس جا نہ پونچی فکر وہان کیا میران شاہ　　قطرہ دریا مین ملا جب وہ بھی دریا ہو گیا

اے عشق عجب تو نے مزا آن دکھایا　　آوارہ وطن بے سرو سامان بنایا
کیا لطف و کرم ہمنے تیرے آنے مین دیکھا　　پل مین میری ہستی کا گلستان جلایا
جب کچھہ بھی نہ تھا یار و بھلا بولو کیا تھا　　وہ نور خفی حضرت انسان مین آیا
اے عشق محبت ہم تیری دامن مین پھنسی ہین　　آباد سے کھو کر تو نے ویران بنا دیا
کثرت سے اوٹھا کر تو نے اک جوش مین آکر　　وحدت کا جو رستہ تھا وہ آسان بنایا
وہ صلِّ علے کیا تیرا آنا ہوا بہتر　　دلدار کو دل مین تو نے اعیان دکھایا

میران شاہ تجھے عشق نے سرشار کیا ہے
جب حضرت شاہ بھیکہ نے دامان لگایا

عشق نے یار کے ہمین کیا ہی مزا دکھایا　　جو دل مین غیر تھا خیال ہستی کا سب مٹا دیا
حضرت عشق نے کرم جب سے کیا ہی آنکر　　پردہ اٹھاکے وہم کا دل مین صنم لبھا دیا
استادِ عشق نے مجھے تلقین بیخودی کیا　　اک الف کے سوا سبھی علم و عمل بھلا دیا

اس عشق مین مقام جو ذات محمدی کا ہے — مرشد کامل نے مجھے مسئلہ صحیح بتلا دیا

شکر خدا ہے میران شاہ جسکو وصال یار ہو
ساقی نے مجھکو جام مین بھر کے نشہ پلا دیا

طمانچہ عشق کا یارو اگر جسکو لگا ہوگا — وہ آہ سرد و چشم نم کمر خم دل جلا ہوگا
ستایا عشق نے یارو مجھے اس ماہ تابان کے — نہین مطلق کہین ایسا کوئی دیکھا سنا ہوگا
میرا دل ہے فدا ہونا صنم کا بیوفا ہونا — یہ سارا فیصلہ روز جزا پیش خدا ہوگا
نکل پردہ سے ای ساجن ذرا بہر خدا جلدی — تیری قدمون پہ یہ عاشق ایجان و دل فدا ہوگا
ارے قاصد میرا پیغام دلبر کو سنا دینا — جناب کبریا سرکار مین تیرا بھلا ہوگا
مین جب آیا تو تھا جیتا و لیکن نیم بسمل تھا — بس اب امید ہے مجھکو کہین مر کر پڑا ہوگا
نکر خوف و خطر روز حشر کا دلمین **میرانشاہ** — شفیع تیرا معین الدین چشتی رہنما ہوگا
پہلو کا ہے مہمان دل تیری الفت نے ہمارا — بدنام ہوا عشق مین بد نام تمہارا
اک جام محبت کا مجھے بھر کے پلادے — روشن ہو تیرے فیض کا عالم مین ستارا
باطن مین تصور ہے تو ظاہر مین جدائی — واللہ تیرے اس ناز و ادا نے مجھے مارا
دیدار تمہارا ہمین رویت ہے خدا کی — دکھلا دے عیان راز نہانی ہے نظارا
یا حضرت مخدوم علے احمد صابر — ہے کون بجز آپ کوئی اور سہارا
نا طالب دنیا ہون نہ عقبےٰ کی ہوس ہے — بس عشق سلامت رہے مطلب ہے یہ سارا

**میران شاہ** سدا آپکا مشتاق لقا ہے
ہر آن یہی آپ کے دربار پکارا ہے

عشق نے کیا ہی ہمین رنگ دکھایا واہ واہ — وہم دل غیر خدا دل مین بہلایا واہ واہ
کیا عجب لطف اٹھایا ہے فنا ہونے مین — حرف آلان کما کان سمجھایا واہ واہ
غرق دریا مین ہوئے جس کا کنارہ ہی نہین — اوس مین کیا گوہر نایاب ہے پایا واہ واہ
جب کھلی آنکھ تو دیکھا شمع سان روی صنم — مجھکو پروانے کی مانند جلایا واہ واہ
جان جانان کی محبت مین عجب محو ہوئے — جسکو بھولے تھے وہی یاد مین آیا واہ واہ
صاقی پیر مغان کا ہوا الطاف و کرم — بیخودی کا مجھے اک جام پلایا واہ واہ

کر ادا شکر خدا دل سے سدا **میران شاہ**
مجھکو صابر نے غلام اپنا بنایا واہ واہ

تیرے عشق نے ہنر مع لقار
مجھے بے خبر کو جگا دیا

کیا ایک دم مین طلسم کیا
خواب عدم سے جگا دیا

تیرے وصل کی امید مین
دونو جہان کو بہلا دیا

تیرے یاد بن نہین ایک دم
میکر دل مین کیا یہ سما دیا

لاحوت سے ناسوت مین
کیا تھا جو کیا نہ دکھا دیا

تیرے کوچہ مین ہے عجب مزا
گیا جو کوئی تو رلا دیا

صحرا و ملک و دیار مین
وحشی بناء کے پھرا دیا

مجھے جام مست شراب کا
نظر عطاء سے پلا دیا

مشکل ہے راز یہ میران شاہ
پیر مغان نے بتا دیا

ہے جب سے تشریف عشق لایا
مجنون وحشی مجھے بنا دیا

گیا جو کثرت سے سوے وحدت
وہ کون جانے وہان جو پایا

ہوئی جو مرشد کی نظر رحمت
کہون مین کس کو جو کیا سمجھایا

شراب گلگون سے جام بھر کر
کرم سے ساقی مجھے پلایا

کیا جو کلمہ سے صاف دل کو
جمال جانان نے تب دکھایا

رہا نہ مطلق جو فکر محشر
ہوا جو صابر کا سر پہ سایہ

فا ہنا کو جو خوب سوچا
نہ غیر کوئی نظر مین آیا

جو لامکان کا مکان دیکھا
تو بیچ دل کے بھن سمایا

اوٹھایا میران شاہ وہم دوئی
جو پیر چشتی کمال پایا

دلدار نے جب جلوہ پرنور دکھایا
پھر جب بشم دکھایا وصل کا دستور دکھایا

آگاہ کیا یار نے جب لطف و کرم سے
در ہر دو جہان صاحب مغفور دکھایا

ساقی نے مجھے جام پلا کر کیا سرشار
ہر ایک نشے اپنے سے معمور دکھایا

خود بیوک فنا ہمنے کیا سنگ دلی کو
موسی کو وہان زلزلہ کوہ طور دکھایا

جب سیر کیا عشق کے میدان کا ہمنے
سولی پہ چڑھا حضرت منصور دکھایا

قرآن مین وفی انفسکم حق ہے فرمان
اقرار کیے جنے خفا دور دکھایا

میران شاہ ادا شکر خدا کا ہم
مرشد بھی مجھے صاحب مقدور دکھایا

جب یار نے جلوہ دکھاہی دیا
سبنی کے چمن کو جلا ہی دیا
اک بادہ گلگون جام پلا
مجھے بیخود و مست بنا ہی دیا
جب یار نے اپنا یار کیا
سبھی خوف حشر کا مٹا ہی دیا
جب حضرت عشق نے کرم کیا
دلدار کو دل بین لبھا ہی دیا
یا بھیکھ ہے آپ کی نظر عطا
میرے دل سے حجاب اوٹھا ہی دیا
ہر مظہر جلوہ نور خدا . . .
تو نے اپنے ہی ہیچ دکھا ہی دیا

صد شکر خدا ہے میران شاہ
تجھے عشق نے یار ملا ہی دیا

ہم نے تو دلربا پہ میان دل فدا کیا
چاہے وہ اس بین سمجھے بھلا یا برا کیا
اس دل کے یار و مالک مختار ہم نہ تھے
شکر خدا کہ مال امانت ادا کیا
اس دل پہ منحصر نہین دونون جہان تلک
ایمان و جان دل کو بھلا کب روا کیا
ہم کچھ نہین تو کچھ ہے تو مطلق ہو دلربا
ناسوت کا ہے نار کہ ہمکو منوا کیا
بیہوش ہین خبر نہ سر و پا کی ہے ہمین
ساقی نے جب ہے بادۂ نظر عطا کیا
بہر خدا تو آ تو صنم میرے سامنے
ہم نے تمہارا کیا ہے گناہ اور خطا کیا

میران شاہ اتنی چشم پر آبی ہے کس لئے
منظور خاندان اگر چشتیا کیا

اے سجن نام خدا دل مست سا
عشق مین رنج و الم کیا کیا سہا
ہو گیا حال جنون شیدا اے عشق
آتش فرقت سے تن من جل گیا
بس ہوا ہے بس صنم اب کیا کرون
دل تیری زلف سیاہ مین جا پھنسیا
نا خبر اپنی نہ عالم کے رہی
مست دیوانہ مین ایسا بن گیا
ہو گی حیران و پریشان کو بکو
ڈھونڈھتا پھرتا ہون تجھ کو جابجا
کس لئے اتنا تقاضا وصل کا
مین فنا بالنفس تو حی البقا

میران شاہ بس طول تیرا فضول
خوش بگو یا مرتضیٰ شیر خدا

اے یار مجھے عشق کا آزار ہے تیرا
نسخہ میرے آزار کا دیدار ہے تیرا
اکبار سجن بہر خدا میرے خبر لے
فرقت سے شب و روز یہ بیمار ہے تیرا
بسمل سا تڑپتا ہون صنم تیری گلی مین
پردہ سے نکل دیکھ طلبگار ہے تیرا

یہ ہجر تیرا مجھکو قیامت سے غضب ہے
گرنا ہو سو کرے کہ سزاوار ہے تیرا
اس عشق کے بیمار کو دیدار دکھا دے
ایمان دل وجان سے بلہار ہے تیرا
یارب میرا مقصود دلا اپنے کرم سے
یہ بندۂ ناچیز گنہگار ہے تیرا

**میران شاہ** نہ کر دل میں خطر رنج والم کا
جب حضرت شہ بھیکھ مددگار ہے تیرا

عشق میں جانان کے جو مشتاق قایل رہا
مثل بلبل حسن گل دلبر کا سایل ہو رہا
کوچہ جانان میں ہو چکا گذر پھر لقا
شعلہ تیغ نگہہ کو دیکھہ گھایل ہو رہا
حال فرقت بس وہ جانے جسکو ہو ہجر صنم
پھر کہے عاشق تیرا کیون رنگ زایل ہو رہا
یار کے قدمون پہ سر رکھ کر کہے شکر خدا
مذہب رندون میں یہ قطع مسایل ہو رہا

خاندان چشت میں داخل ہوا جو **میرانشاہ**
حضرت شاہ بھیکھ کا دل سے وہ قایل ہو رہا

صنم کے کوچہ میں اے دل ذرا سنبھل جانا
چمک کو دیکھ کہیں پاؤں نہ پھسل جانا
صنم کا رخ تو مثال شمع کے روشن ہے
اگر طلب ہے تو پروانہ بن کے جلجانا
کمان ابرو میں جو ڈالے تیر مژگان کا
جو خاک لوٹ دہ بنا دے کہیں نہ ٹل جانا
جمال کرنے سے عاشق جو مست ہوتے ہیں
یہی بتون کی ادا ہے نظر میں چھل جانا
وہاں تو مرتبہ صبر و رضا کا حاصل ہے
قبول ہے تو مبارک ہے باعقل جانا

اک اور پند و نصیحت میری ہے **میرانشاہ**
جو شاہ بھیکھ بلاوین تو سر کے بل جانا

اے عشق تو نے کیا ہے تماشا دکھا دیا
اک پل میں مجھکو بے سر و سامان بنا دیا
سالک ہوں مست ہوں کبھی حالات رند ہوں
دلدار کی تلاش میں در در پھرا دیا
اے عشق کیا کہوں تیرا ایسا ہی جوش ہے
شعلہ ساہن کے دل کو بھڑک کر جلا دیا
اے عشق میں سدا تیرا احسانمند ہوں
حسن و جمال یار کا دل میں دکھا دیا
اے عشق کیا عجب تیرا لطف و کرم ہوا
وہم و خیال ہستی کا دل سے اٹھا دیا

**میران شاہ** شکر اب تجھے لازم ہے عشق کا
تجھہ کو جناب چشت کے دامن لگا دیا

خبر لو یا علاء الدین خدا را
تمہارا ہوں تمہارا ہوں تمہارا
دو عالم میں بجز تو ذات عالی
نہ مونس ہے نہ ہمدم ہے ہمارا

بھلا مین کس طرح مد نظر ہون / پڑا پھرتا ہون حیران حال مجنون

لکارا ہون لکارا ہون لکارا / آوارہ ہون آوارہ ہون آوارا

سدا ہون آستان بوسی کا مشتاق / زمین کلیر کی ہے عرش الٰہی

ندانم غیر صابر یا سوا را / تیرا روضہ مبارک ہے ستارا

رواں ہے فیض کا دریا جہان مین / کرو عزت نوازی ہر بلا مین

نہین مطلق کہین جسد کا کنارا / بیچارہ ہون بیچارہ ہون بیچارا

دکھاوے میران شاہ کو راہ وحدت

طفیل مصطفےٰ و مرتضےٰ را

اب تو دیکھا دیدار پیا تیرے نازو ادا نے مار لیا / بے سر و سامان ہو کے تجھے ڈھونڈ تا پھرتا ہون ناداں

زلف تیری نے مار گئے دل میرا اکو صنم بیمار کیا / بہر خدا اے جان جہان پردہ اٹھا کے مکھ دکھلا

صل علےٰ اے روئے قمر تیرے ہجر نے پھوکا جان جگر / لطف و کرم سے آری صنم بدنام ہوا مین تیری لئے

اپنے بلا سے جا نبیدی ہی ماہ لقا یہ جورو جفا / اب بھی پلاوے جام وصل تو شاہ شہان مین حال گدا

دل کی حقیقت کسے کہون مین ہی بت کا فرد یرو / فرقت غم سے بیکل ہون اب تو دکھا دے حسن لل

عشق مین تیری ہوا فنا اے میرے پیاری سار لو یا / وصل خدا ہے وصل تیرا اے سر تا پا جلوہ دکھا

میران شاہ یہ آہ و فغان کب صابر کو دیجے بیان

زبان سے میکی دا دیجے ذات ہے انکی بحر سخا

جب سے دلبر کا آستان دیکھا / جس نے اس در کی خاکساری کی

تھا جو دشمن وہ مہربان دیکھا / اس گدا کو شہ زمان دیکھا

جب سے دیکھا مقام وحدت کو / کیا کہون عشق کا مین لطف و کرم

نہ دوئی کا کہین نشان دیکھا / دل مین دلبر کو بے گمان دیکھا

جسکو کہتے ہین صورت انسان / کیا ہین دلبر کے خوب ناز و ادا

لامکان کا وہی مکان دیکھا / کہین ظاہر کہین نہان دیکھا

میران شاہ کی طبع رسائی کا

اس جہان مین نہ قدردان دیکھا

جلوہ دکھلا گئے یار وہ پیار ادھر گیا / فرصت کہان جو میری مصیبت کو سن سکے / کس سے کہون مین اسکی محبت کی راز کو

مین اس ادا کے ناز سے بیمار ہو گیا / صدہا تو اس صنم کا خریدار ہو گیا / کتنا چھپایا یہ لا ابن گفتار ہو گیا

اسلام کفر چھوڑ دیا اس کی دید مین / یکسان مجھے یہ تسبیح و زنار ہو گیا
دل جا پھنسا جو یار کی زلف سیاہ مین / مین اپنے اختیار سے لاچار ہو گیا
صورت جو اس صنم کی جو ہو آپ ہو فنا / وہ رفتہ رفتہ محرم اسرار ہو گیا

---

میران شاہ ہوئے سوئے نجف یون پڑی
مشکلکشا کے نام پہ بلہار ہو گیا

---

عجب تو نے نینون سے گھونگٹ اٹھایا / کہ ہر رنگ مین اپنا جلوہ دکھایا
کہین ہو کے ساقی دیا جام پر کر / کہین آپکو مست بیخود ہے بنایا
نشان بے نشان اور مکان لامکان ہے / کہین شکل انسان مین آدم بنایا
کہین ہو کے مجنون کہین حسن لیلے / کہین عشق ہو کر کے تن من جلایا
بجز تیری ہستی کہون کیا وہ کیا ہے / کہین تجھ سوا اور نہ دیکھا نہ پایا
جدھر دیکھتا ہون ادھر تو ہی تو ہے پیاری / نظر مین نظر کوئی تجھ بن نہ آیا

---

تو کر شکر میران شاہ ہر دم پیارے
تجھے پیر چشتی نے دامن لگایا

---

صابر تمہارے قدمون پہ سر کو فدا کیا / فریاد کس گناہ سے مجھکو بھلا دیا
معراج عرش کی مجھے کلیر کی خاک ہے / جب سے خیال خام کو دل سے اٹھا دیا
آتی ہے بوئے خلد تیرے آستان سے / اوس بوئے خوش نما نے مجھے کیا سمجھایا
مخدوم ہو جہان کے مین خادم ہون آپکا / کیون آتش فراق سے ہمکو جلا دیا
ہو کوئی قطب غوث ولی کوئی اولیا / ہمنے تو عشق آپ کا پانا تھا پا لیا
دنیا و دین مین لاج و شرم ہے میری تجھے / سب در کو چھوڑ آپ کا دربار آ لیا

---

روز حشر کا خوف اسے کیا ہے میران شاہ
صابر نے جسکو سائے مین اپنے چھپا لیا

---

اے میرے مہ لقا اے میرے پیارے آجا / مظہر نور خدا عرش کے تارے آجا
حق نے بخشا تجھے لولاک لما کا رتبہ / روز محشر کے غریبون کے سہارے آجا
ہے قسمت جو مدینہ کی زیارت ہو وے / خود کرون چاک مین انکھون سے نظارے آجا
عشق کی آتش سوزان نے جلایا تن من / اٹھتے مین دل سے جو آہون کے شرارے آجا
ہادی راہ نما مرشد مولا میرے / بحر غم سے میرے کرنے کو کنارے آجا
علم ظاہر مین محمد ہو تو باطن مین خدا / کیا سمجھائے ہین یہ امت کو اشارے آجا

میران شاہ خادم درگاہ معلے ہو غریب
دمبدم آپ کے دربار پکارے آ جاۓ

ارے عاشق تو ذرا عشق کمایا ہوتا — حسن محبوب مین دل اپنا جلایا ہوتا
گرچہ تھی تجھکو طلب عالم یکتائی کی — پردۂ ہستی موہوم اُٹھایا ہوتا
عشق بازی مین رہی ہمت عالی تیری — مژدۂ دل کو کسی نے نہ سنایا ہوتا
راز مخفی کے عیان کرنے سے منصور ہوا — آپ کو ہستی خالق نے چھپایا ہوتا
ارے واعظ تجھے کیا پند و نصیحت سے حصول — عشق بازی مین ذرا دل تو لگایا ہوتا
کفر اسلام کے جھگڑے مین نہ پڑا ہی زاہد — مشرب حالت رندانہ سبھایا ہوتا

میران شاہ شکر ہوا دامن چشتی حاصل
سوۓ اجمیر ذرا سر کو جھکایا ہوتا

حسن دلبر کو حق نما دیکھا — جلوہ دیدار جابجا دیکھا
جب سے پردہ نہان کھلا دلمین — اپنی ہستی کو ناروا دیکھا
جام ساقی سے جسنے نوش کیا — بس اسی ہم نے بے ریا دیکھا
جب کہ وہم و خودی کی بو نہ رہی — آپ کو آپ مین خدا دیکھا
احد احمد سے جب کیا ثابت — دل سے دوئی کو جب اٹھا دیکھا
نحن و اقرب سے جب ہوئی ماہر — ناکہین حق کو ماسواے دیکھا

میران شاہ کیا تری رسائی ہوۓ
پیر کامل جو چشتیا ....... دیکھا

اے عشق تو نے کیا ہی تماشا دکھا دیا — وہم و خیال ہستی کا دل سے مٹا دیا
جس دل مین لو لگی ہے صنم کے وصال کے — غیر از خدا لباس تعین جلا دیا
اے عشق کیا کہون مین جو احسان ہی تیرا — جو کچھ کہ مجھ مین گم تھا مجھ مین لبھا دیا
بس اب تو مین نہین ہون بجز شوخ دلربا — روح و مثال جسم مین جو تھا سمجھا دیا
غالب ہوا جو عشق جناب امیر کا — سر اپنا ہمنے سوۓ نجف کو جھکا دیا
حل علے شراب محبت کے جام نے — پیتے ہی اپنے آپ سے فوراً بھلا دیا

میران شاہ پیر چشتی کے در کا غلام ہون
کیا کیا دکھایا اور مجھے کیا کیا سنا دیا

اے مہ سیکر ماہ لقا ہیں تیرا اظہار ہوا — اپنا دیدار دیکھا

غم فرقت سے شب و روز دل افگار ہوا
بے خبر مین تو ترے ہجر مین بیمار ہوا
نہ کبھی لطف و کرم سے میرا غمخوار ہوا
کوچہ و شہر بیابان پھرایا ہے مجھے
عشق کی آتش سوزان نے جلایا ہے مجھے
دل گیا ہاتھوں سے واللہ کچھ انکار نہین
اتنا افسوس ہے ابتک تو خبردار نہین
دل میرا لیکے سجن تو نے عجب کام کیا
دل ستانے کے لئے کیا ہی سرانجام کیا
عشق مین تیرے سہا مینے بہت رنج و الم
اب ہی نام خدا مجھ پہ نہ کر اتنا ستم
میران شاہ سید شاہ بیکس ہو کر حال بیان
آبرو رکھ لے میری بہر خدا ہر دو جہان

کر عطا بہر خدا
سخت آزار ہوا
واہ قسمت کا لکھا
کیا ستایا ہے مجھے
تجھ سوا کچھ نہ رہا
اسمین تکرار نہین
ابتو کر غور ذرا
سخت بدنام کیا
ہے یہی میری سزا
اے میرے پیارے صنم
عفو کر میری خطا
حسرتین دل کی عیان
مدعا دل کا دلا

صنم کے عشق نے مجھکو ستایا
نہ خط بھیجا نہ خود تشریف لائے
مین ہون مشتاق دیدار و لقا کا
نہ شب کو نیند نہ آرام دن کو
نہین دیکھا کوئی آزاد اب
مرا جو آگے اس مرنے سے یارو

ہجر کی آگ نے تن من جلا دیا
خدا جانے یہ کیا دل مین سمایا
نہ عاجز کو جمال اپنا دکھایا
مثال مست گلیون مین پھرایا
نہ آپ آئے نہ مجھکو وہان بلایا
اسے دیدار جانان نے دکھایا

تصدق پیر کا جو میران شاہ نے
کفر اسلام کا جھگڑا مٹایا

سجن تمہارے عشق مین عجب یہ مزا دیکھا
مین جان بلب ہون دیکھ لے تجھے قسم خدا کی
ملک زمین مین دیکھ کر پکارے آسمان پر
صنم ذرا نقاب کو اٹھا کے مکھ دکھا مجھے

ایمان جان و تن دیا پھر بھی خفا دیکھا
یہ دیری سے ہی آپکے قدم پر پڑا دیکھا
مریض عشق یار کی گلی مین رلا دیکھا
کسی نے ایسے چاند کو ہمیشہ چھپا دیکھا

میران شاہ سجن پیا کی یاد مین ہمیشہ رہو
دیدار کیا موسے نے کوہ طور جلا دیکھا

قسم خدا کی سجن کا ملنا بہت ہی مشکل ہے جمال دیکھا
نکلکے ہستی سو ہوکے بیخود مثال مجنون وصال دیکھا

پلایا ساقی نے جام وحدت کا ہاتھ پیر جسکو یارو
تمام عالم کا پیر و مرشد نظر مین اپنی کمال دیکھا

صنم کا دیدار جسنے دیکھا دوئی کا پردہ اٹھا کے یارو
تو غیر بولو بہلا کہان ہی کہ جسنے جز حق جمال دیکھا

کیا ہے لولاک جسکی خاطر اسی کا جلوہ ہی ہر طرف مین
بتاؤ یارو بہلا کسی نے کہین نبی کی مثال دیکھا

کیا ہی قربان اپنا تن من ولی محمد امیر النسا نے
ہوا جو عاشق کوئی صنم کا تو اسنے پنج و ملال دیکھا

کیا صنم نے غل مچایا
جو نہ تھا سو کر دکھایا

عشق سے جب کن پکارا
پل مین یہ سب کچھ بنایا

جو کہ تھا اسرار پنہان
آشکارا کر دکھایا

جب کیا آدم کو موجود
تھا عدم دم مین سمایا

کیا عجب ناز و ادا سے
حضرت انسان مین آیا

صورت یوسف مین چھپکر
کیا زلیخا کو رجھایا

کرہین مجنون و شیدا
دربدر کیا کیا رلایا

خود انا الحق آپ بولا
ار سولی کا سنایا

تھا وہی سب کچھ وہی ہے
احد احمد بن کے آیا

کیا محبت نے طلب مین
سارے عالم کو بجھایا

اٹھ گیا جب وہم دوئی
دل مین بس دلدار پایا

میران شاہ دربار اپنے
مجھہ کو صابر نے بلایا

ہمنے دلبر کو میان دل ہی مین بس جان لیا
خوب پہچان لیا

عشق نے جبسے عطا لطف عرفان کیا
کیا ہی احسان کیا

پہوک ڈالا ہے یقین کا محبت نے لباس
ہوئی کثرت وحدت

وہم دوری نے تو کیا مجھکو پریشان دیکھا
سخت حیران کیا

جام مینے صاف سے ساقی نے عطا فرمایا
کیا ہستی نے حق حق

دیکھو بے نام و نشان ہو کے دسرشار کیا
غیر ویران کیا

بت پرستی جسے کہتے ہین انہین غلط
حق پرستی ہی وہی

اپنے ہونے سے میان آپکو جب خاک کیا
خوب فرمان کیا

میران شاہ راز نہان کر دی کیا تجھکو حصول
پیر چشتی نے عطا مسئلہ عرفان کیا
بس کر دو دلکو ملول
کیا تجھے دان کیا

ایسے گئے ہم یار و کسی کے بھی رہے نا
ہم کہنے سے چھوٹے کوئی ہم کو بھی کہے نا

جب سے کہ ہوا عشق حقیقت کا ٹھکانا
نا یار پرانے رہے اور آگئے نئے نا

جب چشم کھلی دل کی تو پہچان مین آیا
بن مرشد کامل کہین آئے گئے نا

بازار محبت مین بکے بے زر و قیمت
محبوب سوا اور کوئی کوڑی کو لئے نا

دریائے فکر و ہم سے ہو پار گئے ہم
صدمے بھی سہے ایسے کوئی اور سہے نا

نہ خواہش جنت ہے نہ دوزخ کا حذر ہے
اس جا نہ ٹھہرے ہونگے جہان یار کہے نا

میران شاہ عجب نازک جا ہے قدم اپنا
پہنچے نہ وہان جن و ملک شمس و مہے نا

دل زلف دلربا مین گرفتار ہو گیا
رسوا خراب کوچہ و بازار ہو گیا

اے دل سنبھل عشق کی باریک راہ ہے
بھلا کوئی تو داخل فی النار ہو گیا

کس سے کہون مین دل کی جو کچھ کہ لین ہو میرے
سر نہان بیان سے دشوار ہو گیا

دل مین پڑا جو عکس رخ پاک یار کا
حتی علی کہ مطلع انوار ہو گیا

جب سے جناب عشق کا دل مین اثر ہوا
ہستی کے وہم غیر سے بیزار ہو گیا

اے دل ہزار شکر کہ ناچیز تھا وے
قسمت مین تیری صابری دربار ہو گیا

لازم ہر ایک دل کی ہے تعظیم میران شاہ
تو تو جناب چشت پہ بلہار ہو گیا

اے یار تیرے عشق نے حیران بنا دیا
آباد سے نکال کے ویران بنا دیا

بھاتی نہین ہے مجھکو جدائی صنم تیری
زلف سیاہ دکھا کے پریشان بنا دیا

کوچہ تیری مین بھول کے دیجان آگئی
مژگان کا تیر مار لب جان بنا دیا

تاثیر کیا عجب ہی تیری عشق مین صنم
رسوا خراب خستہ میری جان بنا دیا

یوسف کی طرح رات کو خواب وصل مین آہ
اب میران شاہ کو مثل زلیخا بنا دیا

یار کی زلف سیاہ مین جو گرفتار ہوا
بس اسے جلوۂ حق یار کا دیدار ہوا

ہو گئے دل کی سبھی اب دو رخیان باطل
ایک دم مین بت کافر سے جو دو چار ہوا

جان دی مجھے فریدے نے بس چاہ مین جسکی یارو
اپنے یوسف کا وہی عین خریدار ہوا

خویش و بیگانے مین کیا فرق وہ بھی یار و
پیتے ہی جام محبت کا جو سرشار ہوا

شرک ہے اسمین جو کچھ آپکو سمجھے مین ہے
غیر حق گذرا جو اک دم تو گنہگار ہوا

جسکے آئینہ مین ہر کثرت و وحدت نکسیا
ہمہ صورت ہمہ تن واصل دلدار ہوا

میران شاہ محرم اسرار ہین واللہ وہی
سرنگون جاکے وہ صابر کے جو دربار ہوا

مدت ہوئی ابتک وہ میرا یار نہ آیا
دل لیگیا پر دینے کو دیدار نہ آیا

کافر ہی ہوئی اس بت کافر کیلیے ہم
ڈالا ہے گلے عشق کا زنار نہ آیا

دیوانہ ہون مین حل جنون بے سر و سامان
لو کرگے مجھے ہجر کا بیمار نہ آیا

ایمان و دل و جان تک کردیا قربان
پر مونس و ہمدم مرا غمخوار نہ آیا

اے باد صبا تو میرا احوال کر اظہار
افسوس کہ وہ محرم اسرار نہ آیا

مشتاق سدا ہم تو ہین اس حسن ازل کے
وہ شوخ نظر ثانی تلوار نہ آیا

میران شاہ تو اب حضرت صابر کو سنادے
مفلس ہون بہت اس لئے دربار نہ آیا

ساقی پلادے جام شراب طہور کا
معلوم فیض عام ہو نام غفور کا

پینے سے جسکے صاف ہو دل وہم غیر سے
جز نور دل سے دور ہو عالم ظہور کا

محو جمال یار کے حاصل ہو بے خودی
مٹجائے دل سے نقش خودی اور غرور کا

پہونکا ہے مجھکو ہجر کی آتش نے برملا
ملتا ہے یہ مزا مجھے اپنے قصور کا

من عرف نفسہ کی مجھے رمز ہو حصول
باقی رہے نہ دل مین میرے وہم دور کا

میران شاہ جلد تو سوے اجمیر ہو رواں
لے دیکھ جاکے روضۂ انور حضور کا

## ردیف ب

کیا جانے کہ وہ میرے ہمدم ملینگے کب
آواز آرہی ہے کہ جیتے مرینگے جب

ہوش و حواس اڑگیا فرقت مین یار کی
کس طور دل سکون کوئی آتا نہین ہو عجب

یارب ترے کرم سے نہ خورشید ہو غروب
امید وصل یار مین مشکل کٹے ہے شب

ہے جو عشق یار مین رنج و الم سہے
تن و بدن بھی سنکے وہ ہوتی ہین مضطرب

آتی ہو دلمین کوچہ جانان مین جان دین
اٹکی تن مین جان وہ جب کہولینگے کب

وہ دلربا حشر کو حسن عجیب دکھائینگے
مردے تمام صل علیٰ بول اٹھینگے سب

خواہش نہ حور کی ہے نہ جنت کی میرانشاہ
لے خاک اسکے کوچہ کی تن کو ملین گے تب

مشکل تمام رنج سے ہے عشق کا عذاب
عاشق ہے تن برہنہ تو معشوق بانقاب

معشوق مست چشم تو مسند نشین ہے
عاشق بیچارہ ہو کرین کیا کر ہوا خراب

عاشق کا دمبدم پئے دیدار ہے سوال
معشوق اپنے رو سے اٹھاتا نہین حجاب

اگر صنم جو لطف و کرم سے ملے ہمین
شکر خدا کرین جو دعا ہو یہ مستجاب

گر نام اُس صنم کا زبان سے جو لے کوئی
صد بار دہولے اپنے دہن کو وہ باگلاب

وہ شوخ اپنا حسن ازل ہی کہین دکھائے
خورشید ہو سیاہ تو شرمندہ ماہتاب

میران شاہ اب روانہ نجف کی طرف ہو تو
حامی ہین تیرے میر عرب ابن بوتراب

دل من فراق یار مین جل کر ہوا کباب
کیونکر جلے نہ آتش ہجران ہے بیحساب

ایمان جان و تن بھی فدا دل فدا کیا
افسوس ہے کبھی نہ اٹھایا ذرا نقاب

اک پل مین اس صنم سے پلک اڑ گئی میری
اس ماہ روئے رخ پہ اسی دم لیا حجاب

کوچہ مین اس صنم کی ہوا جو کوئی شہید
وہ جانے اسکے خنجر مژگان کی آب و تاب

پیغام وصل یار کا کہدے اگر کوئی
جاگے میرا نصیب خدا دے اسے ثواب

گلزار رخ صنم کی کہلی زلف کی کلی
لو لگ گئی وہ جسکو تو مطلق رہو نہ تاب

میران شاہ وصل یار کا ہے مجھکو عین عید
گر منھ دکھائے اپنا صنم مثل ماہتاب

اے عشق تو نے مجھکو ستایا یہ سبب
ہر کوچہ شہر مین ہے رلایا یہ کیا سبب

لگتے ہی آنکھ ہمنے سہے سینکڑون الم
پھر آتش ہجر مین جلایا یہ کیا سبب

بس اب تو اس صنم سے یہ اپنی ہے آرزو
اپنا بناکے دل سے بھلایا یہ کیا سبب

دکھلاکے جلوہ ایک پری رو جمال کا
دنیا و دین سبھی تو نے اٹھایا یہ کیا سبب

اسلام کفر چھوڑ لیا ہے تمہارا در
شکوہ جو کچھ ہے من مین سمایا یہ کیا سبب

میران شاہ تجھکو دیکھ کے سب لوگ کہتے ہین
آنکھون سے اتنا خون بہایا یہ کیا سبب

عشق نے کیا ہے دکھائی مین مقامات عجب
کیا کہون کیا ہے سمجھائی مجھے اک بات عجب

مین نہین حسن ازل یاد کا ہر جا ہی ظہور
عشق بازی مین یہ کافی ہے کرامات عجب

حضرت عشق کا کیا وصف قلم سے ہو رقم
دم ہستی کے ہو جانے کی علامات عجب

دل و جان تن کے جلانے مین نہین اسکو حذر
دیکھو کیا طور ہے کیا ناز ہے کیا گھات عجب

عشق مین آب و غذا خون جگر ہے یارو
بیخودی مین جو بسر ہو تو ہے اوقات عجب

عشق ساقی ہو کرے جام جسے لطف عطا
کون جانے ہو کہ مین مستون کی حالات عجب

میران شاہ کر تو ثنا دل سے جناب چشتی
یہی کافی ہے مدح اور مناجات عجب

## ردیف ت

ہے دل مین لکھون احمد مرسل کی مناجات
سب تن کی زبان سے کہین صلوات پہ صلوات

انا احمدؐ بلا میم ہے اک حرف کی فرقت
وہ حرف اٹھا دیکھو تو اک ذات ہی اک ذات

جب عرش خدا پر گئے احمد پئے معراج
کیا خوب ملاقات ہوئی یارو ملاقات

بس اول و آخر ہے وہی ظاہر و باطن
بولو تو بھلا یارو یہ کیا بات ہے کیا بات

جس رات ہوئی ذات محمدؐ کی حضوری
وہ صل علےٰ رات وہ کیا رات ہی کیا رات

حضرت کی جدائی سے تو جینا ہوا مشکل
یارب کہین آجائے میری مرگ مفاجات

اقرار لیا بخشش امت کا خدا سے
کیا لطف و کرم کی ہے عنایت کا مقامات

مین بندہ ناچیز ہون عاجز وہ ہے معبود
واللہ یہی اپنی ہے سو بات کی اک بات

میران شاہ رہے دلمین صبر کلمہ زبان پر
صابر گے گھر آئینگے یہ اوقات ہے اوقات

کہون مین کس کسے در اپنی حقیقت
دکھائی عشق نے جو جو مصیبت

یہ بازی عشق کی ہے جان بازی
کوئی مرد خدا کھیلے یہ ہمت

کوئی پوچھے مزا کیا عشق میں ہے
کہون یارو اذیت ہے اذیت

ہوا جب عشق آکر دل مین داخل
رہی ظاہر نہ وہ میری حیثیت

جناب حضرت شاہ کھڑا ہے
اگر نیگے آگے وہ میری حمیت

ملی ہے عشق بازی میران شاہ کو
یہی ہے ذات باری کی مروت

اس عشق مین کیا خوب یہ ظاہر ہے کرامت
دم سرد بدن زرد اور انکھون مین تراوت

اس عشق مین ہفتاد مراتب ہیکے موئے
اس عشق مین دو کر دئے فرزند سخاوت

اس عشق مین یعقوب نے کی نالہ زاری
اس عشق مین یوسف کو ملی چاہ مین راحت

اس عشق کی حالت کوئی منصور سے پوچھے
سولی پہ ادا شوق سے کی حق کی عبادت

اس عشق کا انجام کوئی گر مجھے پوچھے
شبیرؑ نے در کرب و بلا پائی شہادت

ایران مین تنہا قیس ہوا عشق مین مجنون
لیلی کی ہوئی عشق مین برباد شرافت

اس عشق نے اسرار خفی کر دیئے ظاہر
اس عشق مین ہوتی ہے محمدؐ کی زیارت

اس عشق مین صابر سے ہو جس شخص کو الفت
دوئی کا اوٹھے وہم خدا سے ہو رفاقت

ثابت جو رہا عشق مین وہ مرد خدا ہے
**میران شاہ** دیکھا تو بھی ذرا اپنی شجاعت

امید وصل جانان مین کٹی کیون دلفدا کی رات
قضا سے طول ہو جاتی ہے ہجر آشنا کی رات

مریض عشق کا دارو نہین ہے جز جمال یار
شفائی الفور ہے بس خاص وصل دلربا کی رات

چڑھا کر تیوری ساجن گئے مجلس رقیبون مین
ہمارا آسرا تو ہے فقط واحد خدا کی ذات

دکھا کر پٹ الٹ گھونگھٹ کے مستانہ کیا مجکو
رہا مین کر دین لیتا کہ جیسے ہو قضا کی رات

ہوا کیون چار دن کی زندگانی پر یہ جن نازان
سرون پر موت پھرتی ہے سدا اپنی لگائی گھات

شب اول کہون مین قبر مین منکر نکیرون سے
ٹھیر جاؤ یہی ہے آمد ماہ لقا کی رات

ہوئی خورشید کی آمد ہو بس خاموش **میرالشاہ**
صنم کی انتظاری آہ و زاری مین ادا کی رات

بھاتی ہے مرے دل کو سدا یار کی صورت
بس قابل دیدار ہے دلدار کی صورت

فرقت مین سبھی ہوش و ہوا اڑ گئے یارو
دیکھو تو کوئی اُن کے بیمار کی صورت

کس طور مین یون یار کے قدمو نکی بلائین
ہون اپنے گناہون سے شرمسار کی صورت

غلطان ہون تیری چاہ مین آای میرے یوسف
ہے ہجر تیرا دل مین میرے خار کی صورت

مین تو تیرے کوچہ کی سدا خاک ہے چھانی
پھر مجھکو نظر آئے نہ کچھ پیار کی صورت

جینے کا مزا کچھ نہین جز وصل صنم کے
آئے ملک الموت تو غمخوار کی صورت

**میران شاہ** تو اب حضرت شاہ سے یہ کہدے
آیا تیرے دربار ہون لاچار کی صورت

## ردیف ث

مجھے ہے ہر دو عالم مین تمہارا آسرا یا غوث
کیا ہے مینے تمہارے نام پر تن من فدا یا غوث

تمہارے ذات عالی کے سوا حامی نہین کوئی
ہے بس دل کی یہی حسرت کرو نظر عطا یا غوث

مدد یا قطب ربانی مدد محبوب سبحانی
مدد کر بحر حقانی طفیل مصطفےٰ یا غوث

مدد یا پیر پیرانی مدد یا شاہ جیلانی
کرو مشکل کو آسانی جگت کے پیشوا یا غوث

مجھے تم بحر عصیان سے نکالو بھر یزدانی
کرو بخشش مریدانی ہمین بہر خدا یا غوث

ملائک جن و انسان مین نہین کوی تیری ثانی
دیکھاؤ حسن نورانی میری ماہ لقا یا غوث

مریدی لاتخف اللہ ربی ہے کہا تم نے
نہین کچھہ خوف محشر کا جو ہو مشکلکشا یا غوث

تمامی مدعا میری تیری رحمت سے بر آوین
کرو زنگ دوئی سے آئینہ دل کا صفا یا غوث

سدا امید رکھتا ہے تمہارے در پہ میر انشاہ
کرو مقصود دل حاصل سمجھ اپنا گدا یا غوث

مجھے اتنا ستاتے ہو بھلا اے یار کیا باعث
نہین تم عمر بھر میری ہوی غمخوار کیا باعث

کمان ابروے خم دم سے چلایا تیر مژگان کا
بنایا خاک تو وہ دل گو اے دلدار کیا باعث

نہین دلمین قرار اپنے زبان سے آہ و زاری ہی
تجھے کیون شرمساری ہی بتا یکبار کیا باعث

تیرے کوچہ مین آتا ہون کبھی دلدار کی خاطر
جھڑکتے ہو مجھے تم دیکھکر سو بار کیا باعث

جگا کر کے عدم سے مجھکو پھینکا شورہستی مین
سنائی بھی نہین دیتی تیری رفتار کیا باعث

سمجھکر مجھکو بیگانہ ملے تم تو رقیبون سے
مثال برق چمکے ہے زلف کے تار کیا باعث

نہ شب کو نیند آتی ہے نہ دن کو چین ہی مجھکو
تجھے الفت نہ دلداری نہ کچھہ گفتار کیا باعث

مریض ناتوان ہون بے محبت ہی طبیب اپنا
دوا دیتے نہین یارو مجھے عطار کیا باعث

بجان و دل سے میران شاہ لیا کر نام صابر کا
کہا دربار مین جاکر نہین اظہار کیا باعث

## ردیف ج

اے یار تو نے مجھکو ستایا تمہاری موج
اور آتش ہجر مین جلایا تمہاری موج

اے جان تیرے فراق مین صدمی سہے بہت
اسپر بھی ہم نے لب نہ ہلایا تمہاری موج

مین تو تمہارے عشق مین دیوانہ بن گیا
بازار ہر گلی مین رلایا تمہاری موج

کس جرم مین یہ چاند سا مکھڑا چھپا لیا
اندھیر میری آنکھون مین چھپایا تمہاری موج

جانا گناہگار کی شاید سزا ہے یہ
دنیا و دین سے مجھکو اٹھایا تمہاری موج

فرقت کے غم الم کو سناؤن بھلا کسے
جز آپ کے کسی کو نہ پایا تمہاری موج

میران شاہ کس زبان سے گلا کر سکے بھلا
کیا جانون کیسے جی مین سمایا تمہاری موج

شکر خدا کہ دلبر تشریف لائے آج | کیا شاد دل کیا ہے بیٹھے بٹھائے آج
مدت سے لگ رہی تھی دلکو لگن بجن کی | اس عشق مین وہ دلبر دل مین لبھائے آج
فرقت مین اس صنم کے دُکھ کیا کیا تم سہے | کیا ہجر کی ہی طاقت گر منھ دکھائے آج
اس جلوہ گر صنم کی عجب ہے چمک دمک | موسےٰ کو کیا ہے جرات جو تاب لائے آج
دلبر کی جو ادا ہین دل مین سما رہی تھین | وہ ناز سب خدا نے آنکھون دکھائے آج
از فرش تا بہ عرش ہے سب سیر گاہ اپنی | اس عشق سے یہ کہدو اب گھر کو جائے آج
دوئی کا وہم دل سے جب سے اٹھا یا یارو | ممکن نہین جو ہم مین تنکا سمائے آج
ساقی نے صاف جسکو ہے بیخودی پلائے | آگیا خوب لن ترانی مضطرب بجائے آج

وصل صنم کی خواہش میران شاہ جسکو ہووے
ہند الولی کے فوراً دربار جائی آج

وہی ظاہر مین ولی ہے وہی پنہان کے بیچ | وہی آباد مین خوش ہے وہی ویران کے بیچ
کیا لاہوت سے ناسوت مین کیا اپنا نزول | آیا کس طور سے وہ صورت انسان کے بیچ
دیکھو قران مین وفی انفسکم صاف رقم | گوش مین ناک لب و دیدہ و دہان کے بیچ
سنگ مین بحر مین اور خار مین ذرہ مین محیط | گل و گلزار مین اور سنبل و ریحان کے بیچ
اوٹھ گیا نام و نشان اپنا تو مطلق ہی وہی | جب کھلی چشم تو دیکھا وہی ہر شان کے بیچ
وہم دوری کا اٹھے اور ہو ہستی سے بری | نحن واقرب ہو لکھا حضرت قرآن کے بیچ

قادری چشتی نظامی کہین صابر مخدوم
میران شاہ ہے وہی ہر طور سے آن کے بیچ

## ردیف ح

عشق نے دل کو جلایا تن بجاؤن کسطرح | آگ لگی سر پا تک یارو بجھاؤن کس طرح
شعلۂ غیبی نے یارو کیا تنزل مین کیا | جب رہا مین تو نہ باقی اب سناؤن کس طرح
جب نہے ہم آپ سے اور خویش و بیگانی گیا | ہو گیا راز نہان ظاہر چھپاؤن کس طرح
عشق سے پایا خدا کو بیخودی مین آپ کو | جبکہ یہ احسان ہوا اسکو بھلاؤن کس طرح
عشق کی جب راہ مین ہم گر چکے سر کو فدا | ہے رضا تسلیم لازم بلبلاؤن کس طرح
عشق کا ہے فرش سے عرش تک پیدا و ظہور | جسم اور جان مین سما یا سر ملاؤن کس طرح

میران شاہ یہ فیض ہے درگاہ عالی چشت کا
سید شاہ جیکبھی سے اب در نہ جاؤن کسطرح

## ردیف خ

مجھہ دل جلے کو یار وپھر کیون ستای چرخ
کہدے کوئی نہ مطلق ہمکو رلائے چرخ

ہجر و فراق ہمکو تو خود رنج دے رہا ہے
گر کچھہ رہا ہو باقی کیا ہی دکھائے چرخ

ہم تو برائے گردش پیدا ہوئے ہین یار و
تو خود ہی مر رہے ہین پھر کیون دکھائے چرخ

بہر حال جانان کرتے ہین خاک ساری
پھر ہم سے وہ خفا ہے آکر منائے چرخ

کیا جانون کس خطا سے جور و ستم ہے اتنا
طاقت ہی کچھہ نہین ہے لے ازمائے چرخ

فرمان نحن اقرب محفوظ کی ندا ہے
پھر کس لئے وہ ہمکو در در پھرائے چرخ

میران شاہ گر عطا سے بخشین جو صبر جابر
جو کچھہ کیا سو وہ کرتا ہے جائے چرخ

## ردیف د

یا رب لو دکھادے مجھے دربار محمدؐ
ہو جاوے جو مشتاق کو دیدار محمدؐ

خارج ہے وہان عقل طبیبون کی سراسر
جس دل مین سرایت ہوا آزار محمدؐ

اے ساقیا اک بادۂ وحدت کا عطا کر
کھل جائے کہین قلب مین اسرار محمدؐ

رہتی ہین سدا در پہ ملایک ہی تسلیم
ہے عرش سے اعلےٰ در و دیوار محمدؐ

کچھہ خوف نہین روز حشر کا اسی مطلق
پہنچا جو کوئی شوق سے زوار محمدؐ

لیجائے خدا شہر مدینہ مین جو مجھکو
ہو جاؤن دل و جان سے بلہار محمدؐ

میران شاہ وسیلہ ہے علی شیر خدا کا
دکھلائین گے وہ لطف سے گلزار محمدؐ

اے یار مجھکو شام و سحر ہی تمہاری یاد
کچھہ سوجھتا نہین ہے مگر ہی تمہاری یاد

جنت کی بس طلب ہے نہ حور و قصور کی
دوزخ کا کچھہ نہین ہی حذر ہے تمہاری یاد

مثل حباب کے مجھے نابود بود ہے
آدم سے تا بروز حشر ہے تمہاری یاد

فی الارض و السماء مین سمائی بہلا کہان
واللہ جسم و جان و جگر ہے تمہاری یاد

پوچھین گے کیا وہ ہم سے نکیرین قبر مین
واہ رے صنم بے خوف و خطر ہی تمہاری یاد

بے یاد آپکے تو سرو کار کچھہ نہین
لا علم و عقل اور نہ ہنر ہے تمہاری یاد

میران شاہ کیا زبان سے بھلا مین ثنا کرون
ہر دم جناب چشت کے در سے تمہاری یاد

اس عشق نے عالم مین مجھے کر دیا برباد
مشتاق مین ہون جسکا وہ سنتا نہین فریاد

اب کیا ہی کروں کس سے کہوں حال دل اپنا
بیداد ہے بیداد ہے بیداد ہے بیداد

لے میری خبر یار کوئی دم کا ہوں مہمان
ایسا تو نہیں کوئی سدا جسکی ہے بنیاد

دل لیکے بھی افسوس نہ ساجن ہوا اپنا
ایسا تو وہ عالم میں کوئی بھی نہیں آزاد

میران شاہ ہو ولیکن تو حیران و پریشان
کردینگے ابھی حضرت صابر تیری امداد

روئیت نما خدا ہیں شاہ ولی محمد
ہادی راہ نما ہیں شاہ ولی محمد

گنجینہ مخفی دریا ہے فیض عرفان
منشار دل کشا ہیں شاہ ولی محمد

قرب حضور عالی اندات لایزالی
مقبول مصطفے ہیں شاہ ولی محمد

اوصاف لا بیان ہیں قاصر میری زبان ہے
خواجہ ہیں پارسا ہیں شاہ ولی محمد

عصیان سے پاک کردیں دیکھیں جو یک نظر سے
ایسے ہی باسخا ہیں شاہ ولی محمد

صورت ماہ انور طاقت میں شیر صفدر
منظور مرتضے ہیں شاہ ولی محمد

میران شاہ خاص قبلہ و کعبہ ہیں یعنی شیر کے
محبوب چشتیا ہیں شاہ ولی محمد

## ردیف را

اے میرے صابر پیارے لو خبر
آپڑا ہوں در تمہارے لے خبر

درد دل کس سے کہوں میں تم سوا
دین و دنیا کے سہارے لے خبر

ہجر نے پھونکا ہے میران تن
اٹھتے ہیں دل سے شرارے لے خبر

فخر ہے تم سے جہان میں جلوہ گر
دین احمد کے ستارے لے خبر

یا علاؤالدین تم بن کون ہے
ہادئے مولے ہمارے لے خبر

فرقت و غم نے رلایا ہے مجھے
کوچہ و بازار سارے لے خبر

کیا تمہاری خاکساری ہے مجھے
عین وحدت کے اشارے لے خبر

بحر عصیان میں ہوں ڈوبا اندلن
اب کرو جلدی کنارے لے خبر

میران شاہ عاجز بیچارہ ناتوان
گرکے در جا کر پکارے لے خبر

شکر صد شکر کہ ہوں دل سے فدائے صابر
خاکسار و سگ دربار و گدائے صابر

کسطرح جلوہ صنم ماہ لقا کا دیکھوں
صاف ہو دل جو مگر پردہ اٹھائے صابر

راز پنہان جو حقیقت کے عیان ہوں سارے
اپنا گر لطف سے دیدار دکھائے صابر

ایک دم یاد سو غفلت مین آتا ہی نہین
خاص کلیر ہے مجھے حضرت خانہ کعبہ
جای مردہ جو حضوری مین تو دیتی مین جلا

یاد صابر ہے دلی یاد خدا ہے صابر
کہون لبیک جو روضے پہ بلائے صابر
قم باذن اللہ ہے واللہ ندائے صابر

کچھ نہین خوف و خطر حشر کا میران شاہ تجھے
اپنی رحمت سے جو دامن مین لگائے صابر

مدعا دل کے سبھی مجھکو دلا دے صابر
شربت وصل بالطاف و کرم ای شاہان
دور ہو دل سے دوئی اور خیال باطل
کیجئے راز حقیقت سی مجھی محرم راز
اپنے دربار معلے مین بلا لو مجھکو
جان و تن ہمنے ترے نام پہ قربان کیا

اب تو مشتاق کو دیدار دکھا دی صابر
نظر رحمت سی تو اک جام پلا دی صابر
میری ہستی کا سبھی رخت جلا دی صابر
کرکے بیخود و بیدم مست بنا دی صابر
خواب غفلت سی بھلا ہتو جگا دی صابر
رنج فرقت کا میرے دل سی اٹھا دے صابر

تو خبر ہے سب دربار سدا میران شاہ
زیر دامن تو مجھے اپنے لگا دے صابر

یارب کہین آجائے مجھے جسکا ہے آزار
ہے سخت زبون یار کی فرقت کا تقاضا
وہ حسن مین یوسف ہے مثال مہ انور
کیا وقت تھا جبوقت ہوا عشق صنم کا
سب کچھ ہی دیا ہای ولیکن وہ خفا ہی
اے باد صبا لا دے پتا مجھ سے پتا لے

مین ہون مبتلا عشق کی ہمہ دم بر ہر بار ار
ہون رات کو بیدار تو دن کو بدل زار
مین غرق ہوا جاؤ مین اسکی پئے دیدار
آواز الستم کی تہ کن سے تھا مرو کار
ایمان دل و جان ننگ اور منی اسرار
رخ اسکا ہے والشمس و قمر زلف ہی خمدار

میران شاہ تو کر عرض وے شاہ نجف سے
حامی ہین تیرے شیر خدا حیدر کرار

مجھے ورد زبان ہے شام و سحر یا گنج شکر
ہے دلمین بہی اور تن مین بھی میران وظیفہ میرا یہی
بے علم و عمل بیحال ہو مین بے دل حیرتی فالمون مین
جب روشن نام فرید ہوا مخفی و جلی کا دید ہوا
محبوب خدا یا گنج شکر تم بھر خدا لو میرے خبر
کیا پاک مین ہی تمہارا وطن ہر دلکو لگی ہی تمہاری لگن

کرتا ہے صفا میرے دل کو ذکر یا گنج شکر یا گنج شکر
غافل نہوا ہون کبھی دم بھر یا گنج شکر یا گنج شکر
پیشہ ہی میرا اور خاص ہنر یا گنج شکر یا گنج شکر
ہے کون و مکان مین فیض کا دریا گنج شکر یا گنج شکر
اب آن پڑا ہون آپکے در یا گنج شکر یا گنج شکر
یہی عین کرامت کا ہی اثر یا گنج شکر یا گنج شکر

بس میران شاہ کر غزل ختم چلتا نہیں آگے میرا رقم
بلہار کر اپنا جان و جگر یا گنج شکر یا گنج شکر

مجھے اپنا پاک جمال دکھا یا حضرت بابا گنج شکر
ہیں آپکے در پر آن پڑا یا حضرت بابا گنج شکر

اے مظہر نور ذات خدا ای قطب ربانی روز جزا
مجھے اپنی دامن لیجیو لگا یا حضرت بابا گنج شکر

جو آپکے در پر آتا ہے سبھی مقصد دل لیجاتا ہے
وہ قرب حضوری پاتا ہے یا حضرت بابا گنج شکر

جو آپکے در سے پار ہوا وہ محرم حق اسرار ہوا
پی جام وصل سرشار ہوا یا حضرت بابا گنج شکر

اے مرشد عین علاؤ الدین ای ناز نہار علاؤ الدین
اے چشتی چراغ نور یقین یا حضرت بابا گنج شکر

تم شاہنشاہ پٹن کی ہو مالک ہر ملک وطن کے ہو
مختار بہشت عدن کی ہو یا حضرت بابا گنج شکر

بس میران شاہ کر بند زبان کیا وصف کرو تمن یا نسبی عیان
خود آپ خدا ہی کرے ہو بیان یا حضرت بابا گنج شکر

دنیا و دین کیا ہی ہم ہیں فدائے صابر
راضی ہیں ہم تو اسمین جو ہو رضائے صابر

ہستی و وہم باطل مطلق رہو نہ باقی
اک جام گر عطا سے ہمکو پلائے صابر

حور و قصور کا ہوں طالب نہ حرص جنت
سایہ ہے میری سر پہ سایہ ہمائے صابر

دیکھا تو ہر طرف ہیں جلوہ ہو خاص چشتی
کر غور دل ہیں دیکھو نور لقائے صابر

ظاہر ہیں عین باطن باطن ہیں عین ظاہر
ہے ابتدائے صابر اور انتہائے صابر

حاصل ہوا ایک پل ہیں اسرار لایزالی
مشتاق ہو کے دل سے دربار جائے صابر

میران شاہ تجھکو پیارے کیا خوف روز محشر
جیسا ہوں ہیں ولیکن ہوں خاکپائے صابر

عشق نے مجھکو ستایا میری پیاری صابر
فرقت غم نے جلایا میرے پیارے صابر

واسطہ گنج شکر پیر کا لو جلد خبر
حال دل تجھکو سنایا میری پیارے صابر

تیرے دربار کی ہے خاک مجھے خاک شفا
ہے یہی دل ہیں سمایا میری پیارے صابر

اے مسیحا عقدہ کشا ای میرے کلیجہ لے
کیوں مجھے اتنا رلایا میرے پیارے صابر

دین و دنیا کی ہوس چھوڑ ہوا حال جنون
سر بازار پھرایا میرے پیارے صابر

عرش اعلی سے تو آگے ہی ہوا اسکا مقام
جسکو دامن ہیں لگایا میری پیاری صابر

میران شاہ کو ہے طلب قرب حضوری ہو سدا
کس لئے مکھڑا چھپایا میرے پیارے صابر

کیوں خفا ہم سے ہو میرے دلدار
کسی چلئے کروں حال دل اظہار

ناسوا تیرے دل ربا میرے
فرقت غم سے مر گیا ہون مین
تم تو خوب چھپے پردۂ دل مین
کر دیا ہم نے جان و دل قربان
آگ ہجران مین جل گیا ہون مین

دین و دنیا مین کون ہے غم خوار
مجھکو بہر خدا اب دیکھا دیدار
جستجو مین ہوئے سینکڑون چار
اے میرے پیارے مظہر الاسرار
بحر وحدت کی اب دکھا گلزار

میران شاہ جلدی اب تو چل پیارے
خواجۂ پیر ولی ہند کے دربار

کس گھات سے نکلا ہے تو اے شوخ ستمگر
شعلہ مین بھبوکے ہین مہان تیری ادا مین
جس دل کی ہوا سامنے آکر جو تیرا عشق
بے وصف کرشمہ ہے تیری نازمین پیارے
جو حضرت انسان کی ہے تیری لبون مین
چالاک گئے رفتار کے قربان ہون مین تو

سب دیکھنے ہارون کے ہوئے مصحف ابتر
عاشق کو فراموش ہوا خاک کا بستر
لغزش نہ ہوئی اسکو ذرا دار پہ چڑھکر
شرمندہ ہین افلاک پہ شمس و مہ و اختر
اس بو سے ہوا عارفون کا سینہ معطر
یا عرش پہ یا عالم ناسوت مین اکثر

میران شاہ نہین اور ہے کچھ طور ہو یارو
یہ لطف و عنایات ہے بس حیدر صفدر

خاص محبوب خدا پیران پیر
بادشاہ دو جہان مختار دین
دستگیر بے کسان آرام دل
غوث صمدانی شفیق انس و جان
محرم راز الٰہی حق نما
شاہ شاہان قطب عالم فخر دین
عالم علم حقیقت احمدی
یا محی الدین لو میری خبر
عاجزون کے مونس و غمخوار ہو
از طفیل مرتضےٰ و مصطفےٰ

مرشد اہل صفا پیران پیر
گمرہون کے رہنما پیران پیر
ہر مرض کے ہین دوا پیران پیر
ہادئے شاہ و گدا پیران پیر
ساکن عرش علا پیران پیر
فیض بخش با سخا پیران پیر
بحر عرفان اولیا پیران پیر
ہون تمہارے در کا گدا پیران پیر
مدعا دل کا دلا پیران پیر
کر مدد اس وقت یا پیران پیر

میران شاہ کی عرض ہے یہ دم بدم
دے مجھے اپنا لقا پیران پیر

## ردیف ز

عشق میاں جس دل کو لگا کون ہے دل سے محرم راز
جو گذرا سو دل نے سہا کون ہے دل سے محرم راز

دل کی لگی جس دل کو لگی وہ دل رہا پھر غیر سجن
آپ میں تنہا یار ہوا کون ہے وہ دل سے محرم راز

دل ہی کرے دلکو عیاں دل ہی میں ہے اسرار نہاں
کہتے ہیں دل کو عرش خدا کون ہے دلسے محرم راز

دل میں بھی ہے نور ظہور علم صفات سے ہے معمور
دل ہے آئینہ روئے نما کون ہے دلسے محرم راز

دل میں یقین اور دین نبی دل میں فقر الفخر علی
دل میں صبر تسلیم و رضا کون ہے دل سے محرم راز

دل میں جناب معین الدین قطب الدین فرید الدین
دل میں نظام الدین کی جا کون ہے دل سے محرم راز

دل میں ہے مخدوم علی صابر پیر خدا کی ولی
میراں شاہ ہو دل سے فدا کون ہے دلسے محرم راز

## ردیف س

دل ستانا چھوڑ دے بہر خدا اے یار بس
وصل کا ہم سے تقاضا بس ذکر ہر بار بس

جل گیا ہے آتش سوزاں میں دل اے گلبدن
کیوں نہیں دیتے ہو تم اپنا مجھے دیدار بس

سخت حیراں ہو رہا ہوں فرقت غم سے صنم
جلوہ حسن ازل دکھلا مجھے دلدار بس

اے مرے ہمدم مسیحا لے خبر ہوں جاں بلب
انتظاری میں ہوا ہوں میں ترا بیمار بس

یا علاؤ الدین تم بن کون ہے حامی مرا
کیوں نہیں لیتے خبر اے محرم اسرار بس

میراں شاہ کی التجا ہے عقدۂ دل ہو کشا
اے مرے مونس نگہباں اے مرے غمخوار بس

## ردیف ش

سدا ہے دلکو اے پیارے تری دیدار کے خواہش
کفر اسلام اور تسبیح نہ ہے زنار کی خواہش

نہ ہوش اپنا رہا مطلق بجز مخفی تصور کے
مقام غور ہے بس عشق کی بیمار کی خواہش

فنا کر آپ کو دیکھا پھر مظہر توہی ہیں تو
ولیکن دل میں رہتی ہے تری رفتار کی خواہش

میاں بحر وحدت میں ہوا جو غرق با معنی
تکلف جب ہوا غالب اے کیا یار کی خواہش

پکارا جب انا الحق تو کہاں منصور تھا یارو
نہیں ہے جبکہ غیر اللہ تو پھر کیا دار کی خواہش

ہے شمع روئے جاناں پر چلا جو مثل پروانہ
کہو یارو کہاں پھر اسکو پانچ اور چار کی خواہش

ولی ہند اجمیری سے ہے فریاد میراں شاہ
یہی ہے جستجو ہر دم ترے دربار کی خواہش

## ردیف ص

صنم مجھکو تیری ہے یاد خالص
ولیکن مین تو ہون بے یاد خالص

ہوا ہے جب سی مجھکو عشق دیدار
تمہارے در پہ ہے فریاد خالص

نہین حامی کوئی غمخوار و مونس
مگر ہے آپ کی بیداد خالص

اگر نفرت ہے دیدار لقا سے
کوئی بھیجو یہان جلاد خالص

پھرون بن بن مثل مجنون کے وحشی
بگولے کی طرح برباد خالص

سخن شیرین کبھی کیجے زبان سے
مین ہون مشتاق چون فرہاد خالص

بس اب تو میران شاہ کر تو غزل ختم
ردیف خاص ہے یہ صب و خالص

## ردیف ض

یا بھیکھ مجھکو آپ سے ہر بار ہے غرض
فیض عام دو جہان مین یہ دربار ہے غرض

کیا فکر و غم گناہ صغیر و کبیرہ کا
مشکل کشا جو آپ کی سرکار ہے غرض

روشن جناب چشت کے گھر کا چراغ ہو
مخفی جلی سب آپ پہ اظہار ہے غرض

ممکن نہین جو عقدہ کشائی نہ ہو سکے
جو آپ سا ہو محرم اسرار ہے غرض

دنیا و دین کی مجھکو بس اب کچھ ہوس نہین
گر ہے تو مجھکو عشق کا آزار ہے غرض

دوزخ بہشت سے مجھکو راحت نہ رنج ہے
بندہ فقط یہ طالب دیدار ہے غرض

یا بھیکھ میران شاہ کو عطا ہو شراب عشق
جز ذات غیر سے نہ سروکار ہے غرض

## ردیف غ

دل لیگیا ہمارا دل دار بے دریغ
مطلق نہ پھر دکھایا دیدار بے دریغ

گھایل کیا ہی اسکی ترچھی نگاہ نے بارہ
ہے دمبدم چمکتی تلوار بے دریغ

دکھلا کے ناز اپنا کھینچا ہے طرف اپنے
بھولا ہے مجھکو یار و گھر بار بے دریغ

مشتاق ہون مین اسکی زلف سیاہ کی خم کا
شاید وہ اس لئے ہے بیزار بے دریغ

عاشق خراب خستہ کے جل جانیکے لئے
ہوتی ہے آگ عشق کی ہشیار بے دریغ

جلوہ بتون کا دیکھ فضا ہوتی ہر نماز
برہمن نے توڑ ڈالی ہے زنار بے دریغ

میران شاہ اپنے دلکے تو سب آرزو سنا
چلکر جناب چشت کے دربار بے دریغ

## ردیف ف

کیا عجب چشم ہی معشوق کی تیر بہدف — کرلیا صاف نشانہ دل عاشق کا تمت
کیا ہی اسرار نہان عاشق و معشوق مین ہے — نبی مشتق رہا اسکے رسولان سلف
سہ گئی جور و جفا سر پہ جو امت کیلئے — اے احمد کے نواسی جو علی کی مین خلف
کیون نہون مجرم کرم کر وہ گہر پاک لطیف — جنکی مان فاطمہ خاتون قیامت ہو صدف
ہوی معراج محمد کو تو بر عرش برین — ہے تعظیم ملایک تھی کھڑی باندہ کی صف
اے دلا تو ہنو مغموم برائے حاجات — پیشوا خود ہین تیرے ہر دو جہان شاہ نجف

**میران شاہ** فارسی عربی نہ پنجابی کی خبر
ذات چشتی کے سوا مجھکو نہین یاد حرف

## ردیف ق

الحمد و لا سید ابرار کا ہے عشق — کر شکر خدا احمد مختار کا ہے عشق
کعبہ مین ہوا پشت محمد پہ جو اسوار — اس شیر خدا حیدر کرار کا ہے عشق
دلبند علیؑ فاطمہ اظہار کے فرزند — اک شاہ حسنؑ حامی غم خوار کا ہے عشق
خنجر کے تلے جسنے نماز عصر ادا کی — شاہ شہید اس مہ انوار کا ہے عشق
سقا، سکینہ جو ہوا نہر پہ مقتول — اس حضرت عباس علمدار کا ہے عشق
اونتوں کی رسن ہاتھ رہ شام روانہ — اس شاہ ہدا عابد بیمار کا ہے عشق
کیا عشق خدا جسمین ہوئے قتل بہتر — وہ صل علے عروفا وار کا ہے عشق
یاران کی مدد اور معہ چاردہ معصوم — عرفان خدا چشت کے دربار کا عشق

**میران شاہ** تیرا مرشد و مولے وہی حادی
سید حسنی محرم اسرار کا ہے عشق

## ردیف ک

در ہر دو جہان عشق کا ازار ہے بیشک — دیکھو جسے اچھا وہ ہے بیمار ہے بیشک
کیا جانی کوئی دلکی حقیقت کو بجز دل — موسے کی طرح طالب دیدار ہے بیشک
واقف نہ کوئی ہے کسے دوزخ کسے جنت — سب مستعد رحمت غفار ہی بیشک
جبتو لین میان اپنی ہی یوسف کی تمنا — جاتا وہی سدا بر سر بازار ہے بیشک
صحرا مین اگر وصل صنم ہوگیا حاصل — فردوس ہی جنت ہی وہ گلزار ہی بیشک
عاشق کو بہشتون مین نہو یار کا دیدار — دوزخ ہے جہنم ہے وہی نار ہے بیشک
عاشق ہوا گرچہ دلدار مین ہجان — بس عشق کے میدان مین ہشیار ہی بیشک

میران شاہ تجھے کیا ہے گناہوں سے سروکار
شافع محشر احمد مختار ہے بیشک

فرقت میں مصطفےٰ کی یارو سدا ہوں غمناک
جبریل جسکے در کا خادم ہو خاص دربان
وہ سید البشر ہے ہیں شافع روز محشر
دھولے زبان عطر سے تب نام لی محمد

ہے دمبدم وظیفہ یا بادشاہ لولاک
ہے سرنگون ملائک سب کنان افلاک
نور ظہور انکا تحقیق خاص املاک
حاصل ہو شاخ طوبےٰ کرلے دہانین مسواک

ہے دل میں شوق ہر دم دیکھوں جمال احمد
ہو جلد میران شاہ تو ہشیار اور چالاک

تعریف مصطفےٰ کی لکھوں میں کہاں تلک
لولاک کا چھتر سر پہ نور جھلے ہے
اسرار احمدی کا جلوہ ہے ہر دو عالم
روح الامین ہو خادم دربان حضور کا
ہے آرزو دل کہ مدینہ کو سر کے بل
بس ادرط لقب ہیں حضور کے

صل علےٰ کا شور ہے کروبیان تلک
طاقت کہاں جو وصف میں لاؤں زبان تلک
روشن ہو نور فرش سے تا آسمان تلک
باطل کیا ہے کفر کو نام و نشان تلک
امداد ہو حضور کے پہنچوں یہاں تلک
پوچھو ذرا یہ حافظ قرآن خوان تلک

یارب جو میران شاہ کو زیارت ہو نصیب
عاجز کی التجا ہے فقط جو اجکال تلک

سر حقانی میرے مخدوم پاک
محو ہیں بحر حقیقت دم بدم
آپ ہیں عرض و سما میں جلوہ گر
خاص ہیں اولاد نور العین ہیں
مظہر نور الٰہی بے مثل
جانکر مجذوب کامل ہو گئے
جو گیا کلیر میں اس کو دیتے ہیں
لیتے ہیں دامن میں زائر کو چھپا

گنج عرفانی میرے مخدوم پاک
اعظم الثانی میرے مخدوم پاک
روئے سبحانی میرے مخدوم پاک
شاہ جیلانی میرے مخدوم پاک
رتبہ لاثانی میرے مخدوم پاک
سر پنہانی میرے مخدوم پاک
فیض روحانی میرے مخدوم پاک
ذات رحمانی میرے مخدوم پاک

میران شاہ کیا وصف صابر کر سکوں
نور نورانی میرے مخدوم پاک

ردیف ہ

## ردیف لام

پوچھے کوئی گر ہم سے ہے کیا عشق کی منزل
ثابت کرے منصور سے جا عشق کی منزل

تبریز نے خود عشق میں کھال اُتاری
کیا خوب ہوئی دل سے ادا عشق کی منزل

سرمد نے دیا سر پئے خوشنودئے معبود
کہتے ہیں اسے مرد خدا عشق کی منزل

کیا جانے کوئی لیلی و مجنوں کی حقیقت
پیشانی پہ تھا ان کی لکھا عشق کی منزل

کیا عشق میں سر کر دئے قربان بہتر
طے کر گئے شاہ شہدا عشق کی منزل

کیا عشق سے ہے نفس پرستوں کو سروکار
بس جانتے ہیں مرد خدا عشق کی منزل

میران شاہ ہوا عشق میں گھر جنت کا روشن
شاہ بھیکہ سے تو مانگ سدا عشق کی منزل

محبت میں ہے کیا حاصل
بتا دیوے کوئی کامل

تڑپنا خاک ہو جانا
چہ نادان اور کیا عاقل

سدا دل میں پریشانی
جدائی دم بدم شامل

ملامت اور بدنامی
دل سوزان جگر گھایل

دلا دربار جانان میں
نہ ہے پرسش نہ کوئی عادل

بنے دیدار دلبر کے
ہوا جان و جگر مائل

تصور سے ہے میران شاہ
کبھی یک دم نہ ہو غافل

ستایا دلبر نے دل ہمارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل
رہا نہ مطلق کچھ اپنا چارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل

کبھی ہی ناز و ادا بتوں کا دکھا کے حیلے بہانہ ہیکل
نہ کچھ بجز الفت نہ کچھ سہارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل

ہوئیں صنم سے جو چار آنکھیں بزور ابرو کی تیغ کھینچا
جگر میں مژگان کا تیر مارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل

ہے عشقبازی میں جانبازی لکھا پڑا ہے محبت سراگیا
اب آہیں شکوہ غلط ہی سارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل

جو ہمیں راز نہاں ہی یار دہنیں ملا نہ تاب مجھے اس سے آگاہ
نہیں ہے لازم ہی آشکارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل

نہ دل ہی اپنا صنم کا دل ہی وہی ہی مختار جان و تن کا
اب اپنی ہستی سے ہو کنارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل

جب ایسا میران شاہ سر کا ہے پیر چشتی ولی محمد
اسی کا آنکھوں میں ہی نظارا کہیں کسیکو تو کیا ہے حاصل

دلا یاد خدا سے ہو نہ غافل
تو طلب مدعا سے ہو نہ غافل

شہ لولاک احمد فخر انسان
محمد مصطفےٰ سے ہو نہ غافل

ابوبکرؓ و عمرؓ عثمان عفان　　علیؓ مشکل کشا سے ہو نہ غافل

امام ہر دو عالم سرد قامت　　تو حسنؓ مجتبےٰ سے ہو نہ غافل

ملا دشمن سے جسکو آب خنجر　　شہید کربلا سے ہو نہ غافل

جناب حضرت سجاد عالی　　کبھی زین العبا سے ہو نہ غافل

رہ اسلام کے ہادی ہیں جعفرؓ　　سدا صادق صفا سے ہو نہ غافل

شہ عرفان محرم راز پنہان　　علی موسےٰ رضاؓ سے ہو نہ غافل

امام باکرم باقرؓ جو امداد　　کریں نظر عطا سے ہو نہ غافل

تقی تکیہ نہ تقوے سے غیر معبود　　تو ادس ماہ لقا سے ہو نہ غافل

نقی کا نام ہر دل پر رقم ہے　　صحیح صاحب حیا سے ہو نہ غافل

امام المتقین موسےٰ کاظمؓ　　مرض دل کی دوا سے ہو نہ غافل

امام عسکری حامی ہیں تیرے　　وصی شاہ و گدا سے ہو نہ غافل

امام مہدی آخر زمان ہیں　　شہ ارض و سما سے ہو نہ غافل

جناب غوث اعظم شاہ جیلان　　تو محبوب خدا سے ہو نہ غافل

معین الدینؒ اجمیری شہ ہند　　معلےٰ چشتیا سے ہو نہ غافل

فدا کر جان و دل میران شاہ ہر دم
تو اپنے پیشوا سے ہو نہ غافل

در کلیر ہے فیض عام ہوا مخدوم علی صابر کامل　　مشہور جہان میں نام ہوا مخدوم علی صابر کامل

ہے مظہر نور خدا صابر اور ہادی راہ نما صابر　　مقبول ہوا جس نام لیا مخدوم علی صابر کامل

ہیں مالک ملک ولایت کے مختار ہیں وہ ہر حاجت کے　　مجھے ورد صبح اور شام ہوا مخدوم علی صابر کامل

کہتے ہیں جسے سب غوث زمن خاص محبوب کلیر کی زمین　　وہی قاب قوسین مقام ہوا مخدوم علی صابر کامل

ہادی محرم راز نہاں و عیاں کیا گرد نہیں بان سے بیان　　عاجز البیان ہیں غلام ہوا مخدوم علی صابر کامل

ہو صاف جو دل سے نکتہ دو دی بطفیل جناب گنج شکر　　یہی دل میں وظیفہ مدام ہوا مخدوم علی صابر کامل

کر شکر خدا تلقین ہوئی تسکین ہوئی ہے تجھے میران شاہ
بانظر عطا النعام ہوا مخدوم علی صابر کامل

## ردیف م

جس طرف مشکلکشا ہو کیا ہے غم　　اسم اعظم مرتضےٰ ہے کیا ہے غم

جسکو اسداللہ حق نے خود کہا　　رحمت شیر خدا ہے کیا ہے غم

محمک لحمی محمد نے کہا
محرم راز نہان وہم عیان
مرتبہ الفقر فخری کا ملا
دیکھئے قرآن میں سورہ ہل اتی
ہے علی بیشک وصی دو جہان
خود ہے حضرت نے کہا اپنا وصی
ہے امام شاہ ولایت راہ دین
مشت زن خیبر شکن اور بت شکن
نعمت راہ خدا خود نان جو
کر مدد اے بادشاہ لافتا
دشمنوں کے فتنہ و شر سے دے امان
یا علی بہر حسن بہر حسین

داد خواہ انبیا ہے کیا ہے غم
ہر مرض کی وہ دوا ہے کیا ہے غم
ساکن عرش علا ہے کیا ہے غم
خود خدا کرتا ثنا ہے کیا ہے غم
شافع روز جزا ہے کیا ہے غم
ہر دو عالم رہنما ہے کیا ہے غم
جب کہ ایسا پیشوا ہے کیا ہے غم
فیض بخش اولیا ہے کیا ہے غم
وارث صبر و رضا ہے کیا ہے غم
آپکے در التجا ہے کیا ہے غم
بس وسیلہ آپ کا ہے کیا ہے غم
اب طلب نظر عطا ہے کیا ہے غم

میران شاہ کیا حال دل ظاہر کرے
آپ کا سب آسرا ہے کیا ہے غم

در روز ازل عشق کے بیمار ہوئے ہم
کچھ عالم لاہوت میں فرقت تھی نہ یارو
طاعت کے لئے عالم ملکوت نہ تھے کم
ہر آپکے یوسف کی تمنا نہیں رکھتے
ساقی نے دیا جام فنا نظر عطا سے
جب دل میں ہوا شوق چلوں یار کو دیکھوں

تو قالو بلے کہہ کے گرفتار ہوئے ہم
اس ہستی موہوم میں لاچار ہوئے ہم
بس عشق میں جلنے کے سزاوار ہوئے ہم
بازار محبت میں خریدار ہوئے ہم
فی الصور میں پیتے ہی سرشار ہوئے ہم
راہی طرف کوچہ و بازار ہوئے ہم

میران شاہ سمجھتے ہیں نہ ہم آپ کو اپنا
واللہ اس یار پہ بلہار ہوئے ہم

عجب جان بازی ہے عشق صنم
اشد من الموت ہے انتظار
جہان میں کرے عشق رسوا خراب
ہے دشمن دلی جان بیز دل کا عشق
گئی ہجر میں جو عمر سب گذر

سدا دل پہ رہتا ہے رنج و الم
ہے جینے سے بہتر نکل جائے دم
گہر خم و ہم سر دا آنکھوں میں نم
یگانہ بیگانہ حبیب اور کرے شرم
تو بہتر تھا ہستی سے یک عدم

جو منصور نے دار منظور کی | رکھا عشق میں جب کہ اپنا قدم

نہ کر دل میں خوف و خطر میران شاہ
رہے پیر صابر کا تجھ پہ کرم

اے یار رشتۂ عشق میں بیمار ہوئے ہم
لاہوت سے نزول جو ناسوت میں کیا
ساقی تیری شراب کا کیا وصف ہو سکے
جب سے ہوا فراق عدم بارگاہ سے
اسلام و کفر سے نہ سروکار ہے ہمیں
ایسا جلایا عشق نے مطلق نہ کچھ رہا

زلف سیاہ میں جو گرفتار ہوئے ہم
حسن ازل کے طالب دیدار ہوئے ہم
پیتے ہی مست بیخود و سرشار ہوئے ہم
ہستی کے بیچ آن کے لاچار ہوئے ہم
حسبدم ہم اپنے یار سے دوچار ہوئے ہم
پر عشق سے تو محرم اسرار ہوئے ہم

میران شاہ دل میں دید جمال صنم ہوئی
سائل جناب چشت کے دربار ہوئے ہم

عشق نے کیا کیا دکھائے درد و غم
خاک کر ڈالا ہے میرا تن بدن
ہائے کیا حق نے لکھا میرا نصیب
ہے فراموشی میرے دلدار کو
یا معین الدین چشتی لو خبر
کس طرح تسکین ہو جز وصل دوست

دل سے جاری آہ سوزاں چشم نم
سوختہ جاں کے لئے سو سو ستم
آتش دوزخ ہے فرقت کا الم
کچھ ہے دے یاد مجھکو دم بدم
آپڑا ہوں آپ کے زیر قدم
مظہر نور خدا ہے وہ صنم

کوئی جاناں میں تو اب چل میران شاہ
کوچۂ دلدار ہے باغ ارم

کیا کہوں اس عشق نے کیا کیا مجھ پہ ستم
کچھ خبر اپنی نہ مجھکو اور نہ عالم کی رہی
رخت ہستی کا جلایا اور اٹھا وہم دوئی
یہ خلل تھا دل میں ہو نہیں دوزخی یا جنتی
ہے فنا جو عشق میں اور وہ ہے حی لایموت
جو کوئی اس عشق کے اسرار سے واقف ہو

تن جلا اور من جلا باقی رہا دل پر الم
کر دیا مجنون و شیدا ماسوا ذات صنم
اصل تھا جو رہ گیا باقی ہوا سودا ختم
لی خبر صابر نے میری تب اٹھا سارا بھرم
قطرہ دریا میں ملا دریا ہوا سارا بہم
اپنے کھویا غفلت میں افسوس ہے اپنا جنم

جب کیا جام محبت مجھکو مرشد نے عطا
میران شاہ نے شاد ہو کر سر دیا زیر قدم

گھائل شوخ نظر یار کے ہم ہیں پر غم
وصل دلبر ہے مرے زخم جگر کا مرہم

کون پوچھے ہے میاں حال دل زار میرا
نہ کوئی یار نہ غمخوار نہ مونس نہ ہمدم

فرقت غم سے تڑپتے ہیں مثال طیور
پھنس گئے دام محبت میں ستم ہائے ستم

اے صبا بہر خدا یار سے کہہ دے پیغام
دل پہ سوز غم جگر سوختہ اور لب پہ ہے دم

میں تو کہتا ہوں سدا اے میرے پیارے آجا
جان جاتی ہے میری کر تو صنم مجھ پہ کرم

مر گئے پر نہ ہوا یار کا دیدار نصیب
کس لئے چھوڑ کے ہم آئے یہاں ملک عدم

**میران شاہ** اب تجھے جانا ہے مناسب کلیر
سر پر رکھ لیجیے میاں حضرت صابر کے قدم

## ردیف نون

خاص ولی محبوب خدا حضرت پیر نظام الدین
ہادی حق کے راہ نما حضرت پیر نظام الدینؒ

مشرق مغرب تیری دھوم عرش علا پر ہو تم
نام تیرا حی القیوم حضرت پیر نظام الدینؒ

تم ہو خدا کے خاص ولی محرم اسرار خفی و جلی
اور مقبول نبی و علی حضرت پیر نظام الدینؒ

ہر مظہر اسرار ہو تم روشن قطب مدار ہو تم
بے یاروں کے یار ہو تم حضرت پیر نظام الدینؒ

چشمہ فیض تیری درگاہ عارف واقف سر اللہ
مجھ پہ کرم کی کیجو نگاہ حضرت پیر نظام الدین

بیکس عاجز ہوں لاچار تم بن اور نہیں غمخوار
بہر خدا اب لیجو سار حضرت پیر نظام الدینؒ

**میران شاہ** پہ کیجو نظر بہر جناب گنج شکرؒ
آن پڑا ہوں آپ کے در حضرت پیر نظام الدینؒ

سکھی تم ایسا جتن بتاؤ کہ جس جتن سے پیا کو پاؤں
جو درد و غم نے کیا ہے گھائل بجز پیارے کسے سناؤں

پڑے ہیں دلبر غموں کے چھالے جگر سے جاری ہیں آہ و نالے
جو آکے ساجن گلے لگا لے نہیں تو جی سے گزر ہی جاؤں

میں جب سے ملک عدم سے آیا تلاش دلبر میں دل لگایا
یہ کیسا ہستی نے غل مچایا میں حال اپنا کسے بتاؤں

بھبھوت ہے در در کی خاک چھانی ملا نہ مطلق وہ لکا جانی
نہیں دو عالم میں اسکا ثانی کہیں بتا دو جہاں میں جاؤں

یہ ہستی میری ہے ہم ساز فنا و صابر علی پیارے
سدا لگا ہوں قدم تمہارے میں اب پیا کا جمال پاؤں

کمال مشکل ہے عشق بازی اگر حقیقی ہو یا مجازی
وہ جان جاناں کی بے نیازی میں دل میں کب تک بھلا چھپاؤں

غریب بیکس یتیم عاجز فقیر **میران شاہ** داد خواہاں
وہ شاہ شاہاں پر گناہاں مجال کیا ہے جو لب ہلاؤں

ہے جاری فیض کا در تمہارا یا معین الدین
سدا ہم عاصیوں کے ہو سہارا یا معین الدین

مجھے اک جام وحدت کا تیری رحمت سے مل جاوے
کروں میں دمبدم شکر خدا را یا معین الدین

تیرا جلوہ دو عالم میں جو ہے ہند الولی روشن
جمال پاک دکھلا نا گدا را یا معین الدین

تمہیں اول تمہیں آخر تمہیں ظاہر تمہیں باطن
دکھا دو راز پنہان آشکارا یا معین الدین

ہوا ہے خاندان چشتی تمہارے نام سے جاری
جو ہو دین محمد کا ستارا یا معین الدین

سبھی شاہ گدا اوپر تیری غربت نوازی ہے
سبھی کرتے وظائف ہیں تمہارا یا معین الدین

تیری درگاہ عالی کا ہوتا ہے بیان مجھ سے
تو شاہنشاہ ہوں میں عاجز نکارا یا معین الدین

تیری فرقت سے مرشد ہوا ہوں بے سروسامان
دکھا دو دیدۂ تر کو نظارا یا معین الدین

جہان کے فتنہ و شر سے رہے آزاد میران شاہ
یہی حاجت یہی مطلب ہے سارا یا معین الدین

جز عشق عاشقوں کو سروکار کچھ نہیں
قید زلف سے طوق گران یار کچھ نہیں

باطن میں محو رہتے ہیں صورت میں یار کے
ظاہر پرست چشم کا دیدار کچھ نہیں

رسوا خراب خستہ و بیمار لا دوا
پوچھا اگر کسی نے تو لاچار کچھ نہیں

فضل خدا سے حسن کے بازار میں بکے
جز خاک خون جس کا خریدار کچھ نہیں

رخت وجود جل کے ہوا ننگ و عار خاک
حال جنون کو جبہ و دستار کچھ نہیں

دوزخ بہشت کا ہے نہ غم اور صراط کا
مطلب سوائے صورت دلدار کچھ نہیں

عاشق سوار رہتے ہیں نازک دیوار پر
ایسی دیوار جس کا کہ آثار کچھ نہیں

بے امتحان رہتے ہیں آزادگان عشق
جس جا پہ آب و خاک ہوا نار کچھ نہیں

کیا خواجگان چشت کا ہے فیض میران شاہ
ایسا دیا ہے گل کہ جہان خار کچھ نہیں

عشق میں تیرے صنم دیوانہ ہوں
شمع روئے حسن کا پروانہ ہوں

دل دیا ایمان دیا اور جان و تن
اپنے بھی وادتہ میں بیگانہ ہوں

اب دکھا مکھڑا سجن بہر خدا
بے وطن آوارہ و ویرانہ ہوں

جز جمال یار کیا دنیا و دین
طالب مسجد نہ میں بتخانہ ہوں

ہوں طلب گار شراب شوق کا
ساقیا لے ہاتھ میں پیمانہ ہوں

ہوں غلام خاک پا صابر علی
جان فدا لیتے عاشق مستانہ ہوں

میران شاہ گر ہو عطا پیر مغان
معرفت کے راہ میں مردانہ ہوں

کبھی مجھ کو جمال اپنا دکھا بہر خدا ساجن
تیری فرقت کی آتش نے تن من جلایا جن

ہوئی تقصیر کیا مجھ سے نہیں تم بیرن آتی
بھی تقدیر ہے میری لیا مکھڑا چھپا ساجن

میں آوارہ و سرگشتہ ہوا رسوا شراب از غم
تو اگر لے خبر میری مرے یار ماہ لقا ساجن

توئی ساقی توئی ساغر توئی حاضر توئی ناظر
مجھے مئے صاف کا اک جام ہاتھوں سے پلا ساجن

تڑپتا ہوں ترے کوچے نہ کوئی حال دل پوچھے
غرض تیری مرض تیری تو ہی آ کر دوا ساجن

توہیں مطلب اور محبوب حق اگر دل و جانی
نہیں کوئی ترے ثانی تو ہیں لائق ثنا ساجن

ستایا عشق نے ایسا مجھے کچھ بن نہیں آتا
کہاں جاؤں کہوں کس سے میں اپنا مدعا ساجن

میرا یہ وہم اور ہستی خیال غیر حق سارے
طفیل خواجہ ہندالولی دل سے اٹھا ساجن

---

عطا کر صبر و تسلیم و رضا میران شاہ عاجز کو
سمجھا دے نقطۂ عرفان طفیل مصطفےٰ ساجن

---

شکر خدا سگ دربار صابری ہوں
ہردم بجان و دل سے بلہار صابری ہوں

مئے شوق کا پیالہ جب سے ہوا عنایت
محو جمال رہے سرشار صابری ہوں

دوزخ بہشت کی ہے پروانہ مجھکو یارو
مشتاق مثل بلبل گلزار صابری ہوں

منکر نکیر ہم سے کچھ حال قال پوچھیں
مطلق بھی کر دونگا اقرار صابری ہوں

میں عشق کا ہوں عاشق مذہب ہے عشق اپنا
جو کچھ کہ ہوں سو طالب دیدار صابری ہوں

کیا نبض دیکھتے ہو حضرت طبیب میری
بیمار ہوں تو عاشق بیمار صابری ہوں

---

میران شاہ کیا لکھوں میں وصف و ثنائے صابر
اسرار ذات سمجھا اسرار صابری ہوں

---

کر دو مجھ عاجز پہ نظر کرم یا غوث الاعظم آپکا ہوں
ہے وہم دوئی کا دل سے بہم یا غوث الاعظم آپکا ہوں

یا عبدالقادر جیلانی محبوب جناب سبحانی
رہی شوق سوا کوئی اور نہ غم یا غوث الاعظم آپکا ہوں

ای قدرت قادر لم یزلی ای آل نبی اولاد علی
ای پشت پناہ پاک قدم یا غوث الاعظم آپکا ہوں

لے شاہ شہان مختار جہاں ہے املاک ملک کون و مکان
ہی فتنہ دو شہر سی لاج و شرم یا غوث الاعظم آپکا ہوں

ای محرم راز خفی و جلی لے بحر کرم سلطان عدد
لے پیر نگہبان رنج و الم یا غوث الاعظم آپکا ہوں

ای باد صبا بغداد میں جا سب حال میرا حضرت کو سنا
اب دور ہو دل سے جور و ستم یا غوث الاعظم آپکا ہوں

---

تم چور کو قطب مدار کیا تم ڈوبا بیڑا پار کیا
لو میران شاہ کی خبر ہر دم یا غوث الاعظم آپکا ہوں

---

صنم کے ہجر کا بیمار میں ہوں
اوسی کے عشق میں سرشار میں ہوں

رخ دلبر ہے روشن ماہ تابان
چکوری کی طرح بیدار میں ہوں

لئے پھرتا ہون ہاتھون پر سر اپنا
غلام خاک پا مخدوم صابر
بلاؤ یا علاؤ الدین مجھکو
کوئی مونس نہ ہمدم آشنا ہے

نظر دلبر سر بازار میں ہون
فدا سے تیرے جان سگ دربار میں ہون
تیرے روضے کا اگ زوار میں ہون
یہ فرماؤ تیرا غمخوار میں ہون

نظر کیجو عطا سے میران شاہ پر
دل و جان سے سدا بلہار میں ہون

غلام خاک پا ہون میں تمہارا یا فرید الدین
نہیں کچھ خوف دوزخ کا نہ خواہش ہے بہشتون کی
ہجر ہے آپکا دوزخ ہے وصل حق وصل تیرا
نہ کچھ پرواہ رکھتا ہون کسی کی دین و دنیا میں
مکان پاکپٹن تیرا آستان ہے ہر وطن تیرا
سبھی یہ وہم دل سے کیا اٹھاؤ پھر قطب الدین

تیرے در کا گدا ہون میں پکارا یا فرید الدین
جو دکھلاؤ جمال اپنا خدارا یا فرید الدین
دیکھاؤ پھر حق اپنا نظارا یا فرید الدین
تمہارا ہون تمہارا ہون تمہارا یا فرید الدین
ہے دروازہ عدن تیرا ہمارا یا فرید الدین
جو دیکھون فیض ملتا ہی عیان یا فرید الدین

تیری درگاہ عالی میں ہے سائل میران شاہ عاجز
دکھاؤ راز پنہان آشکارا یا فرید الدین

اے میرے جانان ہمکو ستانا خوب نہیں
اے میرے یوسف حسن تمہارا صل علے
دلکی حقیقت کس سے کہون اے ماہ لقا
لطف و عطا سے عرض کیا منظور کر
زلف نے دلکو مار کے حلقہ لوٹ لیا

آگ ہجر سے دل کا جلانا خوب نہیں
خواب میں اپنی شکل دکھانا خوب نہیں
بھیکھ چاہون اور ٹھکانا خوب نہیں
صنعت شاہن مصرع بنانا خوب نہیں
مجھ بیدل کو اتنا رلانا خوب نہیں

میران شاہ یہ عشق صنم کا رنج و الم
سہیں دیا پھر لب کا ہلانا خوب نہیں

تمہارے عشق میں بیجان میں مرتا ہون
میں اپنے دل کی حالت کو کہون کس سے تو خود دانا
مجھی آتی ہے نیند میں اب جلون صحرا میں ہو وحشی
میٹھے دیدار جانان سے کوئی لیتا ہے یارو
سگ دربار ہون صابر کے جانو یا نہ جانو
امید ابن حسن نورانی کی کب دیکھون جھلک پیارے

ہوا برباد ہون فریاد میں ہر آن کرتا ہون
کسی سے بھی تیری الفت کو میں کب عیان کرتا ہون
ہیں اب گلزار ہستی کا سبھی ویران کرتا ہون
میں اپنی جان و تن ایمان کی دوکان کرتا ہون
تمہاری شان میں تصنیف اب دیوان کرتا ہون
تیرے قدمون کے نیچے پر میں سر قربان کرتا ہون

بیکاری ہیں تو میران شاہ جناب چشت کے درکار
تصدق حضرت شہ بہیکہ پہ دل جان کرتا ہوں

ہوئی مدت کہیں جاکر میں اپنے یار کو ڈھونڈون
چھپا لعل چمنکر میرا میں دس دلدار کو ڈھونڈون

بس اب چلنا ہی بہتر ہے مجھے امداد کی خاطر
شہ لولاک احمد سید ابرار کو ڈھونڈون

ہرم کے برج پر یارد فتح نامے کا ہے دعوی لے
علی شیر خدائے حیدر کرار کو ڈھونڈون

دھر لیے عشق کے میدانین اب ہمنے قدم یارد
جچہ ہے ہند الولی چشتی میں اوس سرکار کو ڈھونڈون

جناب قطب اقطاب معلے ساکن دہلی
فرید الدین باباجنتی دربار کو ڈھونڈون

دو جگ میں خاندان چشت کا سب فیض روشن ہے
علاؤالدین صابر صاحب غمخوار کو ڈھونڈون

جناب حضرت شاہ گرامی پیر ہیں میرے
چراغ ہردو عالم محرم اسرار کو ڈھونڈون

تصدق مرشد کامل کے جو کچھ ہے وہی وہ ہے
اسے دیکھون گلے جا لون اسے مختار کو ڈھونڈون

صحیح عاشق ہو میران شاہ صفا کر دل کا آئینہ
جب اپنے آپکو ڈھونڈون تو خود اس یار کو ڈھونڈنے

افسوس ہجر یار میں ہوتی سحر نہیں
میں بیقرار ہون ولے اسکو خبر نہیں

کس سے کہون بھلا میں کہان جاؤن کیا کرون
رستہ تو میری آنکھوں میں آتا نظر نہیں

جب سے فراق یار کا ہمکو ہوا نصیب
وہ وقت کونسا ہے جو درد جگر نہیں

اے چرخ اپنے جور و ستم سے تو باز آ
واللہ اپنی آہ میں بھی کچھ اثر نہیں

اے یار مجھ پہ بہر خدا اب تو کر نظر
مجھ سا جہان میں اور کوئی دربدر نہیں

کس طور وہم ہستی کا اندھیر مٹ سکے
جبتک ہمارے گھر میں وہ آتا قمر نہیں

بس اب صنم کے کوچے میں رہنا ہی خوب ہے
زندہ پھریگا کوئی وہ ایسا تو ڈر نہیں

بے یاد اس صنم کے نہ آرام ہے مجھے
ایسا ہون بیقرار کوئی دم صبر نہیں

کر عرض جلد حضرت صابر سے میران شاہ
ایسا کوئی جہان میں تو فیض عام در نہیں

ہے عشق محمد کا مسکر جہان و جگ میں
لیتا ہون سدا نام بھی شام و سحر میں

ہے ذکر بھی ورد بھی خاص وظیفہ
امید شفاعت ہے مجھے روز حشر میں

ہین اول و آخر وہی ظاہر وہی باطن
موجود ہیں حور و ملک جن و بشر میں

ہر شان میں ہر رنگ میں ہے نور ہویدا
کیا آتش و خاک آب و ہوا اور ابر میں

ہر شہر بیابان میں ہر بحر روان میں
طائر و سمندر میں وہی کوہ و شجر میں

کیا زلف سیہ میں بھی جہاز لونہ خدا کے
ہے گل میں لطافت نہ وہ خوشبو ہے عطر میں

دندانِ مبارک میں عجب جلوہ گری تھی
یاقوت و زمرد میں نہ وہ لعل و گہر میں

واہ صلِ علیٰ کیا قد و قامت کی صفا ہے
سب سرو گلستان ہیں پراگندہ فکر میں

شیرین دہنی کا میں لکھوں وصف بھلا کیا
وہ میٹھی فرق میں ہے نہ جنت کے ثمر میں

دیکھا جو محمدؐ کو تو بس دیکھا خدا کو
مطلق نہ جدائی ہے ذرا میری نظر میں

گنجینۂ عرفان محمد کا ہے سینہ
پایا ہے خدا جسنے تو پایا اسی گھر میں

معراج کی شب ساری ملائک جو کھڑے تھے
شایق پئے تعظیم وہان عرش کے در میں

فریاد گنہگار کی سن لو تو محمدؐ
ہے نور تیرا رخ و سما شمس و قمر میں

اے صاحب لولاک شہ یثرب و بطحا
للہ بچا لیجو نکیرین سے قبر میں

ہے دل میں کہ ہو مجھکو مدینہ کی زیارت
نہ زر ہے میرے دامن میں نہ طاقت ہے کمر میں

یا ختم رسل میری تجھے لاج و شرم ہے
کچھ پاس نہیں ہے میرے محشر کے سفر میں

محتاج ہوں بیکس ہوں غریب الغربا ہوں
نا علم نہ واقف ہوں کسی کار و ہنر میں

**میران شاہ** گدائی کا یہی مقصود ہے دل میں
مصروف رہوں حضرت صابر کے صبر میں

اب بھی آ نام خدا تجھکو قسم ہے گلبدن
عشق میں تیرے ہے سہا دل پہ سدا رنج و محن

عیش و عشرت اٹھ گیا دل سے تیرے اے مہ جبین
خار ہے اور نار ہے تجھ بن سجن باغ عدن

ڈھونڈھتا ہوں بنکے دیوانہ تجھے ہر سو بسو
مثل لیلیٰ کیوں کیا اتنا ستم مجھ پر سجن

ہے تیری صورت سے مجھے آئینۂ ذات خدا
بس فقط ہے چاہ یوسف میں الم در جان و تن

از برائے وصل تو من در بیابان گشتہ ام
یاد آتا بھی نہیں ہے ایک دم اپنا وطن

لکھ نہیں سکتا ہے تیرا وصف کچھ میرا قلم
شکل محبوبی کے ہے تجھ پر ختم سارا چلن

**میران شاہ** میں خاکساری خاص صابر کا ہوں
سر فدا قدموں پہ اسکے اور اپنا تن بدن

اے صنم صورت پہ قربان تیری ہیں
جان و دل ایمان سب خواہان تیری ہیں

بیٹھے ہیں در پہ تیرے دھونی رما
کشتۂ دل چشم گریان تیرے ہیں

کر عطا اپنا لقا بہر خدا
نور انور ماہ تابان تیرے ہیں

کیا خطا مجھ سے ہوئی کیوں ہو خفا
اے میرے مشفق مہربان تیرے ہیں

اے میرے سرو چمن اے گلبدن — مثل بلبل آہ و نالان تیرے ہیں
اے صبا جا کر تو کہدے یار سے — مثل مجنون دل پریشان تیرے ہیں
عاشقون کا مذہب و ملت ہے عشق — ہم نہ کافر نہ مسلمان تیرے ہیں
ہو گیا ہون خاک تیرے ہجر میں — جانون نا جانون مری جان تیری ہیں
کیا مجھے ہستی کی ہستی سے غرض — مست سیر در بیابان تیرے ہیں
خواجۂ ہند الولی لیجو خبر.. — مدح خوان ذاکر ثنا خوان تیرے ہیں

ہو گیا آزاد میران شاہ گر
پر اسیر زلف پیچان تیرے ہیں

نظم

ہر دو عالم میں جز علی ہے کون — اور نبی کا بھلا وصی ہے کون
جنکو حق نے کہا ہے اسد اللہ — رہنمائے خفی جلی ہے کون
وصف حق نے کیا ہے قرآن میں — اس سے بہتر ثنا صحیح ہے کون
زور بازوئے صاحب لولاک — جن و انسان میں منجلی ہے کون
اسم اعظم ہے خاص نام علیؓ — انکے در کے سوا دلی ہے کون
سمجھے احمدؐ کو حیدر صفدر — سمجھے حیدرؓ کو جز نبیؐ ہے کون

میران شاہ مر کے بل نجف جانا
بات اسکے سوا بھلی ہے کون

عاشق زار جان فدا ہون میں — ہجر دلبر میں دل جلا ہون میں
لے خبر جلد اے مسیحا دم — تیرا بیمار لا دوا ہون میں
کس لئے ہم سے اے صنم ہو خفا — تیری صورت پہ مبتلا ہون میں
دیدیا جان و دل تجھے پیارے — غیر کس کا نہ آشنا ہون میں
لو خبر یا علاؤ الدین صابر — تیرے دربار کا گدا ہون میں
مجھکو دکھلا صنم رخ زیبا — تیرے کوچے میں آپڑا ہون میں

میران شاہ دلربا سے یوں کہدے
سگ دربار چشتیا ہون میں

سلطان نظام الدین ولی محبوب الہی فخر جہان — ای شاہنشاہ زری زر بخش ای محرم از نہان و عیان
یا نظر کرم فی الفور کرو مجھسے ستی ہو ہو مہ بری — گرد و ہم خودی دل کو صفا اے باغ نبی کی سرو روان
ای ساقی وحدت جام پلا مخمور ہو دیکھون سیر فنا — آباد رہی میخانہ تیرا اے گنج شکر کے نور فشان

مجھے اپنی ہی شوق کا جستجو از پی حرص ہوس و خشت نہ خوف سقر
ہو صفا دلم از خلش دگرے ملے ہے حقیقت بے پایان

ملا رتبہ جلال جمال تجھے بتحقیق ہے قرب کمال تجھے
ہمہ دم ہے حصول وصال تمہی ای عالم علم سیر دلان

اے دلی کے سراج کرن ہاری سب شاہ و گدا ہے تیرے ہی متوار
اے چشت نگر کے اجیالے ہے آپکا جلوہ کون و مکان

مسکین غریب ہے میر الشاہ اور بے سروسامان حال تباہ
دو جگ میں ہو میری پشت پناہ تجہ در کے سوا اب جاؤں کہان

گنج شکر کے نور العین نظام الدین محمد حسین
خواجہ چشت کے دل کے چین نظام الدین محمد حسین

کعبہ مدینہ ہے زیب نین شمس و قمر ہے آتش رین
شرق اور غرب ہے شور و شین نظام الدین محمد حسین

فرد عالم کا پھولا چمن سرو خرامان سیب ذقن
خاص یہ گل ہین ذالقرنین نظام الدین محمد حسین

علم اور حلم ہے اپنہ ختم راحت جان ہین انکی قدم
رتبہ اعلیٰ ہے طرفین نظام الدین محمد حسین

ہر دو جہانمیں وہ ہیں نشان مبدۂ فیض کے بحر روان
زیر قدم ہے قاب قوسین نظام الدین محمد حسین

پورب دکھن کے لکھو ہین میں کرتے ہیں سب مین دعا
بیگ ہے آن خبر بالین نظام الدین محمد حسین

میران شاہ نے دیا سنا طالبونکی ہے دل سے دعا
ہمرے سروں پہ دہرین نعلین نظام الدین محمد حسین

دلا کچھ غم نہ کر مشکل کشا ہیں
مدد گار وصی خیر الورا ہین

نہ کر خوف و خطر رنج و محن کا
حمایت کے لئے شیر خدا ہین

ملیگی داد تجھکو اُن کے در سے
سپہ امداد شاہ لافتا ہین

وہی ہیں مالک ملک ولایت
وہی مظہر اتم اہل صفا ہین

کرینگے اب تیری غربت نوازی
غریبون بیکسون کے پیشوا ہین

اکھاڑا ہیں در خیبر کا جس نے
تیری وہ دو جہان میں رہنما ہین

کیا ہے وصف حق نے ہل اتےٰ ہین
تیرے ہر درد کی بس وہ دوا ہین

وہی مختار ہین بحر حقیقت
وہی مولا علیؑ عقدہ کشا ہین

سبھی حور و پری انسان ملائک
علیؑ پر جان اور دل سے فدا ہین

وہی ہیں محرم راز نہانی
تیری حالت سے کب وہ ماسوا ہین

علی کو مرتبہ جو حق نے بخشا
بجز اسرار کیا جانے وہ کیا ہین

تو کہدے میران شاہ شاہ نجف سے
میرے مولا تیرے در کے گدا ہیں

اے دلبر رعنا تیرا مشتاق دیوانہ ہوں میں
دکھلا رخ زیبا مجھے بے حال مستانہ ہوں میں

حیران پریشان کو بکو کرتا ہون تیری جستجو | آ مل ہے کہ دلدار تو گم گشتہ ویرانہ ہون میں
اے سرو قامت گلبدن سیمین ذقن غنچہ دہن | اے شمع روے انجمن دل وجان سے پروانہ ہون میں
اول تو ہی آخر تو ہی باطن تو ہی ظاہر تو ہی | بس میں نہیں ہون ہی تو ہی تو ہی مکین خانہ ہون میں

سنتا تو ہیں اور دیکھتا آتا تو ہیں جاتا تو ہیں
بس وہم باطل کے سبب **میران شاہ** بیگانہ ہون میں

میں جسکو ڈھونڈتا ہون وہ آتا ادہر نہیں | فرقت سے میری آنکھون میں آتا نظر نہیں
بیمار عشق بے سر و سامان ہون لا دوا | میری طرح سے اور کوئی در بدر نہیں
قربان کر دیا ہے دل و جان تن تلک | افسوس ہے کہ اسکو میری کچھہ خبر نہیں
حسن ازل کا لکھ سکے میں کیا وصف کر سکون | ایسا چمک دمک میں تو شمس و قمر نہیں
ناسور دل میں پڑ گیا فرقت میں یار کی | مرہم بجز وصل کوئی زخم جگر نہیں
بیکس غریب مونس و ہمدم نہیں کوئی | ملجائے جس ہنر سے وہ آتا ہنر نہیں

**میران شاہ** چل تو خواجہ ہند الولی کے در
فیض عام دو جہان میں کوئی اور در نہیں

یا غوث مجھہ دل بیمار کی امداد کرین | تیرے در بار سوا اور کہان فریاد کرین
تو خبر بھری بھر حسنؑ اور حسینؑ | دل برباد کو الطاف سے آباد کرین
جسکے حامی ہو مددگار ہو مونس غمخوار | کیا اسے قتل جو تلوار سے جلاد کرین
جسطرح شیر سے سلمان کو چھڑایا مولا | قید ہستی سے مجھے آپکے آزاد کرین
کچھہ نہین آپ کی سرکار میں اقرار کوئی | عقدہ کہل جاتے ہیں بس جی سے جو یاد کرین
خوش نصیبی ہے جو داخل ہون ثنا خوانونمیں | اس گنہگار کی تصنیف پہ گر صاد کرین

**میران شاہ** ساقی کوثر پہ فدا ہو دل سے
جام وحدت کا عطا کرکے مجھے شاد کرین

عشق نے کیا کیا دکھایا نہ میان | کون ہے جسکو ستایا نہ میان
جسقدر مجھکو تمہارا عشق ہے | تو نے ایسا تو نبہایا نہ میان
جلوہ حسن ازل اے دلربا | کس سے تو نے دکھایا نہ میان
تا ہے دو نو جہاں کی کچھہ خبر | ہمنے کچھہ اپنا بنایا نہ میان
تیری فرقت میں ہے جو جو ستم | حال دل اپنا سنایا نہ میان
کر دیا میں جان و دل اپنا فدا | تجھہ سے کچھہ میں نے چھپایا نہ میان

میران شاہ کو سب کہیں ہیں صابری
اس لئے ہیں بل بلا یا نہ میاں

مظہر نور خدا خواجہ معین الدین ہیں — چشم چراغ مصطفٰے خواجہ معین الدین ہین
واصل ذات الٰہی عارف اسرار حق — آرام جان مرتضٰے خواجہ معین الدین ہین
مقبول حضرت فاطمہ منظور حسنؑ مجتبٰے — فرزند شاہ کربلاؑ خواجہ معین الدین ہین
منصب ہند الولی انعام ذاتِ احمدی — خورشید و ماہ چشتیا خواجہ معین الدین ہین
دریائے فیض انس وجان صوفی مکمل رہ جہان — مسند نشین عرش علا خواجہ معین الدین ہین
زیب زمان شاہ گدا غمخوار و مونس رہنما — ہر درد اور غم کی دوا خواجہ معین الدین ہین

چل میران شاہ تاخیر کیا اجمیر کی اب راہ سے
مشکلکشا عقدہ کشا خواجہ معین الدین ہین

عاشق و شیدا جمال یار ہون — جان و دل سے یار پر بلہار ہون
طالب حسن ازل کا ہون سدا — مست دیوانہ ہون چشم زار ہون
کچھ خبر میری اسے ہے یا نہیں — میں تو اسکی یاد میں سرشار ہون
اب تو کر معجز نمائی لطف سے — اے مسیحا میں ترا بیمار ہون
میں اسیر زلف پیچیدہ کا ہون — خاکپا ہون بندہ ہون اشیار ہون
کیا ادا و ناز ہیں صل علٰے — کیا بیان ہو مجھسے میں ناکار ہون

میران شاہ ہے بس یہی حاصل کلام
خاکسار سے عاشق دربار ہون ...

اے گنج شکر کے لال کر دو تم کشتی پار نظام الدین — محبوب خدا نبیؐ و علیؑ عالی سرکار نظام الدین
ہے کون و مکان میں دہوم تیری اے محرم راز خفی جلی — کرتے ہیں سجدہ سب جن و بشر تمن بلہار نظام الدین
اے شاہنشاہ امیر دنکے مونس غمخوار فقیر دنکے — اے پشت پناہ اسیر دلن کے ای دلکے قرار نظام الدین
منظور نبیؐ و علیؑ ہو تم دلیوں کی شاہ ولی ہو تم — مقبول جو لم یزلی ہو تم محرم اسرار نظام الدین
اے واعظ قول شریعت کے ای ہادی راہ طریقت کے — ای مالک سر حقیقت کے مجھے ہو دیدار نظام الدین
عاجز یہ کردو تم نظر عطا اب کون ہے میرا آپ سوا — وحدت کا مجھے اک جام پلا رہے جس سے خمار نظام الدین

تم ہو جناب گنج شکر دو میران شاہ پر بھی نظر
مٹ جائے دوئی کا دل سے اثر سنو میری پکار نظام الدین

مطلق نہ آشنا میں کسی اہل زر کا ہون — میں تو بھکاری حضرت صابر کے در کا ہون

بندہ ہوں میں تو حضرت مخدوم پاک کا
جیسا ہون یار دیں تو ولے اسکے گھر کا ہون

شکر خدا کہ ہم بھی کہاتے ہیں صابری
رکھتا نہیں ہوں ولیں خدا میں حشر کا ہون

اس نخل بامراد کا عالم میں فیض ہے
ناچیز برگ میں اسی نور شجر کا ہون

منظور گر کرین تو میں اکسیر خاک ہون
بے نظر التفات بھلا کسقدر کا ہون

شرم وحیا غریب کی صابر کے ہاتھ ہے
واقف رمل جفر سے نہ کاہنر کا ہون

میران شاہ کوئی پوچھے کہ طالب تو کسکا ہین
اکہدے ولی محمد عالی پدر کا ہون

## ردیف واؤ

کیا مزا یاری کی یاری نے دکھایا مجھ کو
جلوہ بیرنگ ستے ہر رنگ دکھایا مجھ کو

ہو کے ہمراز حقیقت کی جھلک کھلائی
کیا کہون بے خبر و مست بنایا مجھ کو

مے فروش آپ ہی ہو کر ہوا ساقی مئے جام
اپنے ہاتھوں ستے بالطاف پلایا مجھ کو

محفل عشق میں مطرب نے بجایا نغمہ
اپنا خود ناز دکھلانے کو نچایا مجھ کو

کہا تحقیق ہے قرآن میں وفی انفسکم
کوچہ و دشت بیابان میں پھرایا مجھ کو

راز معشوق کیا صورت احمد میں محیط
ما عرفناک تو فرمان سنایا مجھ کو

ہستی اور نیستی کی حاجت نہ رہی میرانشاہ
پیر چشتی نے جو دامن میں لگایا مجھکو

اے بت دلربا میرے جان جہان توئی تو ہے
مظہر حق نما میرے جان جہان توئی ہے تو

درگہ تو گدا ہوں میں از دل و جان فدا ہوں میں
پیر چشتیا میرے جان جہان توئی ہے تو

صادق راہ قادری ہادی فیض صابری
مرشد پیشوا میری جان جہان توئی ہے تو

حامئ طالبان توئی دین و ایمان و جان توئی
عقدہ ولکشا میری جان جہان توئی ہے تو

پردہ صنم اٹھا ذرا حسن ازل دکھا ذرا
الورمہ لقا میری جان جہان توئی ہے تو

شاہ شہان بے ریا عاشق زار ہون تیرا
خواجہ دل صفا میری جان جہان توئی ہے تو

بدنام اور پر گناہ خستہ خراب میرانشاہ
کیجے حل خطا میری جان جہان توئی ہے تو

ملے پیر مغان دانا رفاقت ہو تو ایسی ہو
نہ کچھ غیر خدا جانا عنایت ہو تو ایسی ہو

نفی کر آپ کو دیکھے ثبات مرشد کامل
بھر مظہر وہی پانا ہدایت ہو تو ایسی ہو

نکل کر کثرت وہمی سے ہو کر غرق وحدت میں
ادل مرنے سے مرجانا شہادت ہو تو ایسی ہو

کفر اسلام سے فارغ بری ہو دین و دنیا سے
شود در عشق مردانہ شجاعت ہو تو ایسی ہو

اٹھا ناد ہم دوئی کا سمجھنا غیر غیر اللہ
خودی سے خود ہو بیگانہ قناعت ہو تو ایسی ہو

اصل اپنے سے ہو واقف یہی ہیں ان کے معنے
قدم پر ہو قدم اپنا اصالت ہو تو ایسی ہو

جناب سید ابرار سے کر عرض میرالشاہ
جمال پاک دکھلانا شفاعت ہو تو ایسی ہو

اے زاہد فقط یوں ہیں سر کو نہ مارو
محرم ہو حقیقت سے یہاں دل کو سنوارو

گر حق کی طلب ہے تو کرو نیستی اپنے
مردانے خدا ہو چلو ہمت کو نہ ہارو

بیخود ہو میاں سمجھو حقیقت کو خدا کی
کوشش سے دل زار زنگ دوئی دل سے اتارو

دوزخ کا فکر ہے تمہیں جنت کی طلب ہے
دلبر کی رضا ہو تو دل و جان کو وارو

کہتے ہیں یہ شرک جو کچھ آپکو سمجھے
ہر صفت میں موصوف میاں حق کو شمارو

گنجینۂ عرفان کا فیض عام ہے کلیر
مشکل جو بنے حضرت صابر کو پکارو

میران شاہ محبت سے یہی سب کو سنا دے
جانا ہو جسے اب چلو تم شوق سے یارو

کوئی بتاؤ تو مجھکو یارو کہیں ہمارا صنم ملا ہو
ہیں اسکو مدت سے ڈھونڈتا ہوں بتاؤ مجکو کہیں ملا ہو

جو میرے دلبر بنی ہے یارو کہوں حقیقت میں کسکے آگے
ہے کون محرم بجز پیا کے وہ جانے جسکو ہجر ہوا ہو

پڑی ہیں دلبر غموں کی چھالے ہیں چشموں سے خون کے نالے
کوئی تو بہر خدا سنبھالے کہ جسنے دلبر کا غم سہا ہو

نہ مجھکو جینے کا کچھ مزا ہے نہ چین آتا ہے نہ قضا ہے
وہ ایسا بیرحم بیوفا ہے کہیں بھی دیکھا نہ اور سنا ہو

بہت ہے گلیوں کی خاک چھانی ملا پتا نہ کچھ نشانی
جناب شہ ہے یہ کہانی سنیں تو مشکل میری کشا ہو

عجب ہے مشکل یہ عشقبازی غلط ہے کہیں عقل رازی
اگرچہ عربی ہو یا ریاضی وہ کیوں نہ حیرت میں آ گیا ہو

گدا ہوں ہند الولی کے گھر کا غلام صابر کے ہوں میں در کا
ہو اچھا میرالشاہ جلد پیارے کرم سے انکے ترا بھلا ہو

مدت ہوئی دیکھا نہیں افسوس سجن کو
ہو کا ہے مجھے اس عشق نے آوارہ وطن کو

آتی ہے یہ میرے دل میں کہیں یار کو ڈھونڈوں
جوگن کا کروں بھیس ملوں خاک بدن کو

نہ خط نہ کتابت نہ زبان سے بھی طلب کی
کس سے میں کروں جا کے عیاں رنج و محن کو

ہے آتش غیبی نے ہے کیا شور مچایا
کس طور بجھاؤں میں یہ برہوں کی اگن کو

جنت کی ہوس ہے نہ طلب حور کی مطلق
کیا جا کے کروں یار سوا باغ عدن کو

مر جاؤں اگر یار و صنم پاس نہ ہو وے
جانا نہ کہیں لے کے میری لاش دفن کو

میران شاہ تیرا مونس و ہمدم نہین کوئے
صابر کے سوا کس سے کہون دل کی لگن کو

دل کو ہمیشہ وصال صنم کی ہے آرزو
جاتا رہا وہ دل سے خلل وہم غیر کا
حسین دل کو آشیانہ ملا زلف یار کا
ساقی نے با کرم مجھے مئے صاف دی پلا
خواہش ہو جسکو دیکھ لے گم کر کے آپکو
اثبات جان یار کو اور آپ کو نفی

اس آرزو میں ہستی کی مطابق رہو نہ لو
دیکھا تو عین یار کا جلوہ ہے سو بسو
جاتی رہی وہ شرم و حیا اور آبرو
اسلام و کفر کی رہی باقی نہ جستجو
تصویر اپنے یار کی رہتی ہے روبرو
جز ذات بے مثال بتا پھر کہان ہو تو

میران شاہ اب تو جان لے من عرف نفسہ
کسکی تلاش کے لئے پھرتا ہے کو بہ کو

مجھے اے گنج شکر اپنا بناؤ
نہین مجھکو امن جز ذات تیری
مٹے وہم دوئی اور شرک دل سے
ستہ شاہان عالی قطب عالم
روان ہو خاندان چشت تم سے
ہے رتبہ تجھکو زبدۃ الانبیا کا
جو آوے در تیرے جنت کو جاوے

کرم سے روئے محبوبی دکھاؤ
وہ عالم مین مجھے غم سے بچاؤ
مجھے مئے بیخودی ایسی پلاؤ
سبھی مقصود دل کا اب دلاؤ
جو اسرار حقیقت کو سمجھاؤ
مجھے بھی قید ہستی سے چھڑاؤ
مجھے بھی مژدہ جنت سناؤ

سگ دربار عاجز میران شاہ کو
کرم سے اپنے دامن مین لگاؤ

یارو کوئی جا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
میخانہ وحدت سے تو اک جام محبت
پابند ہون مین حرص و ہوا رنج و بلا مین
بیدل مین تڑپتا ہون پڑا بے سر و سامان
لو میرے خبر بہر شہنشاہ معالی
ہر آن وظیفہ تیرا اسماء معظم
مشکل و گلفام ہر دو تیرے عرش کے تا ہی
میران شاہ تیری یاد مین مصروف ہو ہر دم

کر نظر عطا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
رحمت سے پلا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
ہو میری رہا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
دیکھو تو ذرا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
دیدار دکھا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
ہے دل مین سدا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
اس ماہ لقا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو
مسکین گدا حضرت شاہ بھیکھ سے کہدو

اب کوئی جاکر کہے دلدار کو ۔ دل تڑپتا ہے ترے دیدار کو
سخت حیران ہون پریشان ای صنم ۔ مت ستاؤ عشق کے بیمار کو
قاصد لادے خبر بہر خدا ۔ کچھ خبر ہے یا نہین غمخوار کو
یا علاؤالدین صابر کلیری ۔ یاد فرماؤ دل آزار کو
جسپہ پڑجائے تمہاری یک نظر ۔ کیا وہ سمجھے غیر حق اغیار کو
ناتوان ہو بیکس وبے آشنا ۔ تم سا چارہ گر نہین ناچار کو

میران شاہ کو کچھ نہ ہو رنج و الم
گر کرو منظور اس گفتار کو

ملا ولدار اب ہم کو آہا اہا او ہوا و ہو ۔ ہوا دیدار اب ہمکو آہا آہا او ہوا و ہو
ہوا اک جام ساقی سے عطا جی ارغوانی ہے ۔ کیا سرشار اب ہمکو آہا آہا او ہوا و ہو
جناب عشق سے یارو کہون کیا خواب غفلت سے ۔ کیا بیدار اب ہمکو آہا آہا او ہوا ہو ہو
اٹھا پردہ دوئی کا جب کہان ہی غیر حق یارو ۔ ملا اسرار اب ہمکو آہا آہا او ہوا و ہو
عجب پردہ نہانی سے نظر آئی جو دلبر کی ۔ زلف بلدار اب ہمکو آہا آہا او ہوا و ہو

زہے قسمت ہو میران شاہ کیا منظور صابر
سر دربار اب ہمکو آہا آہا او ہوا و ہو

دل دے چکا ہون پیاری تم جانو یا نجانو ۔ مشتاق ہین تمہارے تم جانو یا نہ جانو
روز ازل سے ہم ہین حسن ازل کے طالب ۔ اے مہ لقا ہمارے تم جانو یا نہ جانو
عالم مین منکشف ہے جلوہ نمائی تیری ۔ مرتے ہین ہم بچارے تم جانو یا نہ جانو
دکھلا جمال اپنا اجمیر کے بسیا ۔ چاہون کرون نظارے تم جانو یا نہ جانو
جسطرف دیکھتا ہون آتا نظر ہے تیرا ۔ نور و ظہور سارے تم جانو یا نہ جانو
بہر خدا دکھادے گھونگٹ اٹھا کے مکھڑا ۔ کہتا ہون مین پکارے تم جانو یا نہ جانو
ہر دل مین بس رہو ہین بس آپکی طرف سے ۔ عرفان کے اشارے تم جانو یا نہ جانو
آتش ہجر سے تن من جل بل گیا ہے میرا ۔ تکتے ہین اب تمہارے تم جانو یا نہ جانو

ہے شوق میران شاہ کو [illegible] کا ہر دم
اے میرے دل دلارے تم جانو نہ یا نہ جانو

خبر لو یا علاؤالدین دو عالم مین سہارے ہو ۔ فرید الدین بابا کے دل و جان سے پیارے ہو
غریبون کے سرون اوپر سدا ہے آسرا تیرا ۔ تمہین مونس تمہین غمخوار اور حامی ہمارے ہو

تیرے دیدار کا مشتاق ہر دم ہون علی احمد
روان ہی فیض کا دریا تمہارے عشق کامل سے
تیرے دربار عالی کے ہین سب شاہ و گدا عاشق
نظام الدین علاؤلدین خلیفے فرد عالم کے

دو جگ مین ہی تیرا جلوہ مثل روشن تندی ہو
ملایک جن و حیوان اور انسانون مین ساری ہو
نظر مین نظر بازون کی تمہین کامل نظاری ہو
مثال چاند اور سورج ہر دو ماہ پارے ہو

کرے رتبہ رقم تیرا کہان تک میران شاہ
تو ہے جو محمد کے علی کے دل کے پیارے ہو

ای صنم عشق تیرے نے کیا ہی ستایا مجھکو
کیا ہوئی مجھ سے خطا جس لئے یہ جور و جفا
دل دیا جان بھی دی اور کیا سر کو فدا
آہ میرے پیارے بتیے حضرت صابر کی قسم
ماسوا تیرے نہین غیر سے اور کسی سے مجھے
دمبدم در پہ تیرے کہتا ہون ادنی

ہائے افسوس نہ دیدار دکھایا مجھکو
کوچہ و شہر بیابان مین رلایا مجھکو
تو نہین مین ہون عجب راز سمجھایا مجھکو
کیون بھلا خواب عدم سے تھا جگایا مجھکو
دو جہان سے تیری الفت نے اٹھایا مجھکو
لن ترانی کے آوازے نے جلایا مجھکو

میران شاہ کیون نہین مین اب سوی اجمیر جاؤن
خواجہ ہند الولی نے بلایا ہے مجھکو

جناب مخدوم علاؤالدین جمال اپنا دکھا دی ہمکو
زیر کلیر کی خاک ہمکو ہی مین عرش برین سے بہتر
تمہین نے فیض عام صابری کو کیا ہی روشن ہر دو عالم
ای میرے مونس ای میری ہمدم تمہارے دیدار کا ہون مشتاق
بروز محشر کے ہو سہارا ای میرے صابر علی پیارے
مین جانون کا سف حضرت ای راز مخفی جلی کی

ظہور کثرت سے سوی وحدت کرم سے اپنی لگا دی ہمکو
جو شوق اپنے سے جام پر کر بہ نظر رحمت پلا دی ہمکو
بخواب غفلت مین پڑ رہا ہون اے شاہ عالی جگا دی ہمکو
مریض ہجر ہون اے مسیحا ملک اٹھا کر جلا دی ہم کو
لگا ہون دامن سے آ تمہارے وہم خودی سے گا دی ہمکو
جو قید ہستی سے ہو رہائی فنا بقا سے چھڑا دی ہمکو

طفیل بابا فرید چشتی کے میران شاہ لگا و دامن
یہی ہے مقصود دل کا سارے سرور اپنا دلا دی ہمکو

ہمین دامن سے یا خواجہ لگا لو
تمہارے عشق نے پھونکا ہے تن من
سدا یہ آرزو ہے دلمین ہر دم
تیرا دیدار ہے دیدار ربی
[illegible]

حضوری مین مجھے اپنے بلا لو
کبھی جام وصال اپنا پلا لو
سگ درگاہ عالی کا بنا لو
ذرا گھونگٹ اٹھا کر کے دکھا لو
[illegible]

تیرے دیدار کی حسرت ہی دل میں — رخ پر نور سے پردہ اٹھا لو

تمنا دم بدم ہے میران شاہ کی
مجھے بھی اپنے روضہ پر بلا لو

## ردیف ہ

صنم کے عشق میں یار و ہوا ہوں میں تو دیوانہ — زبس حسن شمع پر جل گیا ہوں مثل پروانہ
نہیں ہوش و خرد قایم میرا فرقت میں جاناں کی — کوئی کہتا ہے سودائی کوئی کہتا ہے مستانہ
جلایا ساقیا ای آتشی سے وہم دوری کا — رہے روز ازل سے تا ابد آباد میخانہ
اٹھایا دین و مذہب نہ خواہش حور و جنت کی — رہا میں تو نہ کچھ باقی بنھا یا خوب یارانہ
دکھایا جب سے تو نے ہے مجھے جلوہ فقیرانہ — کبھی مست اور کبھی سالک کبھی ہوں حال رندانہ

اٹھا دے وہم غیر اپنا بری ہو رنج و راحت سے
تو چل اجمیر میران شاہ وہ ہے دربار شاہانہ

یہی ہو آرزو ہر دم تیرے دربار یا خواجہ — کروں پردہ نہانی سے عیاں دیدار یا خواجہ
جو ہو ہند الولی رونق معین الدین اجمیری — فنا بی تو خبر میری ہے غم خوار یا خواجہ
تیرے روضے مبارک میں اگر میرا گذر ہووے — سبھی رنج و الم اپنے کروں اظہار یا خواجہ
نسیم فیض عرفاں ہو علیم راز پنہاں ہو — مرض دل کے بھی درماں ہوئے آزار یا خواجہ
مجھے نظر عطا سے اب دکھاؤ راہ وحدت کا — صفا ہو دل کا آئینہ کھلے اسرار یا خواجہ
تمامی اولیاؤں کے تمہیں شاہ ولایت ہو — حقیقت کی ہدایت ہو صمیم سرکار یا خواجہ

رہی میں تو نہ کچھ باقی گذر اپنے سے میران شاہ
یہ بس دم جب تلک میرا رہے گفتار یا خواجہ

کیا پاک خاندان تمہارا ہے شاہ بھیکھ — مہر یہ دلمیں نام پیارا ہے شاہ بھیکھ
کیا خوب اس طریق میں عیش و سرور ہے — لوٹے ہوئے دلوں کا سہارا ہے شاہ بھیکھ
تحقیق دو جہان میں تمہارا ظہور ہے — روشن نبی کے دین کا تارا ہے شاہ بھیکھ
اے بادشاہ فیض میں ہوں آپ کا گدا — مجھکو تمہارے ہجر نے مارا ہے شاہ بھیکھ
بس دل کو اشتیاق ہو حسن و جمال کا — ذات خدا کا صاف نظارہ ہے شاہ بھیکھ

ہے آپکے کرم کا طلبگار میران شاہ
جو تھا خراب دل میں پکارا ہے شاہ بھیکھ

وظیفہ ہے مجھے ہر دم تمہارا یا رسول اللہ — درود پاک اظہر ہے ہزارا یا رسول اللہ

کہاں مقدور ہی مجھ مین لکھون اوصاف حضرت کے
ہے بیشک ذات اللہ کا نظارا یا رسول اللہ

یہی ہے آرزو دل مین پلاؤ جام وحدت کا
مٹے تب وہم ہستی کا یہ سارا یا رسول اللہ

عرش اور فرش تک ہی ملائک جن اور انسان
سبھون کا ورد ہے کلمہ تمہارا یا رسول اللہ

ہوا وعدہ شفاعت کا شب معراج اللہ سے
اسی باعث ہے امت کو سہارا یا رسول اللہ

یہی مقصود ہے دل کا رہے تجھ نام کی تسبیح
اٹھون جس دم قیامت کو دوبارا یا رسول اللہ

ابی لاہب کو دکھلایا عجائب معجزہ تم نے
کیا شق القمر ایسے اوتارا یا رسول اللہ

مجھے گردش نے گھیرا ہے طفیل الجناب اللہ
اٹھاؤ فکر و غم دل سے خدارا یا رسول اللہ

طفیل اپنے نواسون کے میری مشکل کشائی ہو
مدد کو پہنچو اب مرتضے را یا رسول اللہ

غلام سید شاہ بھیکھ ہے ناچار میران شاہ
مجھے محشر مین بخشا ناخدا را یا رسول اللہ

اب تو چل نواسے دلا اجمیر کا دربار دیکھ ..
خواجہ ہندوالی کی با کرم سرکار دیکھ

پاتے ہین فیض انکے در سے جن و انس خاص و عام
تو بھی چل کس کر کمر ہو یا خبر ہوشیار دیکھ

ایسے مردان خدا ملنے سے ملتا ہے خدا
روئے خواجہ حق نما ہے انکا تو دیدار دیکھ

کر خودی کو دور دل سے گر خدا کی ہو طلب
کنت کنزاً مخفیا کا جا کے وہان اسرار دیکھ

عقدے کھل جاتے ہین دل کے مرقد انوار پر
وہان تجلی مصطفے وحیدر کرار دیکھ

کیا مزارون سے آتی ہے جنت کی ہوا
خلد کا تو اس زمین پر گلشن و گلزار دیکھ

اب تجھے کیا دیر ہے چل جلد با صدق و صفا
میران شاہ بلہار ہو کر جا کے اپنا یار دیکھ

کیا حسن ازل یار کا دیدار ہے واللہ
سب عشق مین معشوق کے بیمار ہین واللہ

اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن
دیکھا ہے میان جستجو وہی یار ہے واللہ

آئینہ دل صاف کرو زنگ دوئی سے
مطلق ہم صورت وہی دلدار ہے واللہ

غائب جو کیا انکو دو پردہ وحدت
بس اسمین ہی مخفی اسرار ہے واللہ

طالب ہین جنت کے ہم وہم تو مر کی شتابی
جیسا ہے صنم بس وہی گلزار ہے واللہ

کافر ہے میان عشق مین ہم عشق کے کافر
اسلام سے ہمکو نہ سرو کار ہے واللہ

میران شاہ رضا یار مین ہم بھی رضامند
جو کچھ ہے ولی چشت کا دربار ہے واللہ

یہی ہے آرزو میری معین الدین اجمیری
حضوری ہو مجھے تیری معین الدین اجمیری

تمہیں شاہ ولایت ہو تمہیں ہادی ہدایت ہو
دوئی نے جان ہے گھیری معین الدین اجمیری

ہجر کی آگ سوزان نے جلایا تن بدن میرا
ہوا ہوں خاک کی ڈھیری معین الدین اجمیری

خدا کیواسطے بخشو مجھے جام محبت کا
اٹھے ہے دل میں اندھیری معین الدین اجمیری

طفیل خواجہ عثمان کے سبھی مقصود ہو حاصل
ہمیں ہیں دربدر کی پھیری معین الدین اجمیری

کہیں منکیر نکیر آکر بتا اب کون ہے حامی
کہوں میں خاص اجمیری معین الدین اجمیری

تیرے در کے گداؤں کا گدا ہوئی ہو میران شاہ
جو ہو قدموں میں جا میری معین الدین اجمیری

جس دل کو تمنا ہے میاں چشت کے در کی
مطلق نہ محبت ہے اسے دولت و زر کی

جس جا پہ گذر حضرت انسان کی ہے یارو
طاقت وہاں نہیں قوت ہے جبرئیل کی پر کی

پی لو جسے خواہش ہے میاں جام محبت
مجھکو وہ کہے کوئی کہ ہم کو نہ خبر کی

جو عشق کا گھایل ہے وہ اجمیر کی راہ لے
مرہم وہاں ملتی ہے میاں زخم جگر کی

کیا فخر ہے کیا شان ہے کیا رتبہ اعلےٰ
او صاف کرے بس کہاں طاقت ہو بشر کی

حاصل ہے میاں عشق جسے اپنے صنم کا
کچھ اسکو خبر ہے نہ ادھر کی نہ ادھر کی

میران شاہ تیرے سر پہ سدا سایہ ہے چشتی
حیرت تجھے اب کیا ہے بھلا روز حشر کی

افسوس عشق ظالم تن میں جلا رہا ہے
کیا ہجر اس صنم کا دل کو ستا رہا ہے

کس سے کہوں میں اپنی سنتا نہیں ہے کوئی
جو کچھ کہ دل میں اپنے یارو سما رہا ہے

گھایل ہوا ہوں ایسا سکی گھونگٹ کی پٹ الٹ سے
وہ شوخ ناز اپنے کیا کیا دکھا رہا ہے

پی تو یہ ندا ہے اس در پہ رب ارنی
واذ لن ترانی ہم کو سنا رہا ہے

فرمان نحن اقرب ہر جا وہو معکم
کیا خوش نما ادا سے پیارا بنا رہا ہے

مرتے ہیں ہم تو یارو حسن ازل پہ اس کے
کیا جانے کس خطا سے مکھڑا چھپا رہا ہے

میران شاہ سر کے بل تو اب چل پٹن کلیر
فیض عام گنج مخفی صابر لٹا رہا ہے

مرنے کا تیرے عشق میں اے جان نہیں غم ہو
لیکن تیری فرقت کا بہت رنج و الم ہے

مرتے ہیں تیرے عشق میں ہم با سر عریان
یہ تیر تمہارا ہمیں دوزخ سے نہ کم ہے

گر تیغ بھی ڈالین تو ہمین بر سر بازار
ایک دم بھی جو غافل ہون تو ہے کفر سراسر
ہمنے تو تیرے عشق مین تن من کیا قربان
جاینگے نہین چھوڑ کے مطلق تیرا دامن
شایق ہون تیرے حسن ازل کا میرے ہمدم
منظور نہین تجھکو گنہگار سے الفت

انکار نہین ہے مجھے قرآن کی قسم ہے
نقشہ تیرے صورت کا میری دل پہ رقم ہے
پر تجھکو محبت نہ دلاسا نہ کرم ہے
جبتک میرے دلدار میرے سینہ مین دم ہے
کس واسطے عاجز پہ سدا جور و ستم ہے
عاشق کا تو آگے سے بھی آگے ہی قدم ہے

**میران شاہ** کہان طاقت تحریر ہے پیارے
کاغذ نہ سیاہی نہ بیان ہے نہ قلم ہے

سجن کو کرم سے اپنا مکھڑا
جمال حسن لوائی ہے پر دہ
شراب شوق کا اک جام مجھکو
تیرے کوچہ صنم میرا گذر ہو
خداوندا کرم سے مجھکو پیارا
ہوا ہے گر خفا دلدار ہم سے

دیکھادے تو دکھادے تو دکھادے
اٹھادے تو اٹھادے تو اٹھادے
پلادے تو پلادے تو پلادے
رضادے تو رضادے تو رضادے
ملادے تو ملادے تو ملادے
منادے تو منادے تو منادے

جو دل کی آرزو ہے **میران شاہ** کی
دلادے تو دلادے تو دلادے

جو عشق مین سرشار ہی بدنام نہین ہے
جب کثرت وہی ہے کھلے چشم حقیقت
ہر طرف ہویدا ہی ہمہ یار کی صورت
ہستی سے نکلکر جو کرے آنکھو منشرح
ساقی نے جسے جام محبت کا پلایا
اک آن گوارا نہین دلبر کے جدائی
کیا لطف ہو یار کی تصویر پہ قربان
اس عشق کے بیمار کی مطلق نہ دوا ہے

یہ مسئلہ خاصان خبر عام نہین ہے
جز ذات کوئی اور سر انجام نہین ہے
قرآن مین آیا ہے یہ الزام نہین ہے
ایسا کوئی اسلام مین احکام نہین ہے
بس اسکے سوا اور کچھ اکرام نہین ہے
جز عشق میرا اور کوئی کام نہین ہے
گر کفر سے فارغ ہے تو اسلام نہین ہے
دیدار سوا یار کے آرام نہین ہے

**میران شاہ** ہی حضرت شاہ جیلانی کا ہو فیض
جز شوق محبت کے صبح شام نہین ہے

صل علی صنم کے حسن کے بہار ہے
اس حسن کے بہار پہ عاشق ہزار ہے

اٹھ جائے گر صنم کے رخ پاک سے حجاب
جا بجاے دل نبی کا یہی افتخار ہے

ناز و ادا صنم کا بیان کیا کرے کوئی
ارض و سما میں جن و ملک بیقرار ہے

ساقی پلا دے جام وصال صنم مجھے
کیا سخت میرے دل پہ ہجر کا غبار ہے

یارب کسی کو فرقت جاناں نہو نصیب
دلبر کے درد و غم سے میری چشم زار ہے

یا شاہ بھیکھ بہر خدا لو خبر میری
دربار میں حضور کے میری پکار ہے

چل بیدرنگ کوچہ جاناں میں میران شاہ
تیرے مدد کو شاہ علی ذوالفقار ہے

دلکو طرف صنم کے لگانا ہی چاہیے
اور وہم دل سے اٹھانا ہی چاہیے

تا ذات تجھ سوا ہے نہ ذات کے سوا
اپنے ہی پیچ یار کو پانا ہی چاہیے

ہے عین صفت ذات کی ہو جو دا پہ عین
حرف دوئی کو دل سے مٹانا ہی چاہیے

جس طور سے ہو یار کا دیدار نصیب
تن مثل کوہ طور جلانا ہی چاہیے

کافر ہوا وہ جس سے ہوا دلربا خفا
جس مذہب میں سکھی تو منانا ہی چاہیے

گر تجھکو شوق ہے تو چل اب کوئے یار میں
آتا نہیں ہے وہ تجھے جانا ہی چاہیے

جس غزل میں ہو یار کا اوصاف میران شاہ
اس غزل کو ضرور سنانا ہی چاہیے

یا بھیکھ اپنے روضئہ پہ اسدم بلا مجھے
میں آپکا غلام ہوں درشن دکھا مجھے

ہستی کی فکر غم سے زمیں بیقرار ہوں
تام خدا نہ اتنا جہان میں رلا مجھے

بہر خدا جناب معالی کا واسطہ
وحدت کا ایک جام کرم سے پلا مجھے

مشہور خاندان تمہارا ہے صابری
تسکین دل کو دیجئے بہر خدا مجھے

میں عشق کا مریض ہوں کچھ دوا نہیں
پر آپکے جمال سے ہوگی شفا مجھے

دلچاہتا ہے آرزو سگ دربار میران شاہ
امداد ہو حضور کے لطف عطا سے مجھے

اگر کوئی ہمسے پوچھے کیا عشق میں مزہ ہے
تن من کبھی جلانا یہ عشق کی ادا ہے

کس سے کہوں میں اپنی قسمت کے کم نصیبی
دلبر کو دل دیا ہو پھر ہمسے وہ خفا ہے

دیکھ جو نبض میری ہنس کر طبیب بولا
دیدار ہو صنم کا عاشق کی یہ دوا ہے

دیدار اس صنم کا ہم کو جمال ربانی
جن و پری ملائک انسان بنا ہے

اوصاف اس صنم کا کیا ہم سے کہہ سکو گی
ظاہر ظہور یار دو عالم میں ہو رہا ہے

قربان ہو مین صنم پردہ جانی نہ جانے ۔ قدمون سی سر اٹھانا عاشق کو کب روا ہے

یا بھیکھ میران شاہ کی منظور التجا ہو
مے بے خودی پلانا یہ آپ کے عطا ہے

جام ساقی جسے پلاتا ہے ۔ مست بے خود اسے بناتا ہی ہے
جسنے دیکھا جمالِ ماہ لقا ۔ چشم بالا کو کب اُٹھاتا ہے
جس پہ کرتا ہے عشق لطف و کرم ۔ دل مین حسنِ صنم دکھاتا ہے
جسنے سر کو رکھا ہو زیر قدم ۔ راہ حق کا وہ فیض پاتا ہے
عشق کے کیا عجیب آتش ہے ۔ رخت ہستی کا سب جلاتا ہے
کلمہ لا الٰہ مین جو ہے فنا ۔ وہی ذات بقا کو پاتا ہے

چل درِ خواجگان پہ میران شاہ
دل کے حسرت سبھی مٹاتا ہے

ای دل جو لگن ہی تجھکو جسکی وہ بسی ہے مدینے نگری ۔ ہی عشق سدا درشن کا تجھی چل چھوڑ لبس یہ دنیا سگری
جس نام رسول محمد ہی وہ صلِ علیٰ ہے شان خدا ۔ سب نور ہماری کا ہے لولاک کی ہی سر پر چھتری
نہین پلک پلک مون مند تجھی غم فرقت مون روت ہی نین دہو ۔ ہی ہمرے جیامون نت ہی یاوت ڈہرن جا کر پگڑی
اے باد صبا تو بہر خدائی راہ تو شہر مدینہ کی ۔ اُس نبی مدنی ہاشمی کو ہے مورے منکو جائے کہین خبری
ورا ہمسی پتا تو لیتا جا او بدے مانگے ہی چمکے ہی تارا ۔ سو ہی مہر نبوت کا شہد پرنت چھاؤن کرت سمر پر ہی
ہی ختم رسل شاہ دو جہان تم بن تو شفیع کوئی اور نہین ۔ مکھ دیکھنے کو جیا ترست ہی تجھو دلکو لگی ہے بی صبری
یس طہٰ لقب ہی تیرا عاشق جو ازل سے رب ہے تیرا ۔ مختار ہو ساری خدائی مین ہین ہجر مون جاوت ہون مری
کو قاصد ہو تو کرے یاری میرا حال نبی کو سنا دیوی ۔ کس در اب جا رکھون پیان تم آن لیو موری سار ذری
وہ جہان جہان کی جان ہوا جبرئیل مین دربان ہوا ۔ اسی سیر فلک آن ہوا وہی مالک ہو شمش و قمری

گر گشتی یار رسول اللہ نہین بحر الم مین ڈوب ہی ہون
کہے نپٹ کمینہ میران شاہ رہون دو جہان اُون کا ہی ہوگا

مجھے تو اے صنم مکھڑا دکھا دے ۔ لگی ہے اگ تن من سے بجھا دے
تیرا بیدار ہے دیدار حق کا ۔ ذرا نام خدا پردہ اُٹھا دے
تیرا مشتاق ہون روزِ ازل سے ۔ تمنا غمزدہ دل کے دلا دے
تصدق ہون مین یا مخدوم صابر ۔ دوئی کا خوف اب دل سے مٹا دے
شراب بیخودی کا جام مجھکو ۔ کرم سے ہاتھ اپنے سے پلا دے

ہوے مدت مجھے اس آرزو مین — بمیدان حقیقت کے رضا دے

تو اب چل میران شاہ ہے شوق مجھکو
قدم سے جاکے سر اپنا لگا دے

اے صنم ہم سے تو گھبرایا نہ کر جانے دے — ہوکے دیدار تو پچھتایا نہ کر جانے دے
ہے تیرا کوچہ ہمین کوچہ امید وصل — ہمکو اس کوچہ مین رلوایا نہ کر جانے دے
ہے تیرے قدمون کا سایہ تو ہما کا سایہ — ہمکو اس سایہ سے بے سایہ نہ کر جانے دے
جاکے مجلس مین رقیبون کی بھلایا مجھکو — کہین تشریف کو لیجایا نہ کر جانے دے
انتہا افسوس ہے دیکھی نہ وفائی تیری — دل کسی بندہ کا الجھایا نہ کر جانے دے
دل تیرے زلف سیہ مین ہوا پابند مرا — اس لئے زلف کو سلجھایا نہ کر جانے دے
اس تیرے شوخ نگہ نے کیا زخمی مجھکو — ایسی تلوار کو چمکایا نہ کر جانے دے
ہوگیا خاک تیرے شمع حسن پر جل کر — ایسے اجلال کو دکھلایا نہ کر جانے دے

ہوکے سائل تیرے دربار گیا میران شاہ
ایسے غمگین کو دھمکایا نہ کر جانے دے

دکھلا جمال اپنا اے دلربا پیارے — تیرے عشق کی لگن سے تن من جلا پیارے
مئی بیخودی کا پیالہ پر کر پلادی مجھکو — رنگ دوئی سے میرا دل ہو صفا پیارے
اے بادشاہ عالم مین ہون گدا تمہارا — سائل پہ جلد کیجو نظر عطا پیارے
ہستی کی حاجتون مین محتاج ہو رہا ہون — بہر خدا کرم سے کیجو رہا پیارے
ہمنے تو جان و دلکو بلہار کر دیا ہے — آگے پھر اسمین جو کچھ تیری رضا پیارے
ہے شوق دلمین ہر دم دیکھون جمال تیرا — رخسار حق نما سے پردہ اٹھا پیارے

یا جیکہ میران شاہ کو اپنا غلام جانو
دامن مجھے لگانا روز جزا پیارے

ملک عدم سے آئے ہین اس یار کیلئے — سو سو جتن بنائے ہین دلدار کے لئے
فرقت کے غم مین ہوش و حواس اڑ گئے ہمبر — کیا درد غم اٹھائے ہین غمخوار کے لئے
ای کاتب ازل میری قسمت مین کیا لکھا — کیون چرخ نے ستائے ہین ازار کے لئے
الفت مین اس صنم کی تو ہم ہوگئی فنا — کیون قبر مین جگائے ہین اظہار کے لئے
کشتہ بنا دیا مجھے اے فتنہ گر طبیب — کتنے یہ فن سکھائے ہین بیمار کے لئے
کوچے مین تیرے جاکے تو دلبر کے بارہا — زنجیر در ہلائے ہین دیدار کے لئے

پہنچی جب اسکے وصل کی آواز کان مین
اے قادر قدیر تو پروردگار ہے
ہوئی پلک بچھانے مین رفتار کیلئے
مشکل یہ حل ہو حیدر کرار کے لئے

امداد میران شاہ کی کردیا علاؤ الدین
مصرعے یہ سب بنائے مین سرکار کے لئے

خواجہ خواجگان چشتی کر کرم سے پار کشتی
صاحب ہند الولی ہو محرم خفی جلی ہو
اے شہ شاہان عالی لو ذات لایزالی
مظہر کون و مکان ہو پیشوائے عاجزان ہو
از طفیل خواجہ عثمان بحر عصیان مین ہون حیران
کون ہے تم بن ہمارا آپکا جس ہے سہارا
اب دکھا وحدت کی لذت ہو عطا جام محبت
مین تیرا عاجز گدا ہون اور مشتاق لقا ہون
حق نما اہل بہشتی کر کرم سے پار کشتی
نائب حضرت علی ہو کر کرم سے پار کشتی
آپکا مین ہون سوالی کر کرم سے پار کشتی
رہنمائی انس و جان ہو کر کرم سے پار کشتی
ہر مرض کے تم ہو درمان کر کرم سے پار کشتی
مین تمہارا ہون مین تمہارا کر کرم سے پار کشتی
ہے تمہاری یہ مروت کر کرم سے پار کشتی
جان اور دل سے فدا ہون کر کرم سے پار کشتی

میران شاہ ہے داد خواہ ہون پریشان پرملال
اب مدد اے شاہ شاہان کر کرم سے پار کشتی

دلبر کو ہر دم یاد کیجئے
دوئی سے درگذر ہو خاص یکتا
نفی اپنی اثبات پیر کامل
مقام بیخودی مین ہوکے ویران
جناب عشق کی ہو رہنمائی
فنا اول ہو تو مرنے سے پیارے
رہے خوش جس مین وہ ارشاد کیجئے
خیال و وہم کو برباد کیجئے
بس اپنا آپ نے بنیاد کیجئے
خودی سے آپ کو آزاد کیجئے
تو پھر کس طور سے بیداد کیجئے
نشہ وحدت سے دل آباد کیجئے

طلب ہو میران شاہ دل مین جو ناز
معین الدین سے فریاد کیجئے

اے یار مجھے کیا ہو لیا تو نے ستا کی
کیون وصل کا ہر بار تقاضا کیا ہمسے
صورت تو دکھائی نہین پردہ سے نکلکر
کیون حسن خداداد پہ اغماض ہوا اتنا
ویران کیا عشق مین اور دل سے بھلایا
کیا ہم نہین تم آپ ہی بندے ہو خدا کے
کیا ہم سزاوار ہین اس جور و جفا کے
کیا ہاتھ لگیگا ہمین کوچے مین رلا کے
ہے کون جو پہنتا نہین تجھ مین تف کے
ہم بھی سگ دربار مین اک راہ نما کے

ہم ایکی الفت مین میان خاک ہورہے ہین
کیا لوگے مجھے آتش فرقت مین جلاکے

میران شاہ سدا دام محبت مین پھنسا ہے
ہم جاوین کہان آپ کے دربار مین آئے

اے صنم بہر خدا تو مجھے دیدار دکھاوے
ساقیا آتش فرقت نے جلایا مجھہ کو
کوئی قاصد بھی نہین ہے جو لے نامہ بری
یا علی ابن ابی طالب للہ مدد کر
بر سر خاک تڑپتا ہون مسیحا میرے
ہادی پیر مغان مرشد کامل میرے

حسن نورانی سے ای جان ذرہ پردہ اٹھادے
اپنے ہاتھون سے تو ایک جام محبت کا پلادے
کچھہ پتا یار کے آنے کا تو اے باد صبا دے
ہو گیا مجھہ سے خفا ہے میرا دلدار منادے
جس سے راحت ہو مرید لکو وہ فی الفور دوا دے
کوچہ یار کے جانے کی مجھے راہ بتادے

چل در حضرت مخدوم علی میران شاہ
جو تمنا ہے تیرے دل کی وہان جاکے سنادے

مددیا بھیکھ از بھر معالی
مٹے ہستی میری اور وہم دوئی
پلاؤ جام وحدت کا کرم سے
کہون جا کر کسے اپنے حقیقت
جناب خواجگان کے لال ہو تم
تمہارا فیض ہے جاری جہان مین

سدا ہون آپ کے در کا سوالی
تیرے ہے ذات اللہ تعالی
دیا حق نے تجھے قرب کمالی
اغثنی سیدا مدد جالی
جو ہو مقبول ذات لایزالی
جنوب و مشرق و مغرب شمالی

سدا یہ آرزو ہے میران شاہ کی
دکھاؤ دین و دنیا مین خوشحالی

سگ دربار ہون تیرا جناب شاہ جیلانی
ہوا ہون غرق عصیان مین دو عالم مین سوا تیرے
تیری درگاہ عالی مین سدا ہے آرزو میرے
دیا حق نے تمہین قرب کمالی خاص محبوبی
نہین کوئی دو عالم مین سوا تیرے پناہ میری
مٹایا وہم دوئی نے دکھاؤ نور وحدت کا

کرم سے پار کر بیڑا جناب شاہ جیلانی
نہین حامی کوئی میرا جناب شاہ جیلانی
مٹاؤ دل سے اندھیرا جناب شاہ جیلانی
ہوا بالعقدم تیرا جناب شاہ جیلانی
مجھے درد و الم گھیرا جناب شاہ جیلانی
مین ہون دربار کا چیرا جناب شاہ جیلانی

تیرے قدمون پہ میران شاہ کی جان ہوا قربان
لگے بغداد مین ڈیرا جناب شاہ جیلانی

محبوب پیا اب تو میرے دکھ کو دوا دے
مین طالب دیدار ہون دیدار دکھا دے

فرقت مین شب و روز میری دلکو نہین چین
اب نام خدا جام محبت کا پلا دے

مشتاق ہون واللہ تیری حسن ازل کا
تو رخ انور سے ذرا پردہ اٹھا دے

مخدوم علی احمد صابر کا تصدق
مقصود میرے دل کا تو فی الفور دلا دے

بسمل سا تڑپتا ہون تو آ میری مسیحا
مین عاشق مردہ ہون مجھے آ کی جلا دے

برباد ہوا مین تو تیرے ناز کا مارا
ای بحر کرم دامن ہستی سے چھڑا دے

میران شاہ تیرے در کے گداؤن کا گدا ہے
دنیا کے ہوس وہم دوئی دل سے مٹا دے

چلی پریم کی ایسی بار ہوا بس ہم کدہری اور تم کدہرے
جو کچھ کہ ہوا کہون کس سے بھلا بس ہم کدہرے اور تم کدہرے

کثرت سے لگی وحدت کی جھلک سبھی وہم دوئی کا ہوا باطل
جب پردہ غفلت کا سے اٹھا بس ہم کدہری اور تم کدہرے

ساقی نے مجھے بالنظر کرم دیا بادہ وحدت جام پلا
میری ہستی کا سبھی رخت جلا بس ہم کدہری اور تم کدہرے

اسرار نہان جو ہوا ظاہر کچھ ہو گیا ہی جو ہم سے رہا باہر
و فی انفسکم کا راز کھلا بس ہم کدہری اور تم کدہرے

جب کچھ بھی دنیا نہ رہا باقی اٹھا بود نبا بود کا نام و نشان
رہا عقل و فکر کا کچھ نہ پتا بس ہم کدہری اور تم کدہرے

دلدار کا دل ہی مین حسن ازل ہوا امیر نظر مین جلوہ نما
جب ہستی و وہم کا نقش مٹا بس ہم کدہری اور تم کدہرے

جب شان جنون کی ہوئی آمد رہا ہوش و خرد نہ ذرا باقی
بس میران شاہ نہین فکر رہا بس ہم کدہری اور تم کدہرے

نہین کوئی دو عالم مین ہے زبدالانبیاء ثانی
کہ جیسا پیر وحدت ہے شکر گنج قطب ربانی

وہی ہادی وہی مولی وہی ہی رہنما میرا
نہین مقبول حقانی ہے زبدالانبیاء ثانی

دو عالم مین ہے مظہر چراغ چشت ہے روشن
نہین محبوب ربانی ہے زبدالانبیاء ثانی

خلیفے آپکے ستر ہزار عالم دو عالم مین
کہان ایسی مہربانی ہے زبدالانبیاء ثانی

ہوا ہے کون میران شاہ نہ ہوگا فی الحقیقت ہے
تسنیم فیض عرفانی ہے زبدالانبیاء ثانی

ستایا عشق جانان نے جسے اسکو خدا جانے
جلا جو ہجر کی آتش اسے کوئی جلا جانے

حقیقت عشق ہے بار و ملایک بھی نہین آگاہ
وہ ہے معلوم عاشق کو دیا ماہ تھا جانے

صنم بہر خدا ہم سے نہ کر جور و جفا اتنا
ہوا ہے کام جو میرا اسے تیری بلا جانے

سجن اپنا دو عالم مین نہین تیرے سوا کوئی
ہزار افسوس اپنے ہے جو تو مجھکو سوا جانے

نہین ظاہر کیا مینے تیرے اس بیپرواہی کو
ہوا کافر سراسر وہ تجھے گر بیوفا جانے

اٹھا یا دین و دنیا سے تیرے فرقت نے ای دلبرا جو گذری ہے میرے دل پر سے مشکل کشا جانے

نہ کر اتنا بیان ہرگز غم فرقت کا **میران شاہ**
تیرے اس دل کی حاجت کو تیرا ہی پیشوا جانے

کیا جناب عشق کے لو رہنمائی ہو گئی — بود اور نابود کی باہم رسائی ہو گئی
آتش سوزان نے تن مین کیا عجب تاثیر کی — وہم باطل سے میان دل کو صفائی ہو گئی
کوچہ جانان مین یارو خاکساری جسنے کی — صورت دلدار کی دل مین سمائی ہو گئی
بادۂ و مئے صاف ساقی نے کیا لطف عطف — عقل کی فی الفور کیا تن سے جدائی ہو گئی
خواجہ ہند الولی کی پارسائی ہو گئی — جب گئے دربار مین روے نمائی ہو گئی
وہم دوری سے منزہ ہو کے جب دیکھا میان — آپ مین پھر جلوہ گر ساری خدائی ہو گئی

**میران شاہ** ہے شکر لازم خاندان چشت کا
پیر کامل سے تیری عقدہ کشائی ہو گئی

عجب اس یار نے اپنا تماشا آ دکھایا ہے — جو پردہ غیب کا لیکر ہر اک شے مین سمایا ہے
کہا جب کن محبت سے ہوا ہر دو جہان روشن — کیا جب شغل محبوبی تو الانسان سنایا ہے
کہون کیا لامکان کو مین کیا ہر جا مکان اپنا — کہین مسجد مکان تکیہ کہین کعبہ بنایا ہے
کہین ملا کہین قاضی کہین عرفان الفاظی — کہین ہو حال مجذوبی کہین سالک ہو آیا ہے
کہین احد کہین احمد کہین لا میم فرمایا — دیکھو رے کس ادا سے بھید اپنے کو چھپایا ہے

کہے ہے **میران شاہ** عاجز ولی شاہ محمد کو
جو تھا وہم دوئی یارو وہی دل سے اٹھایا ہے

بیخود ہو کر تو پھر نہ خدا ہو تو جانئے — بندہ خدا سے دم نہ جدا ہو تو جانئے
دعوے کرے جو عشق کا منصور کیطرح — سولی اوپر بھی جا کے چڑھا ہو تو جانئے
عاشق ہو جان جانان پہ یارو کوئی یارو — ایمان و جان و دل سے فدا ہو تو جانئے
قربان ہو کوئی جو محمد کی ذات پر — روز حشر کو پھر نہ رہا ہو تو جانئے
شبیر کی طرح سے پڑھے کیا کوئی نماز — خنجر کے نیچے سر بھی رکھا ہو تو جانئے
کعبے مین جا کے حاجی ہوا کیا عجب ہوا — آئینہ دل دوئی سے صفا ہو تو جانئے
پہلے مرے جو موت سے مرد خدا ہے وہ — دنیا مین آ کے پھر نہ گیا ہو تو جانئے
بیساختہ زبان سے کہے یا علی مدد — حاجت نہ دو جہان کی روا ہو تو جانئے
**میران شاہ** جسکو دامن چشتی نصیب ہو — دل مین نہ اسکا عقدہ کشا ہو تو جانئے

مشکل کشا حیدر کرار علی ہے
خیبر کا قلعہ توڑ کیا کفر کو برباد
اژدر کو کیا چیر کے اک پلمین دوپارہ
اسوقت مین سب جنّ و ملائک نے پکارا
انگشتری دی ہاتھ سے سایل کو رکوع مین
تھا لحمک لحمی کہا منبر پہ نبی نے
اور علم لدنی کا ہوا فیض نبی سے
براق پہ اسوار نبی تھی شب معراج
کرزل مین نمودار ہوئے جب گل فردوس
ہیبت سے لرز کر یہی کفار پکارے
ہنسکر کہا عباس نے جب کٹ گئے شانے
شبیرؑ نے در کربلا پائی شہادت
بین نجتن پاک پہ قربان کیا سر
یا شاہ ولایت میری مدد کو پہنچو

حامی دو جہان صاحب ولدار نبی ہے
کیا شیر خدا قوت جرار علیؑ ہے
کافر کے لئے موت ذوالفقار علیؑ ہے
سب شاہ و گدا کا بھی سردار علیؑ ہے
بخشش کا سدا گرم جو بازار علیؑ ہے
واللہ رہ دین کا مختار علیؑ ہے
مخفی و جلی محرم اسرار علیؑ ہے
دلدل پہ ہوا جنگ مین اسوار علیؑ ہے
بیٹے حضرت عباسؑ علمدار علیؑ ہے
کیا حسن و جوانی مین کماندار علیؑ ہے
صد شکر کیا خلد برین بہار علیؑ ہے
امت کے لئے بخشش دربار علیؑ ہے
کیا باغ نبی اور یہ گلزار علیؑ ہے
بیٹے ہے سنا رحمت غفار علیؑ ہے

میران شاہ پڑھا کر ہمہ دم ناد علی کو
وہ شاہ نجف تیرا مددگار علی ہے

آئینہ حق منظور نظر محبوب خدا شاہ بھیکھ ہوئے
ہر مظہر جلوہ ذات احدی اور گل گلزار جناب نبی
ای بحر کرم سلطان جہان اے چشمہ فیض نہان و عیان
سنو عرض میری یا بھیکھ پیا کرو مجھ عاجز پر نظر عطا
تم حضرت شاہ گرامی ہو تم فیض رسان مدامی ہو
مقبول جناب گنج شکر ہین پیش نظر حضرت صابر

اور محرم راز خفی و جلی وہ وصل علیؑ شہ بھیکھ ہوئے
ہین سرو ان بستان علیؑ اور ثمرہ فاطمہ بھیکھ ہوئے
متو دہم دوئی کا نام و نشان تم رہنما شہ بھیکھ ہوئے
اک بار وہ گلگون جام پلا تم ساقی ما شہ بھیکھ ہوئے
تم چشتی صابر نامی ہو تم بحر سخا شہ بھیکھ ہوئے
ہوئی عاشق درگہ جن و بشر ہو ماہ لقا شہ بھیکھ ہوئے

اے باد صبا دربار مین جا کر میران شاہ کی تھی صدا
مجھے رنج و بلا سے کیجو رہا دکھ مین دعا شہ بھیکھ ہوئے

خدا کی جو ظاہر خدائی ہوئی
وہ تھا آشکارا محمد کا نور
صفین چار کر کے الستم کہا

بلندی مین اک روشنائی ہوئی
تھی وحدت مین کثرت چھپائی ہوئی
حکم کی دہان آزمائی ہوئی

ہوئی سب کو آواز قالو بلیٰ کی | تو جب سے وصل اور جدائی ہوئی
وہی نور آدم مین داخل ہوا تھا | تو مسجود کی دان سنائی ہوئی
کیا جسنے سجدہ اسے صدق دلسے | قیامت کو اسکی رہائی ہوئی
کیا دل سے انکار شیطان لعین نے | تو برباد ساری کمائی ہوئی
ہر اک امر پر ذات قادر ہے مطلق | نہ فکر و عقل کی رسائی ہوئی
یہ رمز نہان ہوگئی جسپہ ظاہر | اسی کی ہے دل مین سمائی ہوئی
ہوئی حضرت عشق کی جبکہ آمد | دو عالم مین گھر گھر دہائی ہوئی
ہوا جسکو عشق اپنے دلبر کا یارو | تو فوج ستم کی چڑھائی ہوئی
ملا جسکو دلبر تو دل ہی مین یارو | عجب شوق کی رہنمائی ہوئی
کھلا جسپہ اسرار وحدت کا پردہ | یہ نظر عطا پیشوائی ہوئی
کیا اپنے ہونے کو جسنے فنا | اُسے حالت ایکتائی ہوئی
ہوا چشت کا جو کوئی دل شائق | وہ عارف ہوا اور صفائی ہوئی

کیا جس نے میران شاہ نام علیؓ کو
تو فی الفور مشکل کشائی ہوئے

دلا تجھکو یاد خدا چاہیئے | کوئی دم نہ غافل ہوا چاہیئے
بھروسہ نہ کر ایک دم دم کا تو | حقیقت کو ثابت کیا چاہیئے
تو کر اپنی ہستی کو اب نیستی | یہ بار خودی سے رہا چاہیئے
نکل حرص و حاجت سے بینیاز ہو | شفیع احمد مصطفےٰ چاہیئے
اگر تجھکو حاجت ہے ذات بقا کی | تو پہلے مرن سے موا چاہیئے
اگر اپنے ہونے کو ثابت کرین تو | تو فرمان مشکل کشا چاہیئے
ہے من عرف نفسہ قول علیؓ | عمل اسپہ کرنا روا چاہیئے
تو کر سرمہ خاک پا پیشوا | جو آنکھون مین نور و ضیا چاہیئے
کھلے تجھپہ اسرار رمز نہان | تو جام فنا کو پیا چاہیئے
دوئی دور کر ایک بول ایک دیکھ | سمجھنا نہ غیر از خدا چاہیئے
کرین زہد و تقوے کا گر ذوق شوق | شکر گنج ستگر گنج کہا چاہیئے
جو ہند الولی مین عطاء رسول | لیس انکے ہے در پر گرا چاہیئے
دلا جسکو ہو قرب حق کا عطا | تو درویش کو اور کیا چاہیئے

طلب ہے رضا صبر و تسلیم کی
تو پیران کلیر چلا چاہیئے

جو ہیں پیر چشتی تیرے میراں شاہ
اسی پر دل و جان فدا چاہیئے

مجھکو اے یار سدا رنج دکھایا تونے
دل تو میرا ہی نہ تھا جسکو ستایا تونے

کس لئے میری طرف سے ہو چرائی آنکھیں
دربدر مجھا پھرا کسکو پھرایا تونے

جان جاتے ہیں جان وصل کی امید پہ ہم
تن بدن ہجر کی آتش میں جلایا تونے

عشق بازی میں ہوئی خانہ خرابی حاصل
ہائے افسوس نہ دیدار دکھایا تونے

عشق میں تیری خبر مجھکو سر و پا کی نہیں
مست برگشتہ و دیوانہ بنایا تونے

ہو گئے ہم تو تیری ناز و ادا پہ قربان
جب سے بیرنگ سے ہر رنگ دکھایا تونے

میران شاہ کو نہ طلب تیرے سوا غیر کی ہے
حرف ہر اک کو تو ایسا نہ سمجھایا تونے

بس جی بس اے تو صنم ہم تجھے پہچان گئے
جب اٹھا وہم دوئی دل کے سب ارمان گئے

کیا کہوں جسنے تیرے ناز و ادا کو سمجھا
بس وہی در پہ تیرے صاحب عرفان ہو گئے

واہ قسمت ہوا جسکو تیرا دیدار نصیب
اس تیرے حسن کو وہ حسن خدا جان ہو گئے

محو سرشار ہوئے دیر و حرم سے چھوٹے
پیر میخانۂ وحدت سے جو دو کان گئے

اے صنم عشق تیرا جنکو ہے منظور نظر
قتل ہونے کیلئے بر سر میدان گئے

جان دی جسنے تیری کوچے میں جیتے جی
سرخرو ہو کے وہی صاحب ذیشان ہو گئے

میراں شاہ جلد چل اب شوق سے اجمیر شریف
کھل گئے راز نہاں جو کوئی حیران گئے

کیا مزا ہمنے لیا پیران کلیر جائے کے
جلوہ فیض عام دیکھا صابری در جائی کے

عشق میں طیور و وحشی مست اور سرشار ہیں
وجد کرتے ہیں سبھی اس آستانہ پر جانے کے

کھل گئے دل کے سبھی اسرار پنہاں عیاں
وہم باطل اٹھ گیا روضے کے اندر جانے کے

عالم بالا سے آتے ہیں ملک تعظیم کو
پڑھتے ہیں صل علٰے وہ آسماں پر جانے کے

مرتضٰے کے فیض کا دریا چھلکتا ہے یہاں
جو کوئی طالب ہو پی لے آب کوثر جانے کے

راحت روحی و قلبی ہے مزار نور حق
سب کے دلمیں ہے یہی اب کیا کریں گھر جانے کے

میراں شاہ پایا سو پایا کیا کروں کس سے کہوں
بس سدا بچھتا میں گے یارو جلنم پر جائے کے
بیچا

اے ساجن کبھی آجا نہ تجھ بن چین آتی ہے — نہ کچھ آرام ہے من کو نہ شب کو نیند آتی ہے
تیری فرقت میں اے جاناں ہوا ہوں مست دیوانہ — بجز تیرے کوئی صورت نہیں مجھکو بن آتی ہے
نگاہ شوخ سے ساجن کیا ہے نیم جان تو نے — نہیں آتا ہے دم دم میں تن سے جان جاتی ہے
تمہارے عشق نے مجھکو کیا ہے بے سر و سامان — سوا تیرے دو عالم کی نہ الفت دل کو بھاتی ہے
صنم تیری جدائی سے یہی بہتر موت آجائے — نہیں اب آتش فرقت تیرے تن میں سماتی ہے
جمال حسن نورانی دکھا پھر خدا پیارے — نہیں اب تک میری قسمت تیری صورت دکھاتی ہے

ہوئی مدت ہے **میران شاہ** خبر مخدوم صابر کی
کبھی باد صبا جاکر نہیں افسوس لاتی ہے

اے دلربائے من ذرا ہم کو دیدار دے — اس بگڑے دل کو اپنے کرم سے سنوار دے
میں جان بلب ہوں اے میرے ہمدم سوا تیرے — اس بحر غم سے یار میری جان اتار دے
اے ساقیا خودی سے بری کر تو اب مجھے — اک جام بیخودی کا پلاکر خمار دے
اے گلبدن وصال ہے تجھے گر ہے ناپسند — تلوار لیکے دست مبارک سے مار دے
بیدل تڑپتا ہوں تیرے کوچے میں رات دن — تن من تو جلگیا ہے یہ دل کو قرار دے

گر صبر صابری تو کہاتا ہے **میران شاہ**
مشکل بنے تو بھیکھ پیا کو پکار دے

عشق کی آتش سے یارو کیا لے انکار ہے — جس نے آنکھوں کی لگے جلوہ دیدار ہے
وہم دوری سے مبرا اور خودی سے بیخودی — نیستی ہستی سے اسکو بس نہیں کچھ کار ہے
جسکا ہو ساقی جناب عشق با نظر کرم — جام وحدت سے وہ ہر دم محو اور سرشار ہے
کفر اور اسلام سے اسکو بھلا کیا احتیاج — جب اتحاد ہم دوئی پھر آپ ہی مختار ہے
وصف اپنا جب ہوا تبدیل فی ذات الہ — ماسوائے حق نہیں موجود کیا تکرار ہے
غیر حق سمجھو بھلا یارو ہمہ صورت ہے کون — غور سے دیکھو پھر مظہر جمال یار ہے

ہر دو عالم فیض سے یارو جناب چشت کا
اسلئے ہے جان و دل سے میرانشاہ بکا ہے

بھاتی ہیں دل کو پیارے ناز و ادائیں تیری — دل میں یہ آرزو ہی لے لوں بلائیں تیری
اک پل پلک اٹھا کر دیکھو بہ نظر رحمت — اسرار گنج مخفی آنکھیں لبھائیں تیری
زلف سیاہ کے بل میں عالم تو مبتلا ہے — عاشق بھلا یہ کسکو باتیں سنائیں تیری
دیدار حق نما ہے پیارے جمال تیرا — مستانہ جلوہ گریاں کیا کیا بتائیں تیری

روز ازل سے ہم ہیں حسن و لقا کے شایق شرم و حیا کی باتیں کیا کیا سنائیں تیری
بس میں نہیں ہوں تو ہے پھر کیا حجاب باقی کب تک بھلا یہ رمزیں دل میں سمائیں تیری

یہ عشق سوز مستی ہے میران شاہ کو حاصل
کیا کیا یہ حالتیں ہیں مجھکو سجھائیں تیری

دکھا دیدار اے دلدار میرے مرے مونس اے غمخوار میرے
تیری الفت نے پھونکا جان و دلکو شتابی لے خبر اے یار میرے
میں عاجز ناتوان مسکیں گدا ہوں شہ ہندالولی سرکار میرے
کرو نظر عطا اے شاہ عالی سنو دل کے کبھی اظہار میرے
تیرے کیا عشق نے آفت مچائی جناب سید ابرار میرے
تمامی دل کا ہو مقصود حاصل عیاں ہوں دل میں سب اسرار میرے

سدا ہے عشق میران شاہ کے دل میں
ہو قسمت میں تیرا دربار میرے

تجھے ہمنے کعبہ بنا ہی لیا ہے دل و جان سے سر کو جھکا ہی لیا ہے
نہ پایا ہے ہمنے دو عالم میں تجھ بن جو تھا دل کا مطلب ہے پا ہی لیا ہے
مٹا دل سے غوغا ہے وہم و دوئی کا ہوا شکر ہم کو گما ہی دیا ہے
کہا خود انا الحق زبان سے تو پیارے تو منصور سولی چڑھا ہی دیا ہے
عجب راز مخفی کیا آشکارا احد سے جو احمد دکھا ہی دیا ہے
دیا صورت آدم میں اپنا ہی جلوہ عجب یہ تماشا دکھا ہی دیا ہے

تجھے پیر چشتی میران شاہ عاجز
جو دامن میں اپنے چھپا ہی لیا ہے

دکھا دے جلوۂ دیدار پیارے تیری فرقت سے ہوں بیمار پیارے
ہوا ہے اسقدر جوش محبت کروں دل کے کہاں اظہار پیارے
صنم تیری طلب میں حال مجنون پھرا ہوں کوچہ و بازار پیارے
میری اس گریہ زاری پر کرم کر خدا کے واسطے غمخوار پیارے
نکر جور و جفا مجھ ناتوان پر دل و جان سے ہوا بیمار پیارے
تو ہی میں تو ہیں نہ ہے کچھ میری ہستی اٹھا دے وہم دل سے یار پیارے

سنا دیں میران شاہ سب دلکا مطلب معین الدین کے دربار پیارے

رخ سیتی پردہ اوٹھا پیارے — حسن محبوبی دکھا پیارے
جان و دل سے ہون تیرا شیدا — مجھپہ کر نظر عطا پیارے
جان بہ لب ہون اے طبیب دل — کر مسیحائی دوا پیارے
نہ رہے میں تون سوا تیرے — جام وحدت کا پلا پیارے
پڑ رہا ہون میں تیرے کوچے — بے خبر بہر خدا پیارے
درد دل کس سے کہون اپنا — کون ہے تیرے سوا پیارے

بے کس و مسکین میران شاہ
ہے تیرے در کا گدا پیارے

ہر دو جہان میں ای صنم تیرے سوا نہین کوئی — ملک عدم سی تا قدم تیرے سوا نہیں کوئی
حسن و جمال کی تیری چار و نطرف میں دہوم ہے — مجھ سی چھپایہ کیا ستم تیرے سوا نہیں کوئی
ابتو دکھا لقا مجھے اپنا سمجھہ گدا مجھے — بہر خدا تو کر کرم تیرے سوا نہیں کوئی
روتا پھرا ہون در بدر تیری تلاش کے لیئے — حضرت عشق کی قسم تیرے سوا نہیں کوئی
اسم و صفات ذات میں واجب و ممکنات میں — روح و مثال تا جسم تیرے سوا نہیں کوئی
عشق میں تیرے مرگیا تن میں ہمارے جان نہیں — آکے جلا مسیحا دم تیرے سوا نہیں کوئی

ہجر فراق یار کا میران شاہ کیا بیان لکھون
بس میں نہیں میرا قلم تیرے سوا کوئی نہیں

معلٰے شان ہے دربار چشتی — خدا کی دید ہے دیدار چشتی
زمین و آسمانان عرش کرسی — ظہور لامکان سردار چشتی
بذات لم یزل منظور مطلق — مقام وحدت اسرار چشتی
وسیلہ ہیں قوی دنیا و دین کا — حشر کے مالک و مختار چشتی
جو ہیں مشتاق شایق جان و دل سے — وہی ہیں محرم اسرار چشتی
طلب ہو روئے احمد جسکو دیکھے — جمال صاحب سرکار چشتی
وہان کیا جن اور نقش سلیمان — جہان سیفی ہے شافی کار چشتی
کسیکی گرنہو عقدہ کشائی — وہاں امداد ہے درکار چشتی

بگولے میران شاہ رنج و بلا مین
ہے میرے مونس میرے غمخوار چشتی

مانع آئے وصل جانان عاشق جان کیا کرے — جو کہ کافر عشق کا ہو پھر وہ ایمان کیا کرے

جس جگہ دلبر ہو یار وہ خاص جنت ہے وہی    جز جمال یار پھر وہ باغ رضوان کیا کرے

جس کے دل میں عکس ہے حسن ازل کا دمبدم    پھر کہو فردوس کے وہ حور و غلمان کیا کرے

دیر اور کعبہ میں عاشق کو بھلا کیا احتیاج    جب ہوا بیخود تو کہو ہندو مسلمان کیا کرے

مُوتُوا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوا سے جو محرم راز ہو    جو فنا فی اللہ ہوا وہ جان بیجان کیا کرے

قول رومی من ز قرآن مغز را برداشتم    رمز سے واقف ہو پھر قول و قرآن کیا کرے

میراں شاہ عقدہ کشا ہیں حضرت ہند الولی
جو گیا اجمیر وہ کعبہ کا سامان کیا کرے

بجز وصال صنم دل میں آرزو نہ رہے    ہجر کی آگ میں ہستی کی گل کی بو نہ رہے

کہاں نماز دوگانہ بتوں کی دیکھ ادا    میری تمیز میں مطلق خبر وضو نہ رہے

کرم سے عشق کے جب ہم غیر دل سے اٹھا    کہوں میں کیا کہ خدائی بھی جستجو نہ رہے

اٹھا جو آپ سے پھر کون خویش و بیگانہ    ملا مقام جو وحدت تو میں وہ تو نہ رہے

ہوئی جو حضرت صابر کی آستان نصیب    کہ ذوق و شوق سوا یار میرے خو نہ رہے

کیا ہے عشق نے ساقی ہو مجھکو جام عطا    بنایا مست میں ایسا کہ گفتگو نہ رہے

ہوا جو دامن چشتی نصیب میراں شاہ
از شکر بجز ذات ہو نہ رہی " "

کبھی جمال مجھے اے صنم دکھا پیاری    سدا میں آتش فرقت میں ہوں جلا پیارے

تمہاری دید کو آئے عدم سے ہستی میں    نقاب حسن ازل سے ذرا اٹھا پیارے

ملا کے دل کو رقیبوں سے ہنسی ہنستے ہو    نصیب اپنا قلم نے برا لکھا پیارے

تیری گلی میں صنم ہم نے خاک چھانی ہے    ہٹے ہو اسقدر آزاد کیوں بھلا پیارے

غریب عاشق دلسوز جان فدائی ہوں    معاف کر میری تقصیر اور خطا پیارے

خراب خستہ ہوں با حالت پریشانی    تمہارے عشق میں برباد ہو گیا پیارے

نکرو میراں شاہ آنکھوں سے گریہ و زاری
کر شاہ بھیکھ کو حالات جا سنا پیارے

جمال تیرا ہے عالم میں جا بجا پیارے    ہر اک نظر میں تو ہے آنکھ چھپا پیارے

بنا کے صورت آدم حجاب اپنا کیا    میں تیری بانکی ادا پر ہوا فدا پیارے

سمجھایا پیر مغاں نے جو راز من عرف    ہماری عین فنا ہے تیری بقا پیارے

دکھایا حسن ازل اپنا روئے خوباں میں    کہ مجھکو عاشق شیدا بنا دیا پیارے

| | |
|---|---|
| محیط ظاہر و باطن ہے تیرا ہے نور ظہور | نہیں ہے ارض و سما میں تیری سوا پیارے |
| عیاں ازل سے ابد تک تیری ہی جلوہ گری | ہمارے دل میں نہاں ہے تیرا لقا پیارے |

کرم سے میراں شاہ چشتی ولی محمد ہے
جو تجھکو جام محبت پلا دیا پیارے

| | |
|---|---|
| تمہارا عشق صنم جان و دل ستاتا ہے | سدا یہ ہجر مجھے دمبدم جلاتا ہے |
| لگی ہے دل میں لگن جب سے لگ گئی ہی اگن | ہمارے عشق میں میری استخواں کھاتا ہے |
| ہزاروں ہمنے سہے سر پہ تیری ظلم و جفا | جو ابتلک ہی تجھے رحم نہیں آتا ہے |
| خدا کیواسطے موکھڑا دکھا مجھے اپنا | جلی ہے جان میری دل بھی بلبلاتا ہے |
| تو کہدے باد صبا جاکے اُس مسیحا سے | تیرا مریض کوئی دم کو جان سے جاتا ہے |
| کہوں میں جاکے کسے ہائے غم کا افسانہ | عجیب ہے دل یہ میرا جس میں غم سماتا ہے |

کرینگے میراں شاہ ہند الولی مددگاری
مراد پاتا ہے جو اسکے در پہ جاتا ہے

| | |
|---|---|
| صنم کے عشق کی یارو مجھے بیماری ہے | بجز وصال میرے دل کو بیقراری ہے |
| پھرا ہوں کوچہ و بازار ہٹو کرین کہا تا | کہ دل کو میرے شب و روز آہ و زاری ہے |
| نہیں طبیبوں کی حکمت کا کچھ اثر مجھکو | لگی جگر میں میرے ہجر کی کٹاری ہے |
| فراق یار مجھے تیز تیغ قاتل ہے | جگر کا خون میرے چشم نم سے جاری ہے |
| نہ شب کو نیند مجھے اور نہ چین ہے دن کو | کردن تو کیا ہی کردن ہائے سخت خواری ہے |
| خراب و خستہ و بیمار لا دوا ہوں میں | مگر اُسی بت کافر کی انتظاری ہے |
| تو جلد لادے خبر قاصدا پیارے کی | نہیں کچھ اپنی خبر اسکی یادگاری ہے |
| ہے میری لاج و شرم خواجگان چشتی کو | اُسی جناب معلے کی خاکساری ہے |

ملی گی داد تجھے اُسکے در سے میراں شاہ
کہ جسکا ہر دو جہان بیچ فیض جاری ہے

| | |
|---|---|
| جلوہ جب مجھکو دکھایا یار نے | وہم ہستی کا اٹھایا یار نے |
| جام وحدت جب کیا نظر عطا | مست دیوانہ بنایا یار نے |
| بول اٹھا مرہ زباں سے بیگمان | قید باقی جب ہٹایا یار نے |
| حسن وحدت جلوہ گر ہے جابجا | لامکاں مجھکو بتایا یار نے |
| کیا عجب ظاہر کیا ناز و ادا | عشق میں مجھکو پھنسایا یار نے |

جب کھلا عقدہ خفی اسرار کا ۔ برسرِ محفل ہنسایا یار نے

میران شاہ یہہ دل ہے عرش لم یزل
آپ کو جس میں چھپایا یار نے

صابر کے عشق میں میرا دل بیقرار ہے ۔ ہمدم وہی ہے اور وہی رازدار ہے

اہل یقین کو خوف و خطر کیا صراط کا ۔ مخدوم جسکے ساتھ ہے وہ دم میں پار ہے

پوچھیں لحد میں مجھکو نکیرین تو کہوں ۔ مخدوم پاک کا یہ سدا یادگار ہے

یارو ہماری قبر میں روزن ہو بالضرور ۔ صابر کے مجھکو آنیکا یہاں انتظار ہے

دنیا و دین کی یارو مجھے کچھ طلب نہیں ۔ صابر کا دل میں شوق جو لیل و نہار ہے

رویت خدا کی ہمکو ہے مخدوم کا جمال ۔ کلیر سے خانے کعبہ کو کیا افتخار ہے

میران شاہ جسکو صابری قرب و حضور ہے
دوزخ سے اسکو ڈر ہے نہ جنت سے پیار ہے

سنو فریاد ہماری یا رسول عربی ۔ کیجیے امداد ہماری یا رسول عربی

تم ہو محبوب الٰہی شہ لولاک لما ۔ ہے سدا یاد تمہاری یا رسول عربی

مالکِ کون و مکان شافع روز محشر ۔ دین کی بنیاد ہو ساری یا رسول عربی

واسطہ حضرت حسین کا لو جلد خبر ۔ دیجیے داد ہماری یا رسول عربی

یا نبی عقدہ کشا ختم رسل رحمت حق ۔ روح ہو شاد ہماری یا رسول عربی

آپکے کلمۂ طیبہ کی بدولت ہے سدا ۔ امت آباد تمہاری یا رسول عربی

میران شاہ کو ہے سدا شوق کہ تصنیف کرون
صفت و ثنا تمہاری یا رسول عربی

شہ عالی شوہ بھیکھ چاہی مجھکو بھیکھ دلاؤ جی ۔ بحر کرم کے فیض سے اپنی وحدت جام پلاؤ جی

حال غریم بے سر و سامان خستہ دل و بیتاب و حیران ۔ شاہنشاہ دو عالم ہو کے اتنی دیر نہ لاؤ جی

محرم راز نہانی ہو تم مظہر جلوۂ سبحانی ۔ حسن ازل سے پردہ اٹھا کے عین جمال دکھاؤ جی

رنج و الم نے زیر کیا گرداب بلا نے گھیر لیا ۔ فرقت غم نے پھونک دیا تم اتنا نا ترساؤ جی

صادق راہ اہل یقین کے مرشد کامل ہادی دین ۔ کون ہے میرا آپ سوا مجھے دل سے نا بہلاؤ جی

دلکی حقیقت ای چشتی کیا بار و بار کرون ظاہر ۔ کچھ عارف حق سی نہیں چھپا میرا بھی نبی آن بچاؤ جی

دنیا و دین کی غرض و ہوا کچھ دل میں میری نہ رہی باقی
میران شاہ مسکین گدا کو اپنا جا فرماؤ جی

گئی بہار گذر اب خزاں بھی آپہونچی
اُٹھا نہ بر سر بستر سے اب تلک جاناں
ہوئی تمام عمر ہائے انتظاری میں
ہوا ہے کچھ نہ دلسے اب کریں تو کیا ہی کریں

ہوا نہ وصل صنم لب پہ جان ہے آپہونچی
کہ تیر نیزہ و خنجر کماں بھی آپہونچی
بس اب تو مرگ مفاجات یہاں بھی آپہونچی
قریب موت سے بیکساں بھی آپہونچی

بس اب تو جاگ لے میر الشاہ اب خواب غفلت سے
بگوش مرغ سحر کی اذان بھی آپہونچی

عاشق جو محمد کے کسی سے نہیں ڈرتے
کعبہ و مدینہ ہے گذرگاہ محمد
نیت میں تصور ہو گر روئے محمد
افسوس خدا اور محمد کو کہیں اور
احمد اور احد کی جو نہ اک ذات سمجھتے
دو مین کو گر ایک حقیقت میں نہ پاتے

جز ذات مطہر کے کوئی دم نہیں بھرتے
سجدہ سوئے مغرب ہیں اسی واسطے کرتے
کیا خاک نمازیں ہیں یونہیں سر ہیں رگڑتے
کیوں مرشد کامل لسے نہیں جا کے سنورتے
در کرب و بلا شاہ شہیداں نہ مرتے
بولو تو کہاں صاحب عرفان ٹھہرتے

میراں شاہ کوئی پوچھے کہاں نکلا ہیں تو کہیے
ہم سیر میاں عشق کے میدان کی ہیں کرتے

سرّ عشق میں صنم نہ میری آبرو رہی
واللہ سرّ عشق میں میرا نہ کچھ رہا
بہر خدا تو آ کے صنم لے میری خبر
لاہوت میں جدائی کا مطلق نہ تھا اثر
کیا خوب تو تو پردہ دل میں چھپا رہا
بیجاں ہوا ہوں میں تو تیری انتظار میں

امید وصل دلمیں فقط آرزو رہی
تیری تو پہلے جیسی بھی دلسے ہی خو رہی
اے بے نیاز ہم کو تیری جستجو رہی
ناسوت میں تلاش تیری کو بکو رہی
اوس کو ملا ہے تو جہاں اپنی نہ بو رہی
ہر دم میری زبان پہ تیری گفتگو رہی

میراں شاہ کیا ملا تجھے فیضان صابری
کر شکر دل سے جسمیں نہ کچھ میں و تو رہی

اب تو لے پیارے خبر میری
آتش فرقت سے نے پھونکا ہے
اب دیکھا اپنا لقا پیارے
ہر دو عالم میں سرور مولا
میراں شاہ کی تو خبر چشتی

اے والئے ہند اجمیری
ہو گیا ہوں خاک کی ڈھیری
لب پہ آپہونچی ہے جاں میری
خاکساری ہے مجھے تیری
نکرو غم سے لئے جاں ہے گھیری

# سہرا

جنت کے باغ سے پہولوں کا بنایا سہرا
ہو مبارک جو بنے کے ہے بندھایا سہرا

صابری اور نظامی جو بر آئی آئے
بولے سب صل علیٰ جی کو ہے بہایا سہرا

ہوگیا وجد فرشتوں کو رقص کرنے لگے
آکے جنت سے جو ہتا حوروں نے گایا سہرا

ایہ تطہیر کا منبری کے جو ہتا سر پہ چہتر
بولے چشتی کہ عجب خوب سہایا سہرا

موتیو نکی ہے عجب پہولونکی لڑیو میں بہار
واہ کس شان سے مالن نے سجایا سہرا

بیٹھ کر چوکے چندن پہ لگایا غازہ
پہن کر کیسری پوشاک لگایا سہرا

میراں شاہ کیا میں کہوں دیکھی جو سہری کی بہار
آکے قوالوں نے مجلس میں جو گایا سہرا

## غزل در حال ریل حسب تناسب بوجود انسانی

جو چڑھو تم ریل پر یارو عجائب یہ سواری ہے
ہی جانا تم نے جس گھر میں وہاں بھی انتظاری ہے

ملا کر خاک باد اور آب و آتش کا بنا انجن
کلا ہے فیض قدرت کا یہ روحکی کہیل ساری ہے

کرلنے کا فکر کرلو یہ سودا نقد بازی ہے
ملیگا وقت جب سر کو تو پہر چلنا بھی بہاری ہے

کھڑا ہی موت کا بابو ٹکٹ ہے بانٹتا سب کو
سمجھ کر آپکو بیٹھو جہاں مرضی تمہاری ہے

ملا جب ٹکٹ بابو سے کھلا گاڑی کا دروازہ
بجی ہے دمبدم گھنٹی غلط غفلت تمہاری ہے

پڑا جب حادثہ کوئی تو چلنے سے رکا انجن
ہوا وسواس شیطانی بھی حق کی دہاری ہے

کہیں کوئی اترتا ہے کہیں چڑھ جاتا ہے کوئی
تولد فوت ہونیکی رسم جگ میں یہ ساری ہے

جب آتش عشق کی بھڑکی دہواں جلکر نکلتا ہے
جگر سے چیخ جب نکلی ہجر کی سانگ بہاری ہے

شریعت کی سڑک باندہی طریقت باڑ کر ساری
ادہر سے تا ادہر چلنے عجب یہ رمز نیاری ہے

حقیقت کی پکڑ جھنڈی ملائک ہاتھ میں لیکر
کھڑے ہیں دست بستہ سب حکم حاکم کا جاری ہے

یہ جو معرفت یارو جسے کہتے ہیں اسٹیشن تو
جلے ہیں لالٹین جسمیں ہر ہر رنگ طاری ہے

جو ہے وہ تار برقی خاص عرفان الٰہی ہے
خبر مشرق سے تا مغرب دیتی عین جاری ہے

جسے تم کہتے ہو سیٹی وہ ہے قرنا اسرافیل
مسافر ہوگئے حاضر گویا وہ کن پکاری ہے

ستون عرش ہے جسکو سکندرہ کہتی ہیں دانا
سوا اسرار آگاہ سے وہاں ہر اک کو بہاری ہے

سپاہی بھی کھڑے ہیں وان جو لیکر ہاتھ میں کنجی
کسی سے نہ محبت نہ مروت اور نہ یاری ہے

ترازو بھی ہے آہن کا جسے ہم عدل کہتے ہیں
ملی ہے جسمیں سب نیکی بدی یارو ہماری ہے

[illegible]

| | |
|---|---|
| ٹکٹ اک دیکھتا اور ایک لے لیتا ہے واں سب سے | یہ سب منکر نکیر انکا چلن قبروں میں جاری ہے |
| عجب قسمت ہے اسکی ہاتھ جسکے پاس ملتا ہے | ولیکن مرشد کامل کے درکا جو بھکاری ہے |
| جسے خواہش ہو ملنے کی چلا جائے وہ اسٹیشن | وصال دل ربا ہو ہونے کی یہ تدبیر کاری ہے |

تو اب چل میراں شاہ جلدی کہ تھوڑے گھنٹے باقی ہیں
ٹکٹ گی ہاتھ میں چٹھی گنہ کا بوجھ بھاری ہے

# تمت

یا اللہ

# کلیات میران شاہ

## حصہ دوم

جسمیں غزلیات و کافیہائے وغیرہ حضرت میران شاہ صاحب جالندری بزبان پنجابی درج ہیں

سنہ ۱۹۱۳

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہی کارن ہیر سیال روپ وٹا کے آیا ہے
شکل نورانی حسن کمال اج تشکینہ آیا ہے

صاحب تخت ہزارے دا مالک عالم سارے دا
ہویا شوق نظارے دا لئے ہکہ وچہ نادبجایا ہے

دیکھو سیو کر غور ذرا ذات ہے اوسدی ذات خدا
آیا تا ہیں پا لیا رب مطلوب ملایا ہے

الف لام کی گل الغی پا مالا ردی قلبی
انگ بہبوت خفی وجلی بہور رنگی بن آیا ہے

سر پر تاج شریعت دا ماتھے تلک طریقت کا
پہن لباس حقیقت دا لاہوتی بن آیا ہے

مکھہ پر گھونگٹ نورانی اندر صورت رحمانی
بن تن روپ فقیرانی آپے لگ حبیب آیا ہے

واہ واہ چشتی پیر کمال ملیا چاک ہوئی خوشحال
میرا انگ سنگ اسدے نال جس ہینوں گل لایا ہے

میر الشاہ ایہہ رمز پچھان گل وچہ نور محمدؐ جان
روز حشر دے امن دامان امت نون بخشا یا ہے

سیو آیا میرا چاک نی میں گھوبی جند جان اوہدی دیکھن نون نت مردی ساں اج کیتا کرم رحمان

جد تخت ہزارے وسداہی
کوئی مول پتا نہ لگداسی
ہن وسدا نام ونشان

تسیں دیکھو ناز ادا ایہن
میں موہی رمزان نال
میں بیٹھا لامکان

سر دھریا تاج لولاکیدا
بن آدم والی ذات
میں جا تا دین ایمان

میں وچہ بیلے نت تولان
آ ماہی ماہی بولان
جدسی مورکھ نادان

ایہہ چلساں نال چلیندا ہے
جان بولان نال بلیندا ہے
تسیں سمجھو نال عرفان

سیو اوستون اسین نیاری
اوہ آپی آپ ہے پیارے
ہر رنگ ہر دم ہر شان

ہن میران شاہ بلہاری
گور چشتی نے میں تاری
اج ہویا وصل دادان

سیو آیا جوگی نی ہزارے والا
اوہدے گل مرگانی کنیں سوہے والا

اوہدے عشق انوکھے جگ دھمان پایان
ہیر سیال سیالین سیو آکھیان لایان

ہن آیا کھیڑین گھر کے بہیس نرالا

سر کران مین صدقے جند گھول گھمادان
میرا چاک قدیمی اوہدا درسن پادان

سرتاج لولاکی مکھہ نور اجالا

سیو چاک پیارے انڈا کیون چر لا یا
ہویان مین بلہاری جنہیں اہین آیا

اج ہویا مینوں اوکھا راہ سکھالا

میرا حاکم جینوں پوجے عالم سارا ‎ ‎ سیو خاص مدینہ جھیڑا تخت ہزارا

مٹیاں ریت اوہدہ دا شتر مجھروی نالا

میراں شاہ چل ویکھاں ہویا کرم رحمانی ‎ ‎ جہدی دو جگ اندر کوئی ہور نہ ثانی

اوہدی کالی ہوری کیتا مات دوشالا
سیو آیا جوگی نی ہزارے والا

سیو چاک میری گھر آیا ‎ ‎ مینوں اجڑی آن بسایا
ماہی تخت ہزارے والا کارن ہیر سیال لے ‎ ‎ کرکے ناز نیاز ہزاراں سے ملکہ ناد بجایا
رانجھا میرا میں رانجھیدی فرق نہیں وچ رائی ‎ ‎ اول آخر ظاہر باطن تون نون آن سمایا
کہیڑے دوئی کرن بکھیڑے ہیر پاون وچ جدایاں ‎ ‎ کن توں اگلی پیت اساڈی ہیں آپی ور پایا
ہیر دے کارن جوگی ہوکے کہیڑیاں نوں مُٹھ دہایا ‎ ‎ ہر گھر دیوچہ رمزاں مارے صورت وچ بھرمایا

میراں شاہ کرلکھہ شکرانہ دلوں بھاگ چنگیرے
ولی محمد رحمت کیتی رانجھن یار ملایا
آیا جوگی پاک جمال جہیندا حسن نورانی

سر صدقے جنداوستوں گھولی عرشوں جنہیں پایا ہیر نگیوں ‎ ‎ میں ڈھڑا دو جگ بھال نی اوہدا ہور نہ ثانی
ویکھو نی کوئی جیون جوگی اوہ ہوسے میرا رانجھا جوگی ‎ ‎ چلاں آپ تساڈی نال نی ویکھاں طلعت جانی
صاحب تخت ہزاریوالا کنیں مندراں گلوچہ مالا ‎ ‎ مالک ہیر سیال نی یا کوئی ہور نشانی
واہ جتی دی بھاگ چنگیری جوگی قدم پایا وچہ وہڑے ‎ ‎ ایہ غوث قطب ابدال نی ہویاں دیکھہ دیوانی
احد تے جد احمد ہویا دیہہ دیدار جگت اس ہیا ‎ ‎ ہتھیں سدی ہور مثال نی وچہ دوہیں جہانی
سمس نشاناں مارن بولی روز ازلدی میں ہیسی گولی ‎ ‎ آیا کرن وصال نی ویکھو پیت پرانی
میرا سداد کھہ سکہہ سیا رانجھا جی ہووے میرا او ہور رانجھا ‎ ‎ میں سر چشماندے نال نی سیواں پیر جیلانی
میراں شاہ چل حال ہیر دے تن من تی سر حاضر کریئے ‎ ‎ ویکھاں میں نیناندے نال نی ہویا فضل رحمانی

سداجند ترے سے ہویار نئیں کے ویکھن نوں

آپی سانوں چینگ لایا پریم جھرو کے بہہ سمجھایا ‎ ‎ دل دا سب اسرار سدا جند ترے سے ہویار
ہجر تیرا دن رات ستاوے تیرے باجھوں کجہ نہ بھاوے ‎ ‎ جانے سب سنسار سدا جند ترے سے ہویار

میں سیالاندی نیم نیکاری مینوں سیوین خلقت ساری
لولاکے سردار سدا جند ترے سے ہویار

حال ولانداسن میاں رانجھا دو جگ اوہ جیہا یا لانجھا کارن درس ویدار سدا جند ترسے ہو یار
میران شاہ نت بھیکھ منادان ہو جوگی دے الکھ جگاوان وچ گھرام دوار سدا جند ترسے ہو یار

میریاں ہون عشقدیاں گلاں ہے بدلے رانجھن دے

ایس عشقدے کھٹن پوارے بڈی ہیری سولی چاہڑے ہور لہایا کھلاں نے بدلے رانجھن دے
ہور کھ رکے کرن بچاران میریاں ہی نال بہاران میں لکھ طعنے سر جھلاں نی بدلے رانجھن دے
عشق ماہیدے دہماں پایاں ہیری سان وانگ سودایاں ہیر ڈھونڈیندی جہلاں نی بدلے رانجھن دے
عشق سوکھا لالوکاں بھانے جس تن وسی سوہی جانے میں گھایل کیتی سلاں نی بدلے رانجھن دے
مدتاں ہویاں چاک آیا بابل ہیرکے کاج رچایا میں آپ ہسے ارچلاں نی بدلے رانجھن دے
اج کوئی دردی پیاول جاوے حال اساڈا جا سناوے میں کیھڑا قاصد گھلاں نی بدلے رانجھن دے
میرانشاہ ہن ایہ دل بھاوے جی ہر صاحب میری ہی ہنچاوے میں دراو سدا جا علساں علاں نی بدلے رانجھن دے

لاکے مین نیناں دے نال مین مٹھیاں چاک پیارے نی

ایسی گھڑی رمز چلائی تن من دی سب سرت بھلائی پایا پریم جنجال میں مٹھیاں چاک پیارے نی
چاک اساڈا ابرم پارادو جگ اندر تارن ہارا نظر دنظر نہال مین مٹھیاں چاک پیارے نی
ایسو ناز و نیاز دکھائے رانجھاں سب گھول گھمائے میں ان کیتی خوشحال مین مٹھیاں چاک پیارے نی
ایسا جرا سگھر سیانا وحدت دا تن لایا بانا ہوہی ہیر سیال مین مٹھیاں چاک پیارے نی
ہے سنگر کارن چاک سدایا میں ہولی تا اسنوں پایا رہیا سرت سنبھال میں مٹھیاں چاک پیارے نی
میران شاہ کرگوردی پوجا جو کجھ سوجھا ہستین دوجا مین پایا ہیر کمال میں مٹھیاں چاک پیارے نی

رمز عشقدی بجھیاں قاضی پڑھ پڑھ ہوناخاں قاضی

علم لدنی علم ہے نیارا باطن والا ایہہ کہیں ہے سارا دو جگ اندر تارن ہارا رانجھا ساڈا ایمان قاضی
رانجھا ساڈا اسا رانجھا سبد ابن مرتیاں حال نہ لبھدا توں ہیں محرم ایس سبب دا سمجھ گورا نتوں گیان قاضی
اول آخر ظاہر و باطن امر اسدی توں ہول ناباہر ہکہ موڑاں تا ہودان کافر شاہد ضامن قرآن قاضی
میرانشاہ میں خوب پچھاتا رانجھا میرا جگ داداتا عشق شرعدا اصول نہ ناتا توکھول نہ اتنی زبان قاضی

نال پیارے اکھیاں نی میریاں لگ رہیاں

ایس عشقدے عجب ہلارے چاک ماہیدے طعنے سارے میں سر جھاں سے رکھیاں نی میریاں لگ رہیاں
ایس عشقدے صفت نکوئی جو کجھ نال اساڈے ہوئی میں ہول کیسے نہ دساں نی میریاں لگ رہیاں

رانجھے نال ازلدا ناتا رب رسول اساں کر جاتا
سو جیلے سو دکھاں سے میریاں لگ رہیاں

نال ماہی دی عجب بہاران ست بہشت مین آہتون وان
چاک ماہی دی پاک دلاسے کفر اسلاموں پڑے پاسے
جان رانجھی توں محرم ہوئی ہر صورت وچہ ہور نہ کوئی
جان ست گور دی پوجا کیتی میران شاہ بہشت پہیتی

ہیڑا دوزخ گہتان نے میریان لگ ہیان
مین کیتے نال ملکان نے میریان لگ ہیان
مین ہون کی پر کہان نے میریان لگ ہیان
میں نال ساتی دیان ہتھان نے میریان لگ ہیان

تخت ہزارے دیا سگھڑ چتر سردارا

پھلان سی توں لک چھپ ہند وچہ پالین ہتھ اپنہ دا
لگڑا عشق ہویا متوالا ہر صورت وچہ نور اُجالا
دل ساڈے نون گنڈیاں پایان ہج چاک دے گھر ہین ماہیان
شور پیا وچہ عالم سارے ہیر دی لگڑے ہین نظارے
مین ہیہیان ہین ناد بجائی جان ہین ویکہان نظر اٹھا کے
ماہی ماہی سب کوئی کردا عشق انوکہا اس دلبر دا
سس نندنت ہنسان لادے عشق رانجھے دا اینہہ بہادی
میران شاہ کیون چاک بہلایا دینا نال کہیہ ہتھون لگایا

آیا لین نظارا تخت ہزاریدیا سگھڑ چتر سردارا
کیتا اینڈ پیارا تخت ہزاریدیا سگھڑ چتر سردارا
ملیا چاک پیارا تخت ہزاریدیا سگھڑ چتر سردارا
کہیڑا اگوں انکارا تخت ہزاریدیا
چمکے عرش ستارا تخت ہزاریدیا
چڑہیا مار نقارا تخت ہزاریدیا
ارسان شکر خدا دا تخت ہزاریدیا
ہتھ دی پکڑ کنارا تخت ہزاریدیا

میں عشق تیرے نے جالی دی سجنان سار لئین

روز ازل دا لوہا مین سائیں دو جگ لوچہ دو وچ جانا ہین
درد دہماندی کر دی جہیڑی ہیر لپار ہی وچہ دہر دے
انہیر جانون نت بر جینہدی نال سئین کل طعنہ دیندی
سن مائی توں ہانگ ہینون اس ماہیدی سار نہ تینون
مرلی ناز نیازان والی آن بجائی ہو کر پالی
ڈہونڈ پہری مین وانگ سیایان ماہی نہ مجہین آیان
سن رانجھا ہین سنگ ہنجن لاکے وے روسا رہیم گواکے
میران شاہ دل میری بہاوے ہیہ پیا جان لبے گل لاوے

سر ساڈے دا والی سجنان سار لئین
سر پور تان ہیالی وے سجنان سار لئین
ہنون لایا سنگ پالی دے سجنان سار لئین
کامل رتبہ عالی دے سجنان سار لئین
مین ہٹہیان ہیر سیالی وے سجنان سار لئین
میں جھت کیتی پڑتالی وے سجنان سار لئین
میں جان چھنہ وچہ جالی وے سجنان سار لئین
مین تا ہو دان خوشحالی وے سجنان سار لئین

میریان لگیان نون نہ موڑ

ہن مائی گل پریم نگر دی بن سر دیتیان گل نہ سری
بابل در کہیڑا یاد انوڑ می جو کوئی ساڈیان لگیان ج دی

اہو عشق تہ ازدور میریان لگیان نون نہ موڑ
اوہو ہنر عدا چہور میریان لگیان نون نہ موڑ

او صاحب میں آپی بر دی ہرم سحبہ اہنون کر دی
ہتھ رانجھن دی ڈور میریان لگیان نون نہ موڑ

روز ازل دی لیان لاوان جے ہکہ ہوڑان دوزخ جاوان
نا ہور گیندی توڑ میریاں لگیاں نوں نہ موڑ

الست کہیا جد ہویا ناتا رب رسول صحیح کر جاتا
ہن کی اکھاں ہو میریاں لگیاں نوں نہ موڑ

کہیڑی کردی کوڑیاں باتاں میریاں وچ حد نہ کہاتاں
نہیں دو ہیدا شور میریاں لگیاں نوں نہ موڑ

میراشان جیہڑا چوچک بھیڑا لوک کرہیدے جھگڑا چھیڑا
توں ہین نیناں نال جوڑ میریاں لگیاں نوں نہ موڑ

توں آویں وے رانجھناں

اوچی چڑھ کے ماراں چاہنگاں ہجر تیریاں سینے سانگاں
درس وکھاویں وے رانجھناں

باطن ہین نیناں نال جوڑیں ظاہر ساتھوں مکھڑا موڑیں
آگل لاویں وے رانجھناں

او گنہاری گن نہیں کوئی نام خدا دی من آ روئے
آگل لاویں وے رانجھناں

